فارسی کا کلاسیکی ادب
کلیاتِ غالب فارسی
جلد اوّل
از
مرزا اسداللہ خاں غالب
مرتبہ
سید مرتضیٰ حسین فاضل لکھنوی
مجلس ترقی ادب ۔ لاہور

فاضل مرتب نے غالب کے فارسی کلام کی مرحلہ بہ مرحلہ ترتیب و اشاعت کا جو سراغ لگایا ہے ، اس کے مطابق سب سے پہلے غالب نے کلکتے میں مولوی سراج الدین احمد کی فرمائش سے ایک دیوان مرتب کیا جس کا مخطوطہ مالک رام صاحب کے پاس موجود ہے ۔ پھر ۱۸۳۴ع میں ''میخانۂ آرزو'' کے نام سے ایک فارسی دیوان مرتب ہوا لیکن اس کا کہیں سراغ نہیں ملتا ، لیکن قیاس چاہتا ہے کہ یہی ''میخانۂ آرزو'' دراصل ''دیوان فارسی'' ہے جو ۱۸۴۵ع میں زیور طبع سے آراستہ ہوا ۔ ۱۸۶۳ع میں کلیات غالب فارسی پہلی مرتبہ شائع ہوا ۔ پھر ۱۸۷۲ع میں دوبارہ شائع ہوا اور ۱۸۹۳ع میں سہ بارہ ۔ مالک رام صاحب نے ۱۹۳۸ع میں اور اورینٹل کالج میگزین نے ۱۹۶۱ع میں بھی غالب کا کلام شائع کیا ۔

زیر نظر کلیات کی ترتیب میں مرتب نے جس محنت اور کاوش سے کام لیا ہے اس کا اندازہ موصوف کے درج ذیل اقتباس سے بخوبی ہوتا ہے :

''میں نے اپنی ترتیب جدید میں ان سب کتابوں کو سامنے رکھا ہے اور سب کے زوائد کلیات میں لیے ، پھر ان معاصر نسخوں کے بعد متفرقات غالب تالیف مسعود حسین صاحب ادیب ، آثار غالب تالیف جناب قاضی عبدالودود صاحب ، غالب تالیف جناب مہر اور دوسرے مقالات و مضامین ، معاصر اخبارات و رسائل کی چھان بین کی ۔

''غالب کے کلام فارسی کی متداول ترتیب کے ساتھ دوری ترتیب بھی ہو گئی ہے ، یعنی ۱۸۲۳ع ببعد سے ۱۸۴۵ع تک کا کلام پہلے ، ۱۸۴۵ع سے ۱۸۶۳ع تک کا کلام اس کے بعد ، ۱۸۶۳ع سے ۱۸۶۹ع تک کا کلام اس کے بعد ۔ قصائد میں غزلیات ، غزلیات میں رباعیات کی زحمت سے بچانے کے لیے ہر صنف کو اسی کے ساتھ رکھا ہے ۔ حاشیے میں قابل ذکر بات عرض کر دی ہے ۔

کلیات غالب فارسی (جلد اول)

*

طبع اول : جون ۱۹۶۷ء

تعداد ۲۱۰۰

ناشر : سید امتیاز علی تاج، ستارۂ امتیاز
ناظم مجلس ترقیِ ادب، لاہور

مطبع : محمود پرنٹنگ پریس گلبرگ، لاہور

مہتمم : سید محمود شاہ

تصاویر و سرورق : مطبع عالیہ لاہور

قیمت جلد اول : روپے

بعونِ صناعِ مکین و مکان بفضلِ خلاقِ زمین و زمان
۱
فارسی کا کلاسیکی ادب
کُلّیاتِ غالب فارسی
(جلد اول)
مرتبہ:
سید مرتضیٰ حسین فاضل لکھنوی
ناشر
مجلسِ ترقیِ ادب
۲- نرسنگھ داس گارڈن
کلب روڈ
لاہور

فہرست

صفحه

(مندرجات دیوان طبع اول دهلی)

تعداد اشعار صفحه

(شامل کلیات طبع لکھنو)

(تهنیت عطای ملک ، رام پوری) :

تعداد اشعار صفحه

(بعد ١٨٦٣ ع)

تعداد اشعار صفحه

(زائد از کلیات)

قطعات:

———

عکس شبیہ چاپ اول لکھنو

پیش گفت

از

مرتضیٰ حسین فاضل

خاندان :

امیر خسرو سے غالب تک بر صغیر پاک و ھند میں سینکڑوں شاعروں نے فارسی میں طبع آزمائی کی اور دادِ سخن لی ، مگر شہرت و مقبولیت کی جو سند خسرو نے پائی ، وہ کسی کے حصے میں نہ آئی ۔ وسطی عہد مغل میں بیدل پیدا ھوئے جن کا نام کابل و قندھار پہنچا اور مدتوں ارباب ذوق پر رنگ بیدل غالب رھا ۔ مغل دربار کے آخری تاجدار نے جاہ و جلال ، مال و منال میں صرف قلعۂ معلیٰ ھی پایا تھا ، اس لیے عرفی و ظہوری جیسوں کی پرورش کہاں ھو سکتی تھی اور ابوالفضل و صائب جیسے باکمال کیسے پیش کیے جاسکتے تھے ۔ ھاں حسن اتفاق سے جس طرح ایران کے تیموریوں میں سلطان حسین بایقرا (۸۷۲ھ - ۱۴۶۷ع تا ۹۱۲ھ - ۱۵۰۶ع) نے عبدالرحمان جامی جیسا گلِ سرسبد پا لیا ، تقریباً اسی طرح برصغیر کے تیموریوں میں بہادر شاہ ظفر (۱۲۵۰ھ - ۱۸۳۵ع تا ۱۲۷۳ھ - ۱۸۵۷ع) کے دربار میں نجم الدولہ دبیر الملک نواب مرزا اسداللہ خاں بہادر نظام جنگ ، غالب نظر آتے ھیں ۔

بر صغیر کے مشترک ثقافتی عہد میں غالب شعر و ادب کے حرف آخر قرار پائے اسی لیے ان کا نام اور کام یادگار ھے ۔ گو اپنے خیال کے مطابق غالب کچھ اور بننا چاھتے تھے ، انھیں خانخاناں ، ابوالفضل اور فیضی پر رشک تھا ۔ سپاھی زادہ و نواب ھونے کی بنا پر کسی بڑی ''دستگاہ'' کی تمنا تھی :

ما نبودیم بدین مرتبہ راضی غالب
شعر خود خواھشِ آن کرد کہ گردد فنِ ما

غالب نے اُردو نظم و نثر میں جو کچھ لکھا اسے شہرت عام و بقاے دوام حاصل ہے - فارسی میں پنج آہنگ ، مہر نیمروز ، دستنبوی (کلیات نثر)، قاطع برہان ، درفش کاویانی ، کلیات نظم ، مثنوی ابر گہربار ، سبد چین ، سبد باغ دودر کی طباعت و اشاعت تو ہوئی مگر اجنبی حکومت اور حریف قوموں کی سیاست نے اسلامی علوم و السنہ کے خلاف جو مہم شروع کی ، اُس کے نتیجے میں فارسی سے شغف کم ہوتا چلا گیا - فارسی کے شعر آج بھی روزمرہ میں استعمال ہوتے ہیں مگر ان شاعروں کے نام اور کام سے واقفیت حاصل کرنے کا شوق نہیں -

مرزا محمد اسداللہ بیگ کے اجداد قفقاز و سمرقند سے تعلق رکھتے تھے - کلیات میں ہے :

غالب از خاک پاک تورانیم لاجرم در نسب فره مندیم
ترک زادیم در نژاد همی بسترگان قوم پیوندیم
ایبکیم از جماعهٔ اتراک در تمامی ز ماه ده چندیم
فن آبای ما کشاورزیست مرزبان زادهٔ سمرقندیم

یہ سلجوقی بلکہ افراسیابی اور پشنگی (بقول غالب) دشت خفچاق سے ہوتے ہوئے سمرقند پہنچے اور ترسم خان سمرقندی کے فرزند قوقان بیگ وطن چھوڑ کر لاہور آ گئے - دہلی میں ذوالفقار الدولہ نجف خان صفوی[1] مختار عام شاہ عالم بادشاہ دہلی کے نام کا ڈنکا بج رہا تھا - لاہور کی سیاسی افراتفری کی وجہ سے قوقان بیگ دہلی آ کر نواب ذوالفقار الدولہ نجف خان بہادر سے وابستہ ہو گئے - مرزا غالب کے والد عبداللہ بیگ[2] اور چچا نصر اللہ بیگ کی ولادت دہلی میں ہوئی -

---

۱- نجف خان نے شاہ عالم کے آخری دور کو اپنی بہادری اور حسن سیاست سے بڑی تقویت پہنچائی - ان کی وفات ۱۱۹۶ھ/۱۷۸۲ع میں ہوئی -
۲- کلیات نثر ، صفحہ ۱۵۴ -

'مہر نیمروز'[1] میں لکھتے ھیں :

''و در دفتر سپہبد شاہ ، ذوالفقار الدولہ میرزا نجف خان توقیع نوکری شاھش نوشتند و بر پرگنہ پھاسو برات روزی وی و سپاھش نوشتند ۔''

قوقان بیگ کے بعد عبداللہ بیگ اور نصر اللہ بیگ فوجی ملازمت سے منسلک ھوگئے ۔ عبداللہ بیگ پہلے نواب آصف الدولہ مرحوم (متوفی ۱۲۱۲ھ ـ ۱۷۹۷ع) ، پھر نظام علی خان آصف جاہ ثانی (زمانۂ[2] حکومت ۱۱۷۵ھ تا ۱۲۱۸ھ) کی فوج میں ملازم ھوئے ۔ لیکن کچھ دنوں بعد راجا بختاور سنگھ والیِ الور کے لشکر میں آ گئے اور:

''چون[3] پنجسال از عمر من گذشت ، پدر از سرم سایہ برگرفت ۔ عم من نصراللہ بیگ خان چون خواست کہ مرا بناز پرورد ، مرگش فراز آمد ، کما بیش پنج سال پس از گذشتن برادر پئی مہین برادر برداشت و مرا درین خرابہ جا تنہا گذاشت ۔ و این حادثہ کہ مرا نشانۂ جانگدازی و گردوں را کمینہ بازی بود ، در سال ھزار و ھشتصد و شش عیسوی بہنگام ھنگامۂ لشکر آرائی و کشور کشائیِ صمصام الدولہ جرنیل لارڈ کیننگ صاحب بہادر بروی کار آمد ۔''

راجا شیودھان سنگھ کی تعریف[4] کرتے ھوئے اپنے والد کی

۱- مہر نیمروز ، مشمولہ کلیات نثر ، صفحہ ۲۶۷ ۔

۲- غالب اور حیدر آباد : نصیرالدین ھاشمی ، نقوش لاھور ، صفحہ ۱۵۹ (خاص نمبر) ۔

۳- کلیات نثر ، صفحہ ۱۵۴ ۔

۴- زیر نظر کلیات میں صفحہ ۲۸۹ پر کیننگ کے نام قصیدے میں بھی اس بات سے فائدہ اٹھانے کی کوشش کی ھے :

بکودکی شدہ ام ریزہ چین خوان نوال
نہالم از ثمر پیش رس ببار آمد

خدمت گذاری اور رحلت کا بھی ذکر کیا ہے :

زان پس که گشت گوهر من در جهان یتیم
زان پس که کشته شد پدر من بکارزار
کافی بود مشاهده ، شاهد ضرور نیست
در خاک راج گڑھ پدرم را بود مزار
در پنج سالگی شده‌ام چاکر حضور
رنگین سخن طرازم و دیرین وظیفه خوار[1]

۱۲۱۷ھ - ۱۸۰۲ع میں والد کا انتقال ھوا اور چچا نے انھیں اپنی سرپرستی میں لے لیا - ۱۲۲۱ھ — ۱۸۰۶ع میں چچا بھی میدان جنگ میں کام آئے - راجا الور نے عبداللہ بیگ کی اولاد کے لیے کچھ وظیفہ اور کچھ زمین عطا کی تھی - چچا کے مرنے پر انگریزوں نے یتیم بھتیجوں اور متعلقین کے لیے پنشن مقرر کر دی جو تھوڑی بہت مقدار میں کسی نہ کسی طرح مرزا کو ملتی رھی - ۱۸۵۷ع کے ھنگامے میں جب پنشن ضبط ھوئی تو غالب نے اپنی خاندانی خدمات ِ سپہ گری و جاں‌نثاری جتاتے ھوئے انگریزی حکومت سے دوبارہ اجرائے وظیفہ کا مطالبہ کیا - اسی سلسلے میں لارڈ کیننگ کو ۲۴-دسمبر ۱۸۶۰ع ، یعنی بڑے دن کے موقع پر قصیدے میں لکھا :

ز بندگان شہنشه من آن کسم که مرا
دعا طراز کلام و وفا شعار آمد
بکودکی شده ام ریزه چین خوان نوال
نہالم از ثمر پیش رس ببار آمد[2]

۱- زیر نظر کلیات ، جلد ۲ ، صفحہ ۳۴۶—یہ قصیدہ ۱۸۶۰ع میں لکھا ہے -
۲- زیر نظر کلیات ، جلد ۲ ، صفحہ ۲۹۲ -

غالب کی ولادت :

''بوقت[۱] شب چہار گھڑی پیش از طلوع صبح، روز یکشنبہ ہشتم رجب ۱۲۱۲ھ'' مطابق ۲۷ - دسمبر ۱۷۹۷ع آگرے میں مرزا غالب پیدا ہوئے۔

کلیات کے نویں[۲] قصیدے میں مرزا صاحب نے اپنا زائچۂ ولادت نظم کر دیا ہے - ان کا خیال ہے کہ روز ازل ہی سے ان کی قسمت میں چکر اور ان کے نصیبے میں پھیر تھے :

مگوی زائچہ کاین نسخہ ایست از اسقام
مگوی زائچہ کاین جامعیست از اضداد

کلیات کے خاتمے[۳] میں ایک جگہ مرزا صاحب نے تاریخ ولادت لکھی ہے جسے مذکورہ قصیدے کا خلاصہ کہہ لیجیے یا مرزا کی نفسیاتی زندگی اور فکری الجھنوں کا آئینہ :

غالب چو ز ناسازی فرجام نصیب
هم بیم عدو دارم و هم ذوق حبیب
تاریخ ولادت من از عالم قدس
هم ''شورش شوق'' آمد و هم لفظ ''غریب''

۱۲۱۲ھ ۱۲۱۲ھ

مرزا غالب کی والدہ عزت النساء بیگم صاحبہ آگرے کے رئیس اور سرکار میرٹھ کے ایک فوجی افسر مرزا غلام حسین خان کمیدان کی صاحب زادی تھیں۔ پیپل منڈی آگرے میں ''کلاں محل'' نامی محل سرا ان ہی کی تھی - غالب نے اپنی زندگی کے بہترین دن یہیں

۱، ۲- زائچہ متعلق بہ قصیدہ ''در منقبت جگر گوشۂ رسول کونینؐ سیدالشہدا'' جلد دوم، صفحہ ۵۴ -

۳- دیوان فارسی، طبع دهلی، صفحہ ۵۰۴، ۵۰۵ -

گزارے ۔ والد کی رحلت اور چچا کے انتقال کے بعد نانا ، نانی نے ان کی ناز برداریاں کیں ۔

غالب نے آگرے میں تعلیم حاصل کی ۔ خیال ہے کہ الف بے اور قرآن مجید جیسے ابتدائی مدارج گھر پر کسی استاد کی مدد سے اپنے نانا یا والدۂ ماجدہ کی نگرانی میں طے کیے ۔ پھر مولوی محمد معظم[1] اور دوسرے اساتذہ سے درس لیا ۔ خود غالب اپنی عربیت کے بارے میں کہتے ہیں :

''میں نے ایام دبستان نشینی میں ''شرح مأة عامل'' تک پڑھا ۔ بعد اس کے لہو و لعب اور آگے بڑھ کر فسق و فجور میں منہمک[2] ہو گیا ۔''

تفتہ کے نام خط میں ہے :

''میں عربی کا عالم نہیں مگر نرا جاہل بھی نہیں ۔ بس اتنی بات ہے کہ اس زبان کے لغات کا محقق نہیں ہوں[3] ۔''

اور دیباچۂ کلیات میں لکھا ہے:

''شخص استعداد مرا پیرایۂ نازش فضلی و تشریف وجود مرا سرمایۂ برازش کمالی نیست ۔ نہ ترانۂ صرف و اشتقاقم بر لب است و نہ زمزمۂ سلب و ایجابم بزبان ۔ نہ خون صراحم بگردن است و نہ نعش قاموسم بردوش ، نہ آبلہ پای جادہ صنائعم و نہ گوہر آمای رشتۂ بدایع[4] ۔''

۱۔ پنج آہنگ میں ''میراعظم علی مدرس مدرسۂ اکبر آباد'' کے نام بڑا عاجزانہ و با احترام خط ہے ۔ ممکن ہے کہ مرزا صاحب کے استاد ہوں (کلیات صفحہ ۱۰۲)

۲۔ خطوط غالب ، جلد ۱ ، صفحہ ۸۲ ۔

۳۔ غالب ، ۲۸ ، بحوالہ دیباچہ دیوان غالب اردو ۔

۴۔ کلیات طبع ہذا ، جلد اول ، صفحہ ۱۰۷ ۔

فارسی میں کمال:

یوں تو پورے ملک میں فارسی ، علمی زبان اور شرفاء کا طرۂ امتیاز تھی لیکن تازہ وارد ایرانی خاندانوں میں تو گھر کی بات چیت بھی فارسی ھی میں ھوتی تھی - مرزا غلام حسین کمیدان کے بارے میں ابھی تک یہ معلوم نہیں ھو سکا کہ وہ ایرانی تھے یا تورانی ، یا مدتوں سے یہیں کے رھنے والے تھے - ھاں عبد اللہ بیگ کے بارے میں قطعی طور سے کہا جا سکتا ھے کہ سمرقند و بخارا کی زبان کے علاوہ اگر کوئی زبان بلاتکلف بول سکتے ھوں گے تو وہ فارسی ھوگی - مرزا غالب نے فارسی ھی کے میٹھے بول سن کر بولنا سیکھا - ھوش سنبھالا تو محسوس کیا :

''فارسی میں مبداء فیاض سے مجھے وہ دست گاہ ملی ھے کہ اس زبان کے قواعد و ضوابط میرے ضمیر میں اس طرح جاگزین ھیں جیسے فولاد میں جوھر -'' (خطوط غالب ، جلد ۱ ، صفحہ ۸۳)

دیباچۂ کلیات میں اپنی عربی دانی کا ذکر لکھنے کے بعد فرماتے ھیں :

'' کباب گرمی آتش بی دود پارسیم و خراب تلخی بادۂ پرزور مغی ۱ -''

''قاطع برھان'' طبع اول صفحہ ۷ پر اس ذوق کی تاریخ اور اس رجحان کا پس منظر یہ لکھا ھے :

''شت ھرمزد نام پارسی نژاد فرزانۂ بود از تخمۂ ساسانیان - پس از گرد آوردن دانش، کیش اسلام گزیدہ و خود را عبدالصمد نامیدہ در سال یکہزار و دویست وبست و شش ھجری بطریق سیاحت بہند آمدہ و بہ اکبر آباد کہ پیکر پذیرفتن وخرد آموختن من ھمدران شھر خجستہ بہر بودہ است ، دو سال بکلبۂ احزان من آسودہ است و من آئین معنی آفرینی و کیش یگانہ بینی

۱- دیباچہ کلیات طبع ھذا ، جلد ۱ ، صفحہ ۱۰۷ — 'مغی' اس طرح چھپا ھے کہ ''معنی'' پڑھا جاتا ھے - تصحیح فرمالیں -

ازوی فرا گرفته ام ۔''

ایک خط میں اسی بات کو یوں نقل کیا ہے :

''بدوِ فطرت سے میری طبیعت کو زبان فارسی سے ایک لگاؤ تھا ۔ چاہتا تھا کہ فرہنگوں سے بڑھ کر کوئی ماخذ مجھ کو ملے ۔ بارے مراد بر آئی اور اکابر پارس میں سے ایک بزرگ یہاں وارد ہوا اور اکبر آباد میں فقیر کے مکان پر دو برس رہا اور میں نے اس سے حقائق و دقائق زبان پارسی کے معلوم کیے ۔ اب مجھے اس امر خاص میں نفس مطمئنہ حاصل ہے[1] ۔''

۱۲۲۶ھ — ۱۸۱۱ع میں مرزا غالب کی عمر چودہ سال کی تھی ۔ شادی ہوئے سال سوا سال گزرا ہوگا ۔ انھی دنوں ایک ایرانی[2] سے فیض پانے کا موقع مل گیا جس سے ذہن کا سونا کندن بن گیا ۔

شاعری کا آغاز :

ذوق سخن سنجی اور طبع رسا خداداد انعام ہے ۔ غالب اس نعمت سے فیض یاب اور اس احسان خداوندی سے سرفراز تھے ۔ نو دس برس کی عمر میں گنگنانا اور گیارہ بارہ برس کے سن میں شعر لکھنا ہر شخص کے بس کی بات نہیں ۔ مرزا صاحب نے اپنی شاعرانہ

۱- مکاتیب غالب ، طبع ۱۹۴۹ع ، صفحہ ۶۰ ۔ مکتوب بنام نواب خلد آشیاں یوسف علی خان صاحب ۔

۲- مولانا حالی نے 'یادگار غالب' میں ایک روایت نقل کی ہے جس سے خیال ہوتا ہے کہ ملا عبدالصمد ایک فرضی نام تھا ۔ میرے خیال میں اس شخص کو بالکل فرضی شخصیت ماننا مشکل ہے ۔ رہا ''بے استاد'' کہلانا اور اس سے بچاؤ تو آخر شعر و شاعری میں بھی تو بےاستادے ہی تھے ۔ اس سلسلے میں مالک رام صاحب اور عبدالودود صاحب اور دوسرے محققین نے بہت بحثیں کی ہیں جن کے اعادے کا یہ موقع نہیں ہے ۔

صلاحیتوں کا متعدد مرتبہ ذکر کیا ہے؛ مثلاً سلطان محمد میسوری کو لکھتے ہیں :

(الف) ''روشن ترک این کہ در دہ سالگی آثار موزونی طبع پیدائی گرفت ، تا لختی سرمایۂ دید و دانست فراز آمد ۔ زبان انداز گزارش وکلک آیین نگارش یافت[1] ۔''

(کلیات نثر، صفحہ ۹۳۶)

کلیات فارسی کے خاتمے مکتوبہ ۱۲۵۳ھ میں تحریر کیا ہے :

(ب) ''از روزی کہ شمارۂ سنین عمر از احاد فرا ترک رفت ، و رشتۂ حساب زحمت یازدهمین گرہ بخود بر گرفت ، اندیشہ در روارو گام فراخ برداشت ، وکریوہ و مغاک بادیۂ سخن پیمودن آغاز نہاد ۔''

(کلیات طبع اول صفحہ ۵۵۳ ببعد ۔ دیوان طبع دهلی، صفحہ ۴۰۵)

۱۸۵۷ع میں قدر بلگرامی کو لکھا ہے :

(ج) ''بارہ برس کی عمر سے کاغذ ، نظم و نثر میں مانند اپنے نامۂ اعمال کے سیاہ کر رہا ہوں ۔''

(خطوط غالب ، طبع الہباد ، مکتوب بنام قدر ، فروری ۱۸۵۷ع)

قدر بلگرامی هی کو لکھتے ہیں :

(د) ''قبلہ! ابتدائے فکر سخن میں بیدل و اسیر و شوکت کی طرز پر ریختہ لکھتا تھا ۔ چنانچہ ایک غزل کا مقطع یہ تھا :

طرز بیدل میں ریختہ لکھنا اسد اللہ خاں قیامت ہے

۱۵ برس کی عمر سے ۲۵ برس کی عمر تک مضامین خیالی لکھا کیا ۔ دس برس میں بڑا دیوان جمع هو گیا ۔ آخر جب تمیز آئی تو اس دیوان کو دور کیا ، اوراق یک قلم

۱۔ یہ خط 'پنج آهنگ' طبع اول و دوم دهلی میں نہیں ہے ۔ 'پنج آهنگ' مشمولہ کلیات میں ہے ۔

چاک کیے، دس پندرہ شعر واسطے نمونے کے دیوان حال میں رہنے دیے۔''
(عود ہندی، طبع اول میرٹھ، صفحہ ۱۰۹۔ عود ہندی طبع مجلس ترقی ادب، مرتبہ راقم، صفحہ ۳۹۰)

آخر میں یہ کہہ کر بات ختم کر دی :

(٥) ''حضرت! فقیر نے شعر کہنے سے توبہ کی ہے، اصلاح دینے سے توبہ کی ہے، شعر سننا تو ممکن ہی نہیں - بہرا ہوں، شعر دیکھنے سے نفرت ہے - پچھتر برس کی عمر، پندرہ برس کی عمر سے شعر کہتا ہوں۔ ساٹھ سال بکا۔ نہ مدح کا صلہ ملا نہ غزل کی داد۔ [۱]''

ان بیانات سے معلوم ہوا کہ :

۱ - دس گیارہ برس کی عمر میں شاعری شروع کی (۱۲۲۲ھ مطابق ۱۸۰۷ع - ۱۲۲۴ھ مطابق ۱۸۰۹ع)

۲ - چودہ پندرہ برس کے سن میں یہ شوق فن کی منزلوں میں داخل ہوا (۱۲۲۷ھ مطابق ۱۸۱۲ع)

۳ - پچیس برس میں یہ دور ختم کر دیا (۱۲۳۷ھ مطابق ۱۸۲۱ع)

۴ - نسخۂ حمیدیہ ٥ - صفر ۱۲۳۷ھ مطابق یکم نومبر ۱۸۴۱ع کا مکتوبہ ہے - گویا مرزا غالب نے آردو سے توجہ ہٹا لی - شاید انھی دنوں تخلص بھی بدل لیا ہو -

فارسی شعر گوئی :

مرزا غالب کی کتابوں کا مطالعہ بتاتا ہے کہ انھیں ابتدا ہی سے بیدل، ظہوری سے دلچسپی تھی - وہ بیس پچیس برس تک آردو میں شعر کہتے رہے - آس زمانے کا جو ذخیرہ دستیاب ہو سکا ہے،

۱- خطوط، جلد ۱، صفحہ ۱۷۷ -

اس سے ثابت ہے کہ مرزا صاحب کو فارسی پر عبور ہے ۔ وہ مشکلات فن اور دشوار پسند شاعروں کو سمجھ بھی سکتے ہیں اور ان کے طرز میں کامیاب پیش کش تیار کرنے پر بھی قادر ہیں ۔ انھوں نے اس اسلوب میں آردو شاعری کر کے بڑی حد تک ناپسندیدگی کا سامنا کیا ، لہذا کوئی بعید نہیں کہ جس خود اعتمادی اور ذوق برتر پسندی نے دبی قوتوں کو ابھارا ہو اور وہ صرف فارسی میں شعر کہنے لگے ہوں ۔ اب تک ان کا تخلص اسد تھا[۱] مگر اس خیال کے آتے ہی شرکت تخلص سے بھی ہاتھ اٹھایا ۔ مولانا حالی فرماتے ہیں کہ :

"انھوں نے جیسا کہ اپنے فارسی دیوان کے خاتمے میں تصریح کی ہے ، گیارہ برس کی عمر میں شعر کہنا شروع کر دیا تھا ۔"
(یادگار غالب ، طبع دوم ، صفحہ ۹۷)

اگر یہ روایت صحیح ہے اور سردست اس کی تردید مشکل ہے ، تو اس کا ماحصل یہ ہوگا کہ غالب گیارہ بارہ نہ سہی ، چودہ پندرہ برس کی عمر سے ظہوری کے طرز و کلام سے استفادہ کرنے اور فارسی میں شعر کہنے کے قابل ہو چکے تھے ۔ اس روایت کے علاوہ ہمارے پاس کوئی شہادت ایسی نہیں جس کی بنا پر ہم غالب کے ابتدائی فارسی کلام کا سراغ لگا سکیں ۔ ہاں نسخۂ حمیدیہ میں ایک قطعہ درج تھا جو طبع اول آگرہ کے صفحہ ۲۸۹ پر چھپ چکا ہے ۔ یہ قطعہ دیوان فارسی طبع اول دہلی اور کلیات طبع اول لکھنو میں بھی موجود ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ فارسی کلام میں سب سے قدیم شعر یہی ہیں جو مرزا غالب نے لکھے، کیونکہ تقریباً یہ مانا جا چکا ہے کہ غالب نے اپنا پہلا باقاعدہ دیوان وہی مرتب کیا

۱- اس زمانے میں میر امانی اسد ایک شاعر گزرے ہیں ۔

جو ۱۲۳۷ھ مطابق ۱۸۲۱ع کا مخطوطہ بھوپال سے ملا ، اس میں یہ قطعہ موجود ہے :

بہر ترویج جناب والی یوم الحساب
ضامن تعمیر شارستان دلہای خراب

غالب کہہ چکے ہیں کہ پچیس برس کی عمر میں ''دیوان آردو کو دور کیا ، اوراق یک قلم چاک کیے'' یعنی اب آردو چھوڑ کر فارسی کی طرف مائل ہوئے ۔

''فاتحہ'' کا قطعہ جسے محترم امتیاز علی عرشی صاحب[1] اور مصحح ''نسخۂ حمیدیہ'' کی نقل کے مطابق پہلا قصیدہ (ورق ۴ پر ختم ہوتا ہے) لکھا گیا ہے ، دیوان میں اس قدر کاٹ چھانٹ کے بعد داخل کیا گیا جس سے گمان ہوتا ہے کہ قطعے کے ساٹھ شعر بالکل ابتدائی مشق کا نمونہ تھے ۔ مرزا نے ان میں سے تھوڑے سے شعر لیےاور انھیں بھی بڑی تبدیلیوں کے ساتھ شریک اشاعت کیا ۔ باقی شعر چھوڑ دیے ۔

غالباً ۱۲۳۷ھ مطابق ۱۸۲۱ع سے ۱۲۴۱ھ مطابق ۱۸۲۵ع تک غالب کے افکار و آلام بڑھتے گئے ۔ گھریلو الجھنیں ، آمدنی و خرچ کا عدم توازن ، سسرال میں نوا بی کے ٹھاٹھ اور ان کی گانٹھ گرہ میں کوڑی نہ تھی ۔ انگریزی حکومت سے جو پنشن مقرر ہوئی تھی وہ بھی سسرال والے دیتے تھے ۔ غرض مرزا گھبرا کر گھر سے نکلے (غالباً محرم ۱۲۴۲ھ مطابق اگست ۱۸۲۶ع میں یہ سفر شروع ہوا) ان کا خیال تھا کہ کلکتہ میں دعوی دائر کریں گے اور لگے ہاتھوں کمپنی کے سربراہوں کے ذریعے حکومت برطانیہ سے ''ملک الشعرائی'' جیسا کوئی خطاب حاصل کر لیں گے ۔ دہلی سے کلکتہ جاتے ہوئے لکھنو بھی پڑتا تھا ، سوچا کہ چلو وہاں بھی قسمت آزمائی کریں ۔ ممکن ہے دربار اودھ

۱- دیباچۂ دیوان غالب ، صفحہ ۷۶ ، طبع انجمن ترقی اردو ہند ، دہلی ۔

سے کچھ مل جائے - لکھنو پہنچے تو یہاں بادشاہ اور آغا میر کے لیے جو مدحیہ خامہ فرسائی کی ، وہ فارسی ہی میں تھی - لکھنو میں پانچ مہینے ٹھہر کر مشاعروں میں شریک ہوئے - ممکن ہے کہ فارسی شعر پڑھے اور سنے ہوں - اس زمانے میں لکھنو فارسی کا دبستان تھا - ایرانی اور ہندوستانی افاضل کے مجمعوں میں بحث و مذاکرات بھی ہوئے ہوں گے - تقریباً پانچ ماہ بعد یہاں سے کلکتے کے لیے چلے اور اله آباد ، بنارس ، عظیم آباد جیسے شہروں میں ٹھہرتے ہوئے کلکتہ پہنچے (۴ شعبان ۱۲۴۳ھ مطابق ۱۹ فروری ۱۸۲۸ع — ذکر غالب صفحہ ۵۷) فورٹ ولیم کالج اب مدرسۂ عالیہ تھا - مدرسۂ عالیہ کے اہتمام سے انگریزی مہینے کی پہلی اتوار کو مشاعرہ ہوا کرتا تھا - مرزا نے بھی مشاعرے میں شریک ہو کر ہمام تبریزی کی زمین میں یہ غزل پیش کی:

تا کیم دود شکایت ز بیان برخیزد
بزن آتش که شنیدن ز میان برخیزد

(دیکھیے 'عود ہندی' بترتیب راقم ، طبع مجلس صفحہ ۱۴ - کلیات غالب طبع ہذا ، جلد ۳ - ذکر غالب ، **صفحہ ۶۳**) -

"پانچ ہزار آدمی فراہم تھے" اور مرزا پر اعتراضات کی بھرمار تھی - بات بڑھی اور پارٹیاں بن گئیں - یہاں کی بحثوں میں انھیں ایرانی ادیبوں اور تحریکوں کا علم ہوا - کلکتہ کے افاضل و ادبا سے مذاکرات کا موقع ملا جس سے ان کی طبیعت کندن ہو گئی اور فطری صلاحیتوں کو چار چاند لگ گئے - مباحثات اور علمی مسائل کی الجھنوں کے ساتھ دماغی تکلیف ، یعنی مقدمے کی ناکامی اور مقصد پورا نہ ہونے کے تصور سے وہ گھبرا گئے - انھوں نے دعا ، خوشامد اور درخواستوں کا سلسلہ شروع کر دیا مگر کچھ نہ ہوا - آخر وطن کے لیے رخت سفر باندھا اور اتوار کے دن

٢ جمادی الثانیه ١٢٤٥ھ مطابق ٢٩ نومبر ١٨٢٨ع کو دھلی پہنچ گئے مگر عالم یہ تھا :

قمر در عقرب و غالب به دهلی
سمندر در شط و ماهی در آتش

غالب کی فکر اور فن پر کلکتے کا بڑا اثر ھے - وہ اپنے ایک خط میں لکھتے ھیں :

"من و خدا که اگر متاهل نبودمی و طوق ناموس عیال بگردن نداشتمی ، دامن برهرچه هست افشاندمی و خود را دران بقعه رساندمی -" (کلیات نثر ، صفحه ١٣٦)

ھمارے لیے یہ سفر ایک سوغات کا پیش خیمہ ثابت ھوا ، یعنی غالب نے اس سفر میں عرفی و نظیری کی یاد تازہ کر دی - اتنے عمدہ قصیدے لکھے کہ پھر ان کا جواب نہ دیا جا سکا - ایسی اچھی مثنویاں نظم کیں جو ظہوری و بیدل و غنیمت کو فراموش کرنے کا سبب قرار پائیں -

ترتیبِ کلامِ فارسی کا پہلا مرحلہ :

کلکتے میں مولوی سراج الدین احمد کی فرمایش سے غالب نے ایک دیوان مرتب کیا جس کے دیباچے میں لکھا :

"چون در آغاز خار خار جگر کاوی شوقم همه صرف نگارش اشعار اردو زبان بود ، در مسلک این تحریر نیز همان جاده گذارده و همان راه سپرده شد - هر آئینه این چمنستان را دودر بروی هم کشودم - نخستین در را باشعار هندی بگوهر آمودم - دومین در چون آغوش شوق بروی پارسیان وا ست و نام این صحیفه بزبان ادا شناسان—گل رعنا—" (کلیات نثر ، صفحه ٥٩)

عرشی صاحب فرماتے ھیں :

"اس کا ایک مخطوطہ محبی مالک رام صاحب کو دست یاب

ہوا ہے۔ وہی میرے پیش نظر ہے۔ اس کا ناپ ۲ / ۹۱ × ۶ ہے۔ مسطر تیرہ سطری ہے ۔ کاغذ ولایتی باریک اور سفید ہے ۔ خط معمولی نستعلیق ہے ۔ متن کی روشنائی کالی ہے۔ تخلص شنجرف سے لکھا گیا ہے۔ جدولیں نیلی اور شنجرفی ہیں۔ کہیں کہیں کرم خوردگی کے نشان بھی پائے جاتے ہیں۔ گل رعنا میں پہلی مرتبہ فارسی کلام مرتب شکل میں ظہور پذیر ہوا۔

ترتیبِ کلامِ فارسی کی دوسری منزل:

کلکتے سے واپس آکر غالب کے لیے دہلی میں زندگی دوبھر ہو گئی۔ سسرالی جھگڑے، مقدمے کے قرضے، دوستوں کی بے رخی سے گھبرا کر شعر و شاعری سے دل بہلانے لگتے تھے۔ علی بخش خان کہتے ہیں:

''در آغاز سال یک ہزار و دو صد و پنجاہ و یک ہجری شمس الدین خان را بقضای آسمانی آن پیش آمد کہ ہیچ آفریدہ مبیناد و آں خود از غایت شہرت بشرح احتیاج ندارد و بعد آن ہنگامہ ہمدران ہنگام از جیپور بدہلی رسیدم وکاشانۂ برادر والا شان وآموزگار مہربان مولانا غالب زاد افضالہ فرود آمدم ۔ دراں ایام دیوان فیض عنوان کہ مسمی بہ 'میخانۂ آرزو'، سر انجام است، تازہ فراہم آمدہ و پیرایۂ اتمام پوشیدہ بود۔'' (کلیات نثر پنج آہنگ، صفحہ ۳)

۱۰- جمادی الثانی ۱۲۵۱ھ مطابق ۸ اکتوبر ۱۸۳۵ع جمعرات کے دن نواب صاحب کو پھانسی دی ہے (ذکر غالب، صفحہ ۷۵)۔ علی بخش خان اسی سلسلے میں جے پور سے دہلی آئے اور مرزا صاحب ہی کے یہاں ٹھہرے ۔ غالب کو ان سے بڑی محبت تھی۔ علی بخش نے غالب سے فارسی پڑھی تھی۔ ''میخانۂ آرزو'' پر مرزا نے فارسی نثر میں جو کچھ لکھا تھا اسے سبقاً سبقاً مرزا سے پڑھا۔

یعنی ''میخانۂ آرزو'' کے نام سے ایک فارسی دیوان ۱۲۵۰ھ مطابق

۱۸۳۴-۵ع میں مرتب ہو گیا تھا ۔ یہ دیوان یا کسی دیوان پر یہ نام ابھی تک دیکھنے اور سننے میں نہیں آیا ۔ میرے خیال میں شاید اس نام کی حیثیت بھی ”پرتوستان“ جیسی ہے، یعنی دیوان پر یہ عنوان نہ لکھا جا سکا ۔

دیوان کی تکمیل آخری مرحلے میں :

'پنج آهنگ، میں نواب حشمت جنگ بہادر کے نام خط ہے :

”از دیر باز گاہ گاہ این آرزو از دل سر بر زدی کہ عریضہ نگار گردم وسرمایہ چہل سالۂ جگر کاوی خویش یعنی مجموعۂ اشعار فارسی بوالا حضرت فرستم ۔“ (پنج آهنگ، صفحہ ۱۰۴ دهلی ۱۸۵۳ع ۔ کلیات نثر ۲۱۱ لکھنو ۱۸۸۴ع)

اور دیوان فارسی طبع دهلی کے خاتمے میں لکھا ہے کہ ۱۲۵۳ھ مطابق ۱۸۳۷-۸ع میں میری عمر اکتالیس سال کی ہے اور دیوان مرتب کر چکا ہوں ۔ اس لیے میرے خیال میں وهی 'میخانۂ آرزو' سرانجام نواب حشمت جنگ کو ۱۲۵۱-۲ھ میں بھیجا گیا اور ۱۲۵۳ھ میں اسی پر نظر ثانی کر کے مقدمہ و خاتمہ لکھا ۔ یہی مجموعہ ”دیوان فارسی“ کہلایا اور اسی کی متعدد نقلیں بانکی پور پٹنہ، رام پور، علی گڑھ اور لاهور میں موجود ہیں ۔

لاهور کا خطی نسخہ مجھے محترمی جناب ڈاکٹر وحید مرزا صاحب کے پاس دیکھنے کو ملا ۔ اس مخطوطے کا ترقیمہ یہ ہے :

”تمت، تمام شد ۔ بتاریخ بست و سیوم شوال ؟۱۲۵ هجری مطابق بست و یکم جنوری ۱۸۳۸ع مطابق سنہ احد جلوس بہادر شاہ ۔ از درستی این دیوان فراغ دست داد ۔“

بہادر شاہ ظفر کی تخت نشینی ستمبر ۱۸۳۷ع ۔ جمادی الثانی ۱۲۵۳ھ میں ہوئی ۔ ۱۲۵۳ھ ہی کو مرزا غالب کی عمر اکتالیس سال کی ہوتی ہے، اس لیے یہ نسخہ اہم ترین اور شاید قدیم تر ہے ۔

اس کے علاوہ ۱۲۵۴ھ اور ۱۲۵۷ھ کے نسخے میں دیباچہ و خاتمہ کی یکساں عبارتیں ہیں اور کلام بھی نادر و غیر مطبوعہ کہیں معلوم نہیں ہوتا ، اس لیے شاید یہ کہنا قرین قیاس ہوگا کہ دیوان غالب کی پہلی باقاعدہ ترتیب نے جنوری ۱۸۳۸ع میں آخری شکل اختیار کی ؛ یہی دیوان غالب کے فارسی کلام کا پہلا مجموعہ تھا جو شایع ہوا ۔

دیوان کی کیفیت و ترتیب :

یہ دیوان دیباچے سے شروع ہوتا ہے۔ دیباچے کے بعد صفحہ ۲۱ سے منظومات کا آغاز ہوتا ہے جسے ایک نظر میں دیکھیے :

صفحہ	عنوان	عدد	اشعار
۲۱	قطعات	۴۱	۳۸۶
۵۰	مثنویات	۵	۶۵۵
۹۴	فاتحہ	۳	۷۶
۹۹	نوحہ	۳	۴۰
۱۰۲	ترکیب بند	۲	۱۴۶
۱۱۳	قصائد	۳۱	۱۸۶۱
۲۴۱	غزلیات	۳۰۹	۳۳۴۹
۴۸۵	رباعیات	۸۴	۱۶۸

مجموعی اشعار: ۶۶۸۱ (چھ ہزار چھ سو اکاسی)

رباعیات کے بعد صفحہ ۵۰۲ سے ''تقریظ'' یعنی خاتمے کی عبارت شروع ہوتی ہے جو صفحہ ۵۰۶ کی بارھویں سطر پر ختم ہوتی ہے اور پانچویں سطر میں میزان اشعار ''شش ہزار و ششصد و ہفتاد و دو بیت'' بتائی گئی ہے ۔

دیوان کی طباعت :

فارسی دیوان کی ترتیب کے بعد نامعلوم اسباب کی بنا پر اس کی

اشاعت شروع ہونے کے بجائے آردو دیوان کی طباعت کا کام شروع ہو گیا - سر سید احمد خاں کے بھائی سید محمد خاں بہادر سے مرزا غالب کے دوستانہ تعلقات تھے - ان کے پریس میں یہ دیوان کم از کم سال سوا سال رہ کر شعبان یا رمضان ۱۲۵۷ھ مطابق اکتوبر ۱۸۴۱ع میں شایع ہوا - آردو دیوان کی طباعت کے ساتھ ساتھ سید محمد صاحب نے فارسی دیوان چھاپنے کی تجویز پیش کی ہوگی - چنانچہ جان جاکوب کو غالب نے لکھا ہے :

''نہان نماناد کہ نقش مطبع سید الاخبار[۱] انگیختۂ طبع یکی از دوستان روحانی منست ہمانا کارفرمای این نو آیین کدہ آن می سگالد کہ درین کارگاہ نقشہای بدیع انگیزد و فروریختہ ہای خامۂ غالب بینوا را بقالب انطباع فرو ریزد - ازان جملہ دیوان ریختہ کہ در ناتمامی تمام است، عجب نیست کہ ہمدرین ماہ بتمامی، وانگاہ بنظر سامی رسد -

...پنج آہنگ و دیوان فارسی ، ہریکی وابستہ بفراہم آمدن درخواستہای خریدارانست بہنگام خود پی ہم بخدمت خواہد رسید -'' (پنج آہنگ ، طبع ۱۸۵۳ع ، صفحہ ۳۰۳—کلیات ۱۷۴)

اس خط میں تاریخ نہیں ہے - لیکن جناب عرشی صاحب اسے اکتوبر ۱۸۴۱ع مطابق شعبان ۱۲۵۷ھ کا مانتے ہیں (دیکھیے علی گڑھ میگزین، غالب نمبر، صفحہ ۱۱۵)- اسی سال دیوان کی طباعت کی تحریک شروع ہو گئی اور یہ خبر بھی دور دور پھیل گئی کہ فارسی دیوان چھپ رہا ہے - تاریخ تو نہیں معلوم مگر ناطق مکرانی نے دیوان مانگا (متفرقات غالب ، صفحہ ۱۶) تو جواب میں غالب نے لکھا :

''ایں جا ہمدمان نقشی نہ بخواست من انگیختہ اند و مجموع

۱- یہ پریس ۱۸۴۸ع میں بند ہو گیا (صوبہ شمالی و مغربی کے اخبارات و مطبوعات ، صفحہ ۳۲ ، طبع دہلی)

گفتار مرا از قصیدہ و قطعہ و غزل و مثنوی بکالبد انطباع ریختہ اند۔ یک نسخہ بہر شما می فرستم۔'' (کلیات نثر، صفحہ ۲۴۴)

اس کے بعد 'باغ دودر' میں تفضل حسین خان کے نام مکتوب مورخہ ۱۰- مارچ ۱۸۴۵ع میں درج ہے:

''دریں روزہا دیوان فارسی من کہ کم و بیش ہفت ہزار بیت دارد، منطبع می شود۔ غالب کہ در عرض دو ماہ بپایان رسد۔'' (دومین در، صفحہ ۱۴۱- تاریخ تحریر ''یکم ربیع الاول ۱۲۶۱ھ'')

مگر ۴[1] ربیع الاول ۱۲۶۱ھ مطابق ۱۳ مارچ ۱۸۴۵ع کے مکتوب بنام جواہر سنگھ جوہر میں یہ تفصیل ہے:

''دیوان فارسی در مطبع منشی نورالدین احمد[2] منطبع می شود و نوبت انطباع تا قصائد رسیدہ است۔'' (باغ دودر، دومین در صفحہ ۱۰۹)

اس تفصیل کے بعد مکتوب بنام نیکش میں ہے:

''دیوان فارسی من از دہلی تا مدراس و حیدرآباد و از لاہور تا ہرات و شیراز رسیدہ۔ قصیدہ مدح شاہ جنت آرامگاہ دران مندرج است و عالمی آنرا نگرستہ۔ این ننگ بر خود کی روا دارم کہ آنرا بنام دیگری ناسور کنم۔'' (دومین در، صفحہ ۱۶۳)

چونکہ ۲۶[3] صفر ۱۲۶۳ھ مطابق ۲۲ فروری ۱۸۴۷ع کو امجد علی شاہ

۱- ''باغ دودر'' میں تاریخیں ہیں سنہ نہیں ہیں۔ میں نے تقویم سے لکھا ہے۔ اس سے ایک فائدہ یہ ہوا کہ ناطق مکرانی کے خط مطبوعہ متفرقات غالب اور جواب مطبوعہ 'پنج آہنگ' کی تاریخیں متعین کی جا سکتی ہیں۔

۲- محمد عتیق صدیقی کہتے ہیں کہ نورالدین احمد نے دارالسلام نامی پریس محلہ حوض قاضی میں ۱۸۴۵ع میں قائم کیا تھا۔ (صوبۂ شمالی و مغربی کے اخبارات و مطبوعات، حاشیہ صفحہ ۱۹۳)

۳- قیصرالتواریخ، جلد ۱، صفحہ ۳۸۵، طبع نول کشور ۱۹۰۷ع۔

نے رحلت فرمائی اور ان کی شان میں مدحیہ قصیدہ طبع زیر بحث کے صفحہ ۱۹۸ پر چھپ چکا ہے، اس لیے یہ خط مارچ (؟) ۱۸۴۷ع کا ہوگا۔
اس کے بعد ۲۷ اپریل ۱۸۴۷ع کو لکھتے ہیں:

''این سخن دو محل دارد ، یا خود آنست که مجموعۂ نظم منطبعہ مطبع منشی نورالدین احمد آنجا رسیدہ است ، و آنچه جز آن گفته باشم می‌خواهند ؟ همانا، اگر چنین باور دارید که پس از انطباع آن اوراق جز قصیدۂ تہنیت فتح پنجاب هیچ نگفته ام و اگر آنست که آن دیوان را کس دران دیار نبرده است؟ می بایست که آن مجموعه می‌خواستند ، نه اشعار پراگنده۔ بہرحال اگر بنویسند یک جلد دیوان بشما فرستم تا آنرا از جانب من به همایون خدمت حضرت مولانا (رجب علی خان ارسطو جاه) پیش کشند ۔[1]''

اس کے بعد اب بحث کو طول دینا نہیں چاہتا[2] ۔ خلاصہ یہ ہے کہ دیوان فارسی ۱۸۴۵ع کے وسط کے قریب چھپ گیا ۔ اپریل ، مئی یا جون کا مہینہ معین کیا جا سکتا ہے ۔

اس نسخے کا طول ساڑھے ستائیس سینٹی میٹر اور عرض تقریباً انیس سینٹی میٹر ہے ۔ کاغذ دبیز اور ہلکا سفید ہے ۔ کتابت بہت اچھی نہیں ، پندرہ سطری مسطر ہے ۔ صفحات پانچ سو چھ ۔ پھر دو صفحے[3] کا غلط نامہ اور ایک صفحے پر قطعات تاریخ نیر رخشان ۔ یہ ایڈیشن بہت جلد ختم ہو گیا ۔

نواب علی بہادر خان کو غالباً ۱۸۴۹ع کے بعد ایک خط میں

۱- 'باغ دودر' دومین در، صفحہ ۱۱۱ ، خط بنام جوہر ۔
۲- مختلف حضرات نے اس کی اشاعت میں متعدد خیالات ظاہر کیے ہیں ۔
۳- ملاحظہ ہو عکس سرورق جلد اول میں اور عکس صفحۂ آخر جلد سوم میں ۔

غالب نے لکھا:

''مردم را سو بسو گماشتم، رفتند۔ دیوان فارسی و دیوان ریختہ فراچنگ نیامد۔'' (پنج آہنگ[1]، طبع ۱۸۵۳ع، صفحہ ۴۲۹)

کلیات کی تدوین:

دیوان فارسی کی اشاعت کے بعد 'پنج آہنگ' ۱۸۴۹ع میں شایع ہوئی۔ اس کے بعد غالب دربار ظفر سے وابستہ ہو کر تاریخ نگاری میں الجھ گئے۔ ۵۵-۱۸۵۴ع میں 'مہر نیمروز' کی اشاعت ہوئی۔ پھر رستخیز بیجا نے 'دستنبو' لکھوائی۔ حالات ذرا رو براہ ہوئے تو قاطع برہان' منشی نول کشور کو چھپنے کے لیے دی (۱۸۶۱ع) جو ۱۸۶۲ع میں چھپ کر آئی[2]۔ اس درمیان میں لوگوں نے توجہ دلائی کہ فارسی دیوان میں جدید کلام کا اضافہ ہونا چاہیے۔ کچھ عزیزوں اور دوستوں نے بطور خود کلیات جمع کر لیا تھا۔ طے یہ پایا کہ کلیات بھی منشی نول کشور چھاپیں۔ اس لیے نواب ضیاء الدین خان سے ان کا نسخہ عاریۃً مانگنے کے لیے خط لکھا:

''آپ کو دیوان کے دینے میں تامل کیوں ہے؟ روز آپ کے مطالعے میں نہیں رہتا۔ بغیر اس کے دیکھیے آپ کو کھانا نہ ہضم ہوتا ہو، یہ بھی نہیں؛ پھر آپ کیوں نہیں دیتے؟ ایک جلد ہزار جلد بن جائے، میرا کلام شہرت پائے، میرا دل خوش ہو، تمہاری تعریف کا قصیدہ اہل عالم دیکھیں، تمہارے

۱- یہ خط 'پنج آہنگ' طبع ۱۸۴۹ع میں موجود نہیں ہے۔

۲- میر مہدی مجروح کو ۲۶ جولائی ۱۸۶۱ع کے خط میں لکھتے ہیں:
''کلیات نظم فارسی کے چھاپنے کی بھی تدبیر ہو رہی ہے۔ اگر ڈول بن گیا تو وہ بھی چھاپا جائے گا۔'' (خطوط غالب، جلد اول، طبع الہ آباد ۱۹۴۱ع، صفحہ ۲۷۲)

بھائی کی تعریف کی نثر سب کی نظر سے گزرے ، اتنے فوائد کیا تھوڑے ہیں ۔''

مطبوعہ کلیات کے خصوصیات :

مندرجۂ بالا خط پر تاریخ نہیں لیکن ۱۸۵۹ع کے آخر بلکہ ۱۸۶۰ع کے کسی مہینے میں لکھا گیا ہے ۔ اس عبارت سے کلیات کے نسخوں ، نسخوں کی کیفیتیں اور سندی نسخے کا حال معلوم ہونے کے علاوہ یہ بھی معلوم ہو گیا کہ منشی نول کشور نے نواب صاحب کے نسخے کو متن کی بنیاد قرار دیا ۔ اور کوئی بعید نہیں کہ اس کی کتابت امیر اللہ تسلیم نے کی ہو ۔ اور خود مرزا کی تصریح کے مطابق تصحیح ۱ مولوی ہادی علی نے کی ۔

تصویر اور زائچہ :

خطوط میں زائچے کے متعلق کسی قسم کے اطلاعات موجود نہیں ۔ ممکن ہے کہ حکیم مومن خان نے اس سلسلے میں مدد کی ہو ، کیونکہ مرزا صاحب ان سے تقویم حاصل کیا کرتے تھے (دیکھیے کلیات نثر صفحہ ۱۲۵) ۔ اور یہ بھی قطعی طور پر کہنا مشکل ہے کہ موجودہ تصویر قلمی تھی یا عکسی؟ اور اس کا مصور کون ہے ، مگر بعض قرائن سے قیاس کیا جا سکتا ہے کہ اصل تصویر قلمی تھی ۔ اور کیا بعید ہے جو میاں محمد افضل کی وہی تصویر ہو جو میر مہدی اور مرزا صاحب کے درمیان کم و بیش سوا سال موضوع گفتگو رہی ۔ ان میں سے پہلا مکتوب ۸ دسمبر ۱۸۶۰ع کا ہے ، دوسرا ۹ جنوری ۱۸۶۱ع اور تیسرا ۸ مارچ ۱۸۶۱ع (یا ۱۸۵۸ع) کا ۔ پہلے میں

۱- دیکھیے 'خطوط غالب' بنام قدر بلگرامی ۔ مولوی صاحب نول کشور پریس کے بہت عمدہ مصحح تھے ۔ مئی ۱۸۶۲ع کے ایک مکتوب سے معلوم ہوتا ہے کہ کاتب اور مصحح پریس سے غیرحاضر ہیں ۔

لکھا ہے: ''میاں محمد افضل تصویر لے گئے ہیں، انتظار کرو۔'' دوسرے میں لکھتے ہیں: ''نقل ابھی تیار نہیں ہوئی۔'' تیسرے میں کہا ہے: ''میاں محمد افضل تصویر کھینچ رہے ہیں، جلدی نہ کرو۱۔''

جہاں تک معلوم ہو سکا ہے، یہ تصویر پہلی تصویر ہے جو شایع ہوئی۔ اودھ اخبار کے دو اشتہاروں کی ضروری عبارتیں جو انتہائی مفید ہیں، ملاحظہ ہوں:

''...خدا کے فضل سے نسخہ بھی وہ صحیح و درست، بڑے کتب خانے کا ہاتھ آیا جس کو نواب ضیاء الدین خان صاحب بہادر دھلوی نے جد و جہد تمام سے جمع فرمایا...(تعریف دیوان) ...تمام کتاب ۳۰ ۱/۴ جز میں چھپ کر تیار ہے اور مقام مناسب پر تصویر مصنف کی بھی یادگار ہے۔ سابق میں سوائے محصول پیشگی قیمت چار روپے قرار دی تھی اور بعد ختم کتاب پانچ روپے درج کی تھی۔ اب چونکہ رفاہ عام منظور ہوا، قیمت کا گھٹا دینا ضرور ہوا...(جن لوگوں سے پیشگی قیمت لے لی گئی ہے انہیں محصول معاف) اور جو صاحب اب طلب کریں گے ان سے چار روپے قیمت لیں گے۲...''

(اودھ اخبار، ۱۳-مئی ۱۸۶۳ع صفحہ ۳۳۵، نیز ۲۰-مئی ۶۳ع)

۱- دیکھیے اردوے معلیٰ طبع اول صفحہ ۱۵۸، ۱۵۸، ۱۵۹ علی الترتیب - ان دنوں کلیات کی طباعت شروع ہو گئی تھی (دیکھیے مکتوب بنام قدر بلگرامی، ۲۴ مئی ۱۸۶۲ع)

۲- خالی مقامات نقل کرتے وقت چھوڑ دیے تھے، طویل عبارت کا خلاصہ بریکٹ میں لکھ لیا تھا۔

پھر ۳ جون ۱۸۶۳ع کے اعلان میں یہ اضافہ ہوا:

''بوجہ طیاری (کذا) تصویر جناب مرزا صاحب موصوف کلیات بخدمت شائقان تقسیم ہونا ملتوی تھا، اب طیار ہوگئی[1]۔''
(اخبار مذکور، صفحہ ۳۹۰)

۱۸۶۳ع کے کلیات میں یہ تصویر صفحہ ۱۴۱ کے مقابل چھپی ہے اور بہت خوبصورت ہے۔ ۱۸۷۲ع کے ایڈیشن میں یہی تصویر چھپی تو اس کے دونوں ستونوں پر ''قائم علی'' کا نام ہے۔ لیکن یہ عکس ذرا بگڑ گیا ہے[2]۔

۱۱ جون ۱۸۶۳ع کے ایک خط سے معلوم ہوتا ہے کہ ابھی تک کلیات مرزا صاحب کو نہیں ملا۔ اگست ۱۸۶۳ع کے ایک مکتوب سے معلوم ہوتا ہے کہ میر مہدی مجروح کو نسخۂ مطبوعہ مل گیا۔ پھر ستمبر ۱۸۶۳ع کے مکتوب سے معلوم ہوا کہ مرزا کو بھی کتاب مل گئی۔ اس کے بعد منشی نول کشور اتفاقاً نومبر کے آخر یا دسمبر ۱۸۶۳ع کے آغاز[3] میں دہلی گئے اور مرزا نیز مرزا کے علاوہ دوسرے اکابر سے بھی ملے جس کا حال اودھ اخبار میں شایع ہوا۔

مطبوعہ نسخے کا تعارف:

یہ ایڈیشن اپنی جامعیت، صحت، حسن طباعت کے لحاظ سے بہت اچھا ہے۔ اکیس سطری مسطر پر پانچ سو پچپن صفحات میں مقدمہ و

۱- یہ مضمون بعض احباب نے بلا حوالہ نقل کیا ہے۔ میں اسے نگار، لکھنو جون ۱۹۵۰ع میں شایع کر چکا ہوں۔

۲- منشی نول کشور کے مطبع والوں نے ۱۸۹۳ع کے مطبوعہ کلیات پر ''بار دوم'' لکھ دیا ہے، جس سے لوگوں کو غلط فہمی ہوئی ہے، حالانکہ وہ تیسرا ایڈیشن ہے، اس میں تصویر و زائچہ بھی نہیں ہے۔

۳- مخدومی جناب مہر صاحب اسے ۱۸۶۱ع میں بتاتے ہیں (غالب، طبع چہارم، صفحہ ۴۰۹)

خاتمہ و اشعار غالب ہیں ۔ خاتمے کی آٹھویں سطر کے بعد میر مہدی مجروح کے نام کا تعارف ہے جسے جلی قلم سے تقریباً چار سطروں میں لکھا گیا ہے ۔ پھر ترسٹھ فارسی شعروں کا قطعہ ہے ۔ صفحہ ۵۵۸ پر یہ قطعہ پندرہ سطروں میں ختم ہوتا ہے ۔ پھر نسیم ، اشک ، تسلیم ، اشرف اور رعنا کے قطعات ہیں جو صفحہ ۵۶۰ پر ختم ہوتے ہیں ۔ دیوان کی تقطیع طول میں پچیس سینٹی میٹر اور عرض میں سولہ سینٹی میٹر ہے ۔

میرے نسخے میں صفحہ ۱۴۱ کے مقابل تصویر اور صفحہ ۱۹۸ کے مقابل میں زائچہٴ ولادت بھی ہے ۔ کاغذ ولایتی ہلکا ہے جو ایک صدی گزارنے کے بعد بہت خستہ ہو گیا ہے ۔

اب یہ نسخہ بھی نایاب ہو چکا ہے ۔ چنانچہ سرورق کا عکس چھاپنے کے لیے بہت جستجو کی مگر لاہور میں دوسری کاپی مجھے دستیاب نہ ہو سکی ۔ یقیناً بعض حضرات کے پاس موجود ہوگی لیکن سراغ نہ ملا :

کلیات کی ترتیب :

صفحہ	عنوان	عدد	اشعار
۲	دیباچہ	۸۵ سطریں	۱۵۲
۱۱	قطعات	۵۹	۶۷۲
۴۷	فاتحہ ۲	۲	۶۵
۵۰	نوحہ	۵	۶۲
۵۴	مخمس	۱	۲۵
۵۵	ترکیب بند	۳	۲۳۰

۱۔ یہ عدد میزان میں شمار نہیں کیے ہیں ۔

۲۔ تیسرا قطعہ دیوان میں بہ عنوان فاتحہ ہے اور کلیات میں بہ عنوان نوحہ ہے ۔

٦٧	ترجیع بند	١	٥٦
٧٠	مثنویات	١١	٢٠٤٣
١٧٠	قصائد	٦٤	٣٦٥٨
٣٠٣	غزلیات	٣٢٢	٣٤٩٥
٥٣٧	رباعیات	١٠٥	٢١٠
٥٥٢	تقریظ	٤٦	٥

ہمارے شمار کے مطابق دس ہزار پانچ سو سولہ شعر ہیں جبکہ غالب نے ان کی تعداد دس ہزار چار سو چوبیس لکھی ہے اور ڈاکٹر گیلانی نے اپنی کتاب ''غالب ، ہز لائف اینڈ ہز پرشین ورک'' طبع دوم ، صفحہ ٩٦ پر دس ہزار چھ سو بتیس تعداد تحریر کی ہے۔

زیر نظر کلیات :

دیوان فارسی میں بقول غالب ١٨٤٤ع بلکہ ١٨٤٥ع تک کا تقریباً تمام کلام موجود تھا ۔ اس کے بعد جو کچھ لکھا ، ناظر حسین مرزا ، شہاب الدین خان ، ضیاء الدین خان وغیرہ اپنے اپنے نسخوں میں لکھواتے رہے ۔ ان پر نظر ثانی کے بعد کلیات نظم کی اشاعت ہوئی ۔ ١٨٦٣ع سے ١٨٦٨ع تک جو کچھ لکھا ، اسے تین مجموعوں میں بترتیب شایع کیا گیا ۔

(الف) 'مثنوی ابر گہربار' طبع اکمل المطابع دہلی ١٨٦٤ع-١٢٨٠ھ۔
اس مجموعے میں مثنوی دوبارہ شریک اشاعت کی گئی ۔ اس کے ساتھ نیا کلام ، قصیدے دو ، قطعے تین ، رباعیاں دس۔

(ب) سبد چین : ابھی ایک حبسیہ جو پرانی چیز ہے ، محفوظ تھا ۔ ادھر غالب قصائد و قطعات بھی لکھتے رہے تھے ، اس لیے مثنوی 'ابر گہربار' چھوڑ دی اور حبسیہ ، چھ قصیدے ،

ایک ترکیب بند ، ایک ترجیع بند ، یک مثنوی ، کچھ قطعات ، نو غزلیں ، کچھ متفرق اشعار ہیں۔ محمد مرزا خان کے مطبع سے ۱۸ ربیع الثانی ۱۲۸۴ھ مطابق اگست ۱۸۶۷ع میں شایع ہوئی۔ ۱۹۳۸ع میں مالک رام صاحب نے تصحیح و ترتیب و اضافات کے ساتھ دوبارہ دہلی سے چھپوائی۔

(ج) سبد باغ دودر: سبد چین کے بعد پھر کچھ اشعار دستیاب ہوئے ، اس لیے اس پر نظر ثانی اور اضافے کے بعد نثر کو بھی جمع کر کے دو حصوں پر مشتمل کتاب تیار کی گئی۔ جس کے نخستین در میں ۵۴ قطعے ، ایک ترکیب بند ، ایک ترجیع بند ، دو مثنویاں ، سات قصیدے ، گیارہ غزلیں ، سولہ بیتیں ، بیس رباعیاں اور ایک مخمس ہے۔ اس کتاب کا منحصر بفرد نسخہ جناب محترم سید وزیر الحسن صاحب عابدی کی ملکیت میں ہے اور پنجاب یونیورسٹی کے اورینٹل کالج میگزین میں اگست ۱۹۶۱ع میں پہلا حصہ شایع ہوا۔

میں نے اپنی ترتیب جدید میں ان سب کتابوں کو سامنے رکھا ہے اور سب کے زوائد کلیات میں لیے۔ پھر ان معاصر نسخوں کے بعد متفرقات غالب تالیف جناب مسعود حسن صاحب ادیب ، آثار غالب تالیف جناب قاضی عبدالودود صاحب ، دیوان غالب خطی ، یادگار غالب مولانا حالی ، مکاتیب غالب تالیف جناب عرشی ، غالب تالیف جناب مہر اور دوسرے مقالات و مضامین ، معاصر اخبار و رسائل کی چھان بین کی۔ اصول یہ قرار دیے:

۱ - قدیم تر کتاب کو جو بہرحال مسودہ ، مبیضہ ، کاپی ، پروف اور مطبوعہ شکل میں غالب کی اصلاحوں سے آراستہ ہو چکی تھی ، اسے متن و اصل قرار دیا ، یعنی اس کی ترتیب کو پہلے نقل کیا۔ پھر اس حصے کے خاتمے پر کلیات کا متعلقہ اضافہ ،

اس کے بعد دوسرے مآخذ سے دریافت کردہ ذخیرہ درج کیا؛ مثلاً دیوان طبع دھلی ۱۸۴۵ع میں ۳۱ قصیدے تھے - یہ قصیدے کلیات میں اس ترتیب سے نہیں ھیں - میں نے دیوان کی ترتیب سے پہلے اکتیس قصیدے لیے ھیں- اس کے بعد کلیات طبع نول کشور ۱۸۶۳ع کے قصائد از ۳۲ تا ۴۶ - سات قصیدے کلیات میں نہ تھے ، وہ میں نے بڑھا دیے ، ۶۵ تا ۷۱ - اسی طرح قطعات ، مثنویات ، غزلیات وغیرہ -

۲ - اہتمام کیا ھے کہ تمام ممکن مآخذ کو سامنے رکھا جائے اور اگر کوئی تاریخ یا تلمیح ھو تو بہ قدر ضرورت و اطلاع اختلاف نسخ و ذکر واقعہ و تاریخ بھی کر دیا جائے -

۳ - حتی الامکان جن مآخذ کا حوالہ دیا ھے ، انھیں بار بار دیکھا ھے ، سنین کو تقویم طبع انجمن ترقی اردو کراچی اور تقویم طبع مرکزی ادارۂ تحقیقات اسلامی سے مطابق کیا ھے -

۴ - دیوان غالب کا ایک بہت اھم قلمی نسخہ محترمی جناب ڈاکٹر وحید مرزا صاحب کے پاس دیکھا تھا اور ایک دن میں جو فائدہ اٹھایا جا سکتا تھا ، وہ حاصل کیا - اس کے سرورق پر مطبوعہ نسخے کی عبارت تھی اور ترقیمہ میں بہت قدیم تاریخ - باقی قلمی نسخوں کے بعض اندراجات مالک رام صاحب ، قاضی عبدالودود صاحب اور عرشی صاحب کے مضامین سے حاصل کیے -

۵ - کوشش تھی کہ دیوان کے صفحات کے ھندسے آردو میں اور کلیات کے ھندسے انگریزی میں قوسین کے اندر رکھے جائیں- چنانچہ مسودے میں یہی اھتمام تھا - اتفاق سے محمود پرنٹنگ پریس کے مالک جناب سید محمود شاہ صاحب کی علالت نے مسودے کے ابتدائی حصے اور اس کے مطبوعہ حصے کو بھی

زد میں لے لیا ۔ چنانچہ حصہ قطعات و مثنویات میں کچھ گڑ بڑ ہو گئی ۔ دوسرا حصہ موصوف نے اپنی نگرانی میں چھپوایا مگر صفحات کی صراحت حاشیہ پر ناموزوں سمجھی گئی ۔ غزلیات کا مسودہ مجھے مل گیا ، اس لیے میں نے اسے دوبارہ دیکھا ۔ مآخذ کے صفحے اور اشعار کی تعداد جو پہلے دونوں حصوں میں حذف ہو گئی تھی ، ذیلی حواشی میں درج کر دی ۔

۶ ۔ بعض اہم نسخوں کے عکس، غالب کی تصویر شریک اشاعت طبع اول لکھنو ، زائچہ اور ایک تحریر کا عکس بھی شایع ہو رہا ہے ۔ پہلی جلد میں دیوان کے سرورق اور تصویرغالب کا عکس ، دوسری جلد میں کلیات طبع لکھنو کا سرورق اور زائچہ ، تیسری جلد میں دیوان کا آخری صفحہ اور ایک دیوان قلمی کا عکس ہے ۔

۷ ۔ کلیات کی ضخامت کے پیش نظر مجلس نے اسے تین جلدوں میں چھاپ کر کتاب کو خوبصورت بنا دیا ہے ۔

اس نسخے کے خصوصیات :

۱ ۔ غالب کے کلام فارسی کی متداول ترتیب کے ساتھ ساتھ دوری ترتیب بھی ہو گئی؛ یعنی ۱۸۲۳ع ببعد سے ۱۸۴۵ع تک کا کلام پہلے، ۱۸۴۵ع سے ۱۸۶۳ع تک کا کلام اس کے بعد ، ۱۸۶۳ع سے ۱۸۶۹ع تک کا کلام اس کے بعد ۔ قصائد میں غزلیات ، غزلیات میں رباعیات کی زحمت سے بچانے کے لیے ہر صنف کو اسی کے ساتھ رکھا ہے ۔ حاشیے میں قابل ذکر بات عرض کر دی ہے ۔

۲ ۔ کلیات طبع نول کشور کے اشعار سے ایک ہزار سے زائد شعر

مہیا کیے ہیں ۔ تفصیل تعلیقات میں آئے گی ۔

۳ ۔ بر صغیر میں غالب کے کلیات فارسی کے کم و بیش چھ ایڈیشن نکلے، لیکن شاید ہر نسخہ پہلے نسخے سے زیادہ مغشوش ہوتا گیا ۔ مجلس ترقی ادب لاہور نے پہلی مرتبہ کلیات کو اس اہتمام کے ساتھ ٹائپ میں شایع کر کے نہ صرف میری ہمت افزائی فرمائی بلکہ غالبیات میں پاکستان کی علمی برتری بھی ثابت کی ہے ۔

فاضل ہیچمدان

۳۱ - دسمبر ۱۹۶۶ع

مقدمہ

از

سید عابد علی عابد

غالب کی شخصیت اور فن

(۱)

نظر ثانی کی ضرورت

اس میں کوئی شک نہیں کہ غالب نے جس فضا میں غزل سرائی شروع کی ہے، وہ اس کی طبیعت کی آپچ اور اس کے جوہر تخلیق کی تاب ناکی کے لیے مطلقاً سازگار نہ تھی - اردو اشعار کے متعلق یہ اعتراضات ہوئے کہ بے معنی ہیں اور انہیں یہ شعر سنایا گیا:

پہلے تو روغن گل بھینس کے انڈے سے نکال
پھر دوا جتنی ہے کل بھینس کے انڈے سے نکال

برسر مشاعرہ ان سے خطاب کیا گیا:

کلام میر سمجھے اور اور کلام مرزا سمجھے
مگر ان کا کہا یہ آپ سمجھیں یا خدا سمجھے

اس قسم کی باتوں کے جواب میں غالب نے اپنے نفس معنوی کے گرد کئی طرح کے خط حصار کھینچے، مثلاً یہ:

نہ ستائش کی تمنا نہ صلے کی پروا
گر نہیں ہیں مرے اشعار میں معنی نہ سہی

یہ بھی کہا:

مشکل ہے ز بس کلام میرا اے دل
سن سن کے اسے سخن وران کامل
آساں کہنے کی کرتے ہیں فرمائش
گویم مشکل وگر نہ گویم مشکل

لال قلعه جو ان دنوں ثقافت ، شائستگی ، علم و هنر اور تهذیب اور تمدن کا محور تها ، اس صنعت گری اور تفریحی رنگ شعر پر مٹا هوا تها جس کے نمونے ذوق اور اس کے هم خیال معاصرین کے کلام میں ملتے هیں۔ غالب کو نظر آ رها تها که متقدمین میں جو ابهام ، فقرے بازی ، ضلع جگت اور استادانه صنعت گری تهی، اسی نے ایک دوسرا رنگ اختیار کر لیا ہے۔ اور جهاں مشکل قافیوں اور ردیفوں میں پهلوانان سخن داد قافیه پیمائی دے رهے هیں، وهاں شعر کا وه پهلو بهی زوال پزیر طبیعتوں کو لذت بخش رها ہے، جسے عصر حاضر کا مفکر (Collingwood) شعر کے تفریحی پهلو کی شعبده گری کهتا ہے[1]۔

یه تفریحی شعبده گری اور استادانه چابک دستی ایک قسم کی هاتھ کی صفائی تهی۔ شاعر جادوگر کی طرح یا مداری کی طرح هوا میں مختلف رنگ کے گولے اچهالتا تها اور واپس آتے آتے یا تو ان گولوں کا رنگ بدل جاتا تها یا ان کی صورت تبدیل هو جاتی تهی۔ اس تفریح میں بهی ایک لطف ہے اور غالباً زوال پزیر ذهن جو دقت معانی کی گرهیں کهولنے سے عاجز هوتے هیں، هاتھ کی اس صفائی کو نه صرف پسند کرتے هیں، بلکه اسے کمال سخن وری سمجهتے هیں۔ ایسے حالات میں شعر کهنے کی استعداد کا مطلب یه هو جاتا ہے که انسان کو علوم شعریه پر عبور هو، علم قافیه سے لگاؤ هو، صرف و نحو سے اطلاع هو، عروض میں دسترس کامل هو اور لفظوں کی شعبده گری کے اس شیوۂ خاص میں کمال حاصل هو جهاں ذهن پر بوجھ کم پڑتا ہے اور تفریح زیاده هوتی ہے۔ معانیٔ دقیق کی گرهیں کهولنے کے لیے صرف ذوق سلیم هی کی نهیں مطالعے کی بهی ضرورت هوتی ہے۔ جب مطالعه

۱- Principles of Art

صرف علوم شعریہ تک منحصر ہو جاتا ہے اور نظریں معانی اور مغز سے ہٹ کر پیکر و ہیئت پر مرکوز ہو جاتی ہیں تو اس قسم کے اشعار سننے والوں کو عجیب لطف دیتے ہیں:

آنکھیں عاشق کو نہ تو اے بت رعنا دکھلا
پتلیوں کا کسی ناداں کو تماشا دکھلا

سوال بوسہ کو ٹالا جواب چین ابرو پر
برات عاشقاں بر شاخ آہو اس کو کہتے ہیں

وصف چشم اور وصف لب اس شوخ کا کہنے کو ہیں
آج ہم درس اشارات و شفا کہنے کو ہیں

قمریاں بولیں ، پپیہے کوکیں کان کی بات مری غل ٹھہرے
تم جسے چاہو چڑھا لو سر پر ورنہ یوں دوش پہ کاکل ٹھہرے

کیا ہتھیلی پہ دعائے خفقاں لکھی تھی
ہاتھ سینے پہ جو رکھا تو کلیجہ ٹھہرا

اس پری کا وہ مری لاش کو کاندھا دینا
تخت تابوت کا وہ تخت سلیماں ہونا

ان حالات میں شعر کہنا ایک ملکہ یا استعداد مخصوص تصور کیا جاتا ہے ، جوہر تخلیق سے اس کا تعلق نہیں رہتا ۔ شرفا جو علوم و فنون حاصل کرتے ہیں ، اس میں قافیہ پیمائی بھی شامل ہوتی ہے ، فرق یہ ہوتا ہے کہ قافیہ پیمائی بے عیب ہوتی ہے ، با اصول ہوتی ہے ، اگرچہ معنویت کے لحاظ سے اس کا گھٹیا پن سب پر روشن ہوتا ہے۔

غالب نے اپنے لیے اس راستے پر سفر کرنا ناممکن پایا کہ وہ شعر سے تفریح طبع کا سامان مہیا کر سکے۔ ایک تو اس نے اپنی فطرت کی یک آہنگی کے تحفظ کے لیے خط دفاع یہ کھینچا کہ اپنے اشعار کے بے معنی ہونے کا اعتراف کر لیا، دوسرا خط جو غالب کی زندگی میں بہت اہمیت رکھتا ہے، یہ ہے کہ اس نے اپنی اردو شاعری کو اپنے مرتبے سے فروتر جان کر دعویٰ کیا کہ اس کی شاعری کا اصل جوہر فارسی میں نظر آتا ہے۔ غالب پر جو کچھ بیتی ہے، اس سے سمجھوتا کرنے کے لیے غالب نے اسی دعوے پر قائم رہنے کو اپنی عافیت گردانا ہے کہ اس کے شاعرانہ کمال کے اسرار و رموز فارسی شاعری میں کھلتے ہیں۔

صرف یہ ہی نہیں کہ غالب نے اپنے اردو اشعار کے اشکال کا اعتراف کیا بلکہ اس نے بتدریج یہ بھی کیا کہ پچیس سال کی عمر تک خاصا مجموعہ اردو اشعار کا مہیا کر لیا جس میں خیال بندی، معنی آفرینی اور تخیل کی بے اعتدالی کی طلسم کاری بدرجۂ اتم پائی جاتی تھی۔

غالب کی شخصیت کی جو تصویر بتدریج ہمارے سامنے پیش ہوتی رہی، وہ یہ تھی کہ وہ نہایت خوددار تھا، رئیسانہ آن بان رکھتا تھا، اپنے نسب پر اسے ناز تھا، شاعری کو ذریعۂ عزت تصور نہیں کرتا تھا اور اس بات کا مدعی تھا کہ میرا پیشہ دراصل سپاہ گری ہے۔ وزیر حسن نے غدر سے پہلے کی دلی کی جو تصویر کھینچی ہے، غالب کے خد و خال اس چوکھٹے میں کسی طرح صحیح نہیں بیٹھتے۔[1]

جوں جوں غالب سے عقیدت بڑھتی چلی گئی اور حالی نے اس کی مروت، فراخ حوصلگی، شعر فہمی، سخن سنجی، حسن بیان،

۱- دیدار۔

خود داری ، سلامتیٔ طبع ، محققانہ نظر ، حق پسندی اور راست گفتاری کی عقیدت مندانہ تصویر کشی کی ، توں توں ہمارے سامنے ایک جعلی غالب آنے لگا جسے خوشامد سے نفرت تھی اور جسے اپنے متاع سخن پر اتنا غرور تھا کہ وہ کسی کو خاطر میں نہ لاتا تھا[1]۔

بے شک غالب کو اپنے کلام کی بلندی کا شعور تھا اور اس میں بھی کوئی شک نہیں کہ وہ سمجھتا تھا کہ میں ایسی فضا میں پنپ رہا ہوں جو میرے لیے بالکل موزوں نہیں ، لیکن حالی نے غالب کی شخصیت کی جو تصویر کشی عقیدت مندی کی بنا پر کی ہے ، وہ کسی طرح صحیح نہیں ۔

بات یہ ہے کہ غالب کو سلطنت مغلیہ کا چراغ بجھتا ہوا نظر آ رہا تھا ، اور وہ سمجھتا تھا کہ جس معاشرے میں زندگی بسر کر رہا ہوں، وہ نہ صرف اس اعتبار سے زوال پذیر ہے کہ اچھے شعر کی قدردانی نہیں ہوتی بلکہ اس اعتبار سے بھی مردود ہے کہ معاشرت کے ہر دائرے میں انحطاط ، فساد اور تخریب کے آثار موجود ہیں[2]۔

غالب کا یہ خیال تھا کہ مغلوں کا عہد حکومت اب کسی اعتبار سے سودمند نہیں رہا ، انگریزوں کا نیر اقبال اب نصف النہار پر ہے ۔ جو تہذیب و تمدن انگریز اپنے ساتھ لائے ہیں ، وہ جان دار اور توانا ہے ، اور جن معاشری کوائف میں عام لوگ گھرے ہوئے ہیں ، وہ ہر طرح زوال پذیر ہیں ۔ مختلف انگریزوں کی تعریف میں اس نے جو مدحیہ قصیدے کہے ہیں ، ان کے سرسری مطالعے

---

۱ - یادگار : ۵۶ ، ۵۷ تا ۸۱ ۔
۲ - مشائخ : ۳۳۸ تا ۳۶۰ ۔

سے معلوم ہوگا کہ وہ انگریزی تہذیب ہی کو ہندوستان کی مستقبل کی تہذیب سمجھتا ہے (ان قصیدوں کے متعلق اور بھی عبرت انگیز باتیں ہیں جن کا ذکر ابھی آتا ہے)۔

یہ بات بڑی معنی خیز ہے کہ جب ۱۸۵۷ء میں آزادی کی تحریک نے جنم لیا اور دھلی میں وہ شعلے بھڑک اٹھے جن میں مغلیہ اقتدار کو جل کر خاک ہو جانا تھا، تو غالب اس ہنگامے سے کم و بیش بالکل غیر متاثر رہا۔ بے شک اسے دوستوں کے مرنے کا غم ہے لیکن اس کے خطوط شاھد ہیں کہ انگریزوں کے مرنے کا بھی اسے بے حد رنج ہے کہ کچھ اس کے ممدوح تھے، کچھ دوست تھے اور کچھ معتقد تھے[1]۔

کیا یہ تعجب کی بات نہیں کہ غالب کے دوست مفکر، دانش ور، تو سب کم و بیش بہت بڑی اکثریت میں ۵۷ء کے ہنگامے میں حصہ لیں اور غالب اس ہنگامے سے بالکل غیر متاثر رہے؟ میں بڑے تامل کے بعد اس نتیجے پر پہنچا ہوں کہ غالب کو شروع ہی سے لال قلعے میں جاہ و منصب نہیں ملا تو وہ عمر کا خاصا حصہ اس کوشش میں ضائع کرنے پر مجبور ہوا کہ اسے پنشن ہی اتنی مل جائے کہ وہ رئیسانہ آن بان سے اور امیرانہ ٹھاٹھ سے زندگی بسر کر سکے۔ پنشن کے لیے غالب نے جو دوڑ دھوپ کی ہے اور اس سلسلے میں اس نے جس طرح انگریز افسروں کی مدح سرائیاں کی ہیں، وہ ایک نہایت عبرت انگیز داستان ہے[2]۔

غالب کی زندگی میں ابتلاے اسیری ایک اہم مقام رکھتا ہے اور اس کی شخصیت کی تکمیل کے اجزاے لازم میں شامل ہے۔

۱۔ دیکھیے خطوط اردو، معاصر، عہد۔
۲۔ غالب ۹۸ تا ۱۲۳۔

اگرچہ غالب کے عقیدت مندوں نے اس واقعے کو اس رنگ میں پیش کیا ہے کہ وہ جب چوسر کھیلتا تھا تو برائے نام کچھ بازی بد کر کھیلتا تھا[1]۔ لیکن جن لوگوں کو قانون سے سرسری سی بھی واقفیت ہے، وہ اس بات سے آگاہ ہوں گے کہ اپنے گھر میں بیٹھ کر جوا کھیلنا یا چوسر کھیلنا کوئی ایسا جرم نہ تھا کہ فوجداری میں اس کا مواخذہ ہو سکے، ہاں جب کسی کا گھر قمار بازی کا اڈا بن جائے، لوگ باقاعدگی سے وہاں جوا کھیلتے ہوں اور روپے کے لین دین میں صاحب مکان بھی یوں دخیل ہو کہ کوئی ہارے یا جیتے، اسے کچھ حصہ ضرور ملے، تو ایسا شخص قانونی گرفت میں آجاتا ہے۔ قیاس چاہتا ہے کہ غالب کے ہاں بھی قمار بازی پیشہ ورانہ طور پر ہوتی ہوگی، ورنہ یہ ممکن نہیں کہ غالب کے لیے خود بہادر شاہ ریزیڈنٹ کے نام چٹھی لکھیں اور جواب ملے کہ مقدمہ عدالت کے سپرد ہے، ایسی حالت میں قانون سفارش کرنے کی اجازت نہیں دیتا[2]۔

بات وہی ہے جو میں پہلے کہہ چکا ہوں کہ غالب بہر حال اور بہر صورت روپیہ کمانا چاہتا تھا تاکہ اس کا شمار بھی رئیسان شہر میں ہو۔ عرشی نے یہ بات کھول کر لکھ دی ہے کہ غالب غربت میں بھی لوازمات امارت کا پابند تھا[3]۔

اب رفتہ رفتہ غالب کی ایک صحیح تصویر ہماری آنکھوں کے سامنے آتی جا رہی ہے۔ اسے اپنے خاندان کی بزرگی پر ناز ہے، اس کا رشتہ اچھے خاندان میں ہوا ہے لیکن سوئے اتفاق سے مالی حالات ایسے نہیں کہ اپنے معزز اور اپنے مال‌دار اقربا سے مساویانہ

---

۱ - غالب : ۱۲۴ -
۲ - غالب، ۱۲۶ -
۳ - مکاتیب، ۴۷ -

سلوک کر سکے ۔ حرمان زدگی یا احساس ؟ غالب کا پیچھا نہیں چھوڑتا اور وہ بہر حال روپے کی جستجو میں سرگرداں رہتا ہے۔

قمار بازی والے معاملے کے سلسلے میں ابوالکلام آزاد کا بیان یہ ہے :

''خواجہ صاحب (حالی) نے اس معاملے کو اس رنگ میں ظاہر کیا ہے کہ کوئی بات نہ تھی ، محض چوسر اور شطرنج کا شوق تھا ، اس شوق کی تکمیل کے لیے برائے نام کچھ بازی بھی بد لیا کرتے تھے ، کوتوال چونکہ دشمن تھا اس لیے قمار بازی کا مقدمہ بنا دیا ، حالانکہ اصلیت بالکل اس کے خلاف ہے ۔ واقعہ یہ ہے کہ یہ پورا قمار بازی کا معاملہ تھا اور نواب امیرالدین مرحوم کے لفظوں میں ''مرزا نے اپنے مکان کو جوئے بازی کا اڈا بنا رکھا تھا ۔''

جو تفصیلات مجھے سر امیرالدین مرحوم سے معلوم ہوئی ہیں ، وہ حسب ذیل ہیں :

غدر سے پہلے مرزا کی آمدنی کا وسیلہ صرف سرکاری وظیفہ اور قلعے کے پچاس روپے تھے ۔ چونکہ زندگی رئیسانہ بسر کرنی چاہتے تھے اس لیے ہمیشہ مقروض و پریشان حال رہتے تھے ۔ اس زمانے میں دہلی کے بے فکر رئیس زادوں اور چاندنی چوک کے بعض جوہری بچوں نے گزران وقت کے جو مشغلے اختیار کر رکھے تھے ، ان میں ایک قمار کا بھی مشغلہ تھا ۔ گنجفہ عام طور پر کھیلا جاتا تھا اور شہر کے کئی دیوان خانوں کی مجلسیں اس باب میں شہرت رکھتی تھیں ۔ مرزا بھی اس کے شائق تھے ، رفتہ رفتہ ان کے ہاں چاندنی چوک کے بعض جوہری بچے آنے لگے اور باقاعدہ ''جوا بازی'' شروع ہوگئی ۔ قمار کا عام قاعدہ ہے کہ

صاحب مجلس (یا یوں کہا جاتا ہے کہ مہتمم قمار خانہ) کا ایک خاص حصہ ہر بازی میں ہوا کرتا ہے، جو بھی جیتے، فی صد کچھ حصہ صاحب مجلس کا ہوگا۔ مرزا صاحب کے دیوان خانے میں مجلسیں جمنے لگیں تو وہ صاحب مجلس ہوگئے اور ایک اچھی خاصی رقم بے محنت و مشقت وصول ہونے لگی۔ وہ خود بھی کھیلتے تھے اور چونکہ اچھے کھلاڑی تھے، اس لیے اس میں بھی کچھ نہ کچھ مار ہی لیتے تھے۔

انگریزی قانون اسے جرم قرار دیتا تھا لیکن شہر کی رسم یہ ٹھہر گئی تھی کہ رئیس زادوں کے دیوان خانے مستثنیٰ سمجھے جاتے تھے۔ گویا ان کی وہ نوعیت مان لی گئی تھی جو آج کل کلبوں میں برج کھیلنے کی ہے۔ انھیں از راہ تجاہل رئیسانہ تفریحوں کے ذیل میں تصور کیا جاتا تھا۔

عرصے تک شہر کے کوتوال اور حکام ایسے لوگ رہے جن سے مرزا غالب کی رسم و راہ رہتی تھی، اس لیے ان کے خلاف نہ تو کسی طرح کا شبہ کیا جاتا تھا، نہ قانونی اقدام کا اندیشہ تھا۔ انھیں میں ایک کوتوال قتیل کے شاگرد مرزا خانی تھے جن کی نسبت خواجہ نصیر نے کہا ہے:

نصیرالدین بے چارہ تو رستہ طوس کا لیتا
نہ ہوتے شحنۂ دہلی اگر یاں میرزا خانی

(یہ مرزا خانی پھر لکھنؤ میں مقیم ہوگئے تھے، میرے عزیز دوست مرزا محمد عسکری لکھنوی انھیں کے خاندان سے تعلق رکھتے ہیں، غالباً وہ ان کے جد تھے)۔

لیکن غالباً ۱۸۴۵ء میں آگرے سے تبدیل ہو کر ایک نیا کوتوال آیا۔ یہ مرزا خانی کی طرح نہ شاعر تھا، نہ نثر طراز کہ غالب کا

قدرشناس ہوتا ، نرا کوتوال تھا ۔ اس نے آتے ہی سختی کے ساتھ دیکھ بھال شروع کر دی اور جاسوس لگا دیے ۔ حکام سے قول لے لیا تھا کہ جب تک میرا کوئی جرم ثابت نہ ہو، میرے معاملات میں مداخلت نہ کی جائے ورنہ میں شہر کو جرائم سے پاک نہیں کرسکوں گا ۔ اس زمانے میں بعض دوستوں نے مرزا غالب کو بار بار فہمائش کی کہ ان مجلسوں کو ملتوی کر دیں لیکن وہ خبردار نہ ہوئے ۔ وہ اس زعم میں رہے کہ میرے خلاف کوئی کارروائی نہیں کی جا سکتی ۔ بالآخر ایک دن عین ایسے موقع پر کہ مجلس قمار گرم اور روپوں کی ڈھیریاں چنی ہوئی تھیں ، کوتوال پہنچا اور دروازے پر دستک دی ۔ اور لوگ تو پچھواڑے سے نکل بھاگے، صاحب مکان یعنی مرزا صاحب دھر لیے گئے[1] ۔

قمار بازی کے قصے سے رہائی ہوئی تو معلوم ہوا کہ جہاں آبرو گئی، آبرو مندانہ ملازمتوں کے سلسلے بھی مسدود ہوگئے ۔

اب صرف ساڑھے باسٹھ روپے ماہوار کی خاندانی پنشن پر گزارہ کرنا پڑتا تھا ۔ آخر احباب کے صلاح مشورے سے شیخ نصیرالدین عرف کالے میاں کی سفارش سے اور حکیم احسن اللہ خاں کے ایما پر غالب کو بہادر شاہ نے جولائی ۱۸۵۰ء میں تاریخ تیموریہ لکھنے پر مامور کیا ۔ پچاس روپے ماہوار تنخواہ مقرر ہوئی ، نجم الدولہ دبیرالملک نظام جنگ کے خطابات سے سرفراز فرمائے گئے[2] ۔

جس زمانے میں بہادر شاہ کے دربار سے غالب کا سلسلۂ ملازمت قائم تھا ، ان دنوں بھی غالب کا طرز عمل ایسا نہ تھا کہ اطاعت شاہانہ یا شکر گزاری پر محمول کیا جا سکے ۔ اس زمانے

۱- نقش : ۲۹۲ -
۲- نادرات : ۸۵ -

میں ان کی دو غزلیں ملازمت کی طرف اشارہ کرتی ہیں۔ دونوں غزلوں کا لہجہ خراب ہے اور جو شعر ملازمت سے متعلق نہیں، ان کا مفہوم کم از کم ملازم شاہ کے شایان شان نہیں۔ ایک غزل میں کہتا ہے:

رہی نہ طاقت گفتار اور اگر ہو بھی
تو کس امید پہ کہیے کہ آرزو کیا ہے
بنا ہے شہ کا مصاحب، پھرے ہے اتراتا
وگرنہ شہر میں غالب کی آبرو کیا ہے

دوسری غزل میں کہتا ہے:

غالب وظیفہ خوار ہو دو شاہ کو دعا
وہ دن گئے کہ کہتے تھے نوکر نہیں ہوں میں

اس مقطع پر غور کرنے سے معلوم ہوگا کہ غالب یہ کہنا چاہتا ہے کہ اب وہ رئیسانہ ٹھاٹھ نہیں کہ کسی کے ملازم نہیں ہیں۔ اب شاہ کو دعا دینا پڑے گی، قصیدۂ مدحیہ لکھنا پڑے گا، خوشامد بہر حال کرنا پڑے گی۔ ممکن ہے کہ یہ احتمال غلط ہو لیکن مجھے شعر کے لہجے سے بو سی آتی ہے کہ غالب کو ملازمت اور وہ بھی پچاس روپے کی، پسند نہیں آئی۔ خطابات کو تو اس نے بالکل بے معنی سمجھا۔ اودھ کا نواب بادشاہ بن گیا تھا، غالب کو دو تین ایسے خطاب مل گئے تو ایسی کون سی بڑی بات ہوئی۔ آئیے اب ذرا یہ بھی دیکھ لیں کہ ظفر نے جو غالب کی پرورش کی تو اس کا نتیجہ کیا نکلا۔ پہلے کہا جا چکا ہے کہ غالب کے معاصرین میں سے اکثر امرا اور دانش وروں نے ۵۷ء کی تحریک میں عملاً حصہ لیا۔ غالب کے تعلقات سرکار انگریزی سے ہمیشہ خوش گوار رہے۔ ۵۷ء کے دنوں

میں وہ گھر میں گوشہ گیر رہا ۔ شہر دہلی کے اندر باغیوں کے ساتھ بہ باطن بے گانہ و بہ ظاہر آشنا وقت گزارتا رہا تا آں کہ انگریزی فوج نے دوبارہ شہر فتح کیا لیکن باوجود تعلق قلعہ کے غالب کے دامن وفاداری پر دھبا نہ آیا[۱]۔

یہ بھی واقعہ ہے کہ ''مرزا غالب نے انگریزی حکام سے تجدید مراسم و روابط کی خاطر ایک کتاب بنام ''دستنبو،، مشتمل بر حالات غدر لکھی تھی ۔ چونکہ یہ کتاب افسران بالا کو پیش کرنی مقصود تھی ، اس لیے مرزا کی یہ خواہش تھی کہ اچھی چھپے[۲]۔

مطلب واضح ہے کہ غالب ہر حالت میں سرکار انگریزی پر یہ واضح کرنا چاہتا تھا کہ میرا اگر قلعے سے کوئی تعلق تھا ، تو وہ مجبوری کا تھا ورنہ میں خیرخواہ اور وفادار سرکار انگریزی کا ہوں ۔ میں نے ذکر کیا تھا کہ قصیدوں کے متعلق کچھ عبرت انگیز واقعات اور بھی عرض کروں گا ۔ مالک رام نے بہ تحقیق ثابت کر دیا ہے کہ خاصے ایسے قصیدے جو غالب نے بہادر شاہ ظفر کی تعریف میں لکھے تھے ، ان کے عنوان سے بادشاہ کا نام مٹا دیا اور کہیں کسی انگریزی افسر کا نام کر دیا اور کہیں ملکہ وکٹوریا کا ۔

غالب کی یہ کوشش کہ اسے زندگی میں رئیسانہ آن بان میسر ہو اور اس کی انتہا سے بڑھی ہوئی خوداری پر کسی قسم کا حرف نہ آئے ، دو تین نہایت ناگوار واقعات پر منتج ہوئی ۔ ایک تو برہان قاطع کا قضیہ اور اس سلسلے میں

۱- مکاتیب : ۴۹ ، ۵۰ -
۲- نادرات : ۲۹ -

غالب کے فوجداری مقدمے کا حشر، دوسرے نواب رام پور سے ایسے تعلقات کی ابتدا جن میں نام کو بھی خودداری موجود نہ تھی۔ میں ان دونوں قضیوں کو مجملاً لکھتا ہوں اور اس سے ثابت صرف یہ کرنا چاہتا ہوں کہ غالب عمر بھر ایک ذھنی کش مکش میں مبتلا رھا کہ رئیسانہ ٹھاٹھ سے زندگی بسر کرنا چاھتا تھا اور اس کے سامان مہیا نہ ھوتے تھے، اپنی آبرو کا تحفظ چاھتا تھا اور بے آبروئی ھو کر رھتی تھی۔ ان تمام باتوں کا اثر اس کے کلام پر بہت گہرا پڑا ھے اور صرف یہی بات پیش نظر رکھ کر میں مذکورہ بالا واقعات کا اجمالی بیان پیش کرتا ھوں۔

(۲)

”باد مخالف“ اور ”برھان قاطع“ کا قضیہ

میں نے شروع میں عرض کیا تھا کہ غالب نے اپنے اردو کلام کی نامقبولیت کے پیش نظر اپنے نفس معنوی کے گرد ایک حصار مدافعت کھینچ لیا تھا جس کے کئی پہلو اور گوشے تھے، لیکن بہر حال اس حصار کا اھم ترین خط دفاعی یہ تھا کہ اردو میں میرے کلام کی جو بھی صورت ھو، بہر حال میں فارسی کا محقق اور عالم ھوں، اس زبان کے رموز و اسرار پر نظر رکھتا ھوں اور اساتذۂ اھل ایران کے کلام کا تتبع میں نے اس تحقیق سے کیا ھے کہ اب مجھ سے زبان اور بیان میں کوئی غلطی سرزد ھی نہیں ھو سکتی۔ جیسا کہ آگے چل کر ظاھر ھوگا، غالب اس سلسلے میں اپنے ایک استاد کی نشان دھی بھی کرتا ھے جس کا ایرانی نام وہ ”ھرمزد“ بتاتا ھے اور اسلامی نام عبدالصمد۔ اس استاد کے وجود تاریخی سے بحث ذرا آگے آتی ھے،

اس مرحلے پر مجملاً بیان کرنا مقصود ہے کہ غالب نے جو فارسی دانی کے دعوے کیے تھے، ان کا حشر کیا ہوا اور ان کی حقیقت کیا ہے؟

عجیب بات ہے کہ غالب کو یہ بات معلوم تھی کہ ہندوستان میں جو ایرانی نثار و شعرا اور سخن طراز ہیں، وہ ہندوستانیوں کو بالکل خاطر میں نہیں لاتے۔ علی حزین جس بد دماغی سے برصغیر ہندوپاکستان کے شعرا سے پیش آتا تھا، وہ استشہاد کی محتاج نہیں۔ معلوم نہیں اس حقیقت کے پیش نظر غالب کو یہ خیال کیسے ہوا کہ اہل زبان اس کی زبان دانی کا لوہا مان جائیں گے اور وہ ان کے گروہ میں شامل ہو کر ایرانی شناسان ہندی نژاد کو مردود ٹھہرائے گا۔ غالب کی طبیعت کے رجحان کے پیش نظر یہ بات زیادہ قرین قیاس معلوم ہوتی تھی کہ وہ ہندی نژاد فارسی شناسوں کی جماعت کا ساتھ دیتا لیکن ہوا یہ کہ اس نے اپنے آپ کو علی حزین کے گروہ میں شمار کیا اور بر صغیر ہند و پاکستان کے استادان فن کو ایرانی زبان کے رموز واسرار سے نا بلد سمجھا۔ تفصیل اس اجمال کی یہ ہے کہ غالب جب کلکتے گیا (۱۸۲۸ء) تو وہاں اس نے غزل پڑھی جس کا شعر ہے:

جزوے از عالم و از ہمہ عالم بیشم
ہم چو موے کہ بتاں را ز میاں برخیزد

اس پر یہ اعتراض کیا گیا کہ عالم مفرد ہے، ہمہ کے ساتھ اس کا ربط بہ اجتہاد قتیل درست نہیں ہے۔ کفایت خاں رئیس ہرات بھی مشاعرے میں موجود تھے، انھوں نے ''ہمہ عالم،، کی سند سعدی و حافظ کے کلام سے پیش کی لیکن اس سے مخالفین کا اطمینان نہیں ہوا۔

دوسرا اعتراض یہ کیا گیا کہ ''زمیاں برخیزد،، صحیح نہیں ھے۔

تیسرا اعتراض ''کدہ،، کے استعمال پر تھا ۔

غالب نے ان اعتراضات پر جل کر کہا کہ ''میں فریدآباد کے کھتری بچے کا قول نہیں مانتا ۔،،

کلکتے میں غالب کے معترضین کی تعداد کافی تھی اور ان کی مخالفت کی ایک وجہ عبدالغفور نساخ نے یہ لکھی ھے کہ کلکتے کے قیام میں غالب کا ملنا جلنا زیادہ تر ایرانیوں سے تھا، ان لوگوں نے ان کے کلام کی خاطر خواہ تعریف و توصیف کی بلکہ کفایت خاں نے کلکتے کے شاعروں میں صرف غالب ھی کی قدر افزائی کی - حاجی عبدالکریم اصفہانی کلکتے کے بہت بڑے تاجر تھے - ان کے یہاں ایک ایرانی فاضل مرزا کوچک نام مقیم تھے - انھوں نے مجلس عام میں کھڑے ھوکر کہہ دیا تھا کہ اس درجے کا شاعر آج سر زمین ایران میں کوئی نہیں، یہ باتیں مخالفین برداشت نہیں کر سکتے تھے ۔

مرزا غالب نے اعتراض سے تنگ آ کر ایک مثنوی ''باد مخالف،، لکھی جس میں سخن پروران کلکتہ سے معذرت کی، لیکن اس مصالحت میں بھی کئی تیر و نشتر چھپے ھوئے تھے[1] - یہ مثنوی سید مسعود حسن رضوی نے بہ تمام و کمال شائع کر دی ھے اور اس کے اشعار کی ترتیب بھی درست کر دی ھے[2] ۔

اس مثنوی میں غالب نے جو موقف اختیار کیا ھے، اس کی صورت وھی ھے جو حالی نے بہ تفصیل بتائی ھے: ''اھل ھند میں

۱- احوال : ۲۰۴ تا ۲۰۶ -

۲- متفرقات: ۱۱۵ تا ۱۴۰ -

سوائے خسرو دہلوی کے کوئی مسلم الثبوت نہیں - میاں فیضی کی بھی کہیں کہیں ٹھیک نکل جاتی ہے، اس لیے وہ قتیل و واقف وغیرہ کو کچھ چیز نہیں سمجھتے تھے - انھوں نے قتیل کا نام سن کر ناک بھوں چڑھائی اور کہا کہ میں دلوائی سنگھ فرید آباد کے کھتری کے قول کو نہیں مانتا (قتیل نو مسلم تھے، اسلام لانے سے پہلے ان کا نام دلوائی سنگھ تھا اور فرید آباد ضلع دہلی کے کھتری تھے) - غالب نے ''باد مخالف،، میں جو موقف اختیار کیا ہے، اصولی طور پر وہ اس لیے غلط ہے کہ غالب خود بر صغیر ہند پاکستان میں پیدا ہوا، یہیں پرورش پائی، یہیں کے فارسی دانوں سے مستفید ہوا، یہیں کے علما اور اکابر مفکرین سے فیض حاصل کیا - اگر وہ اس فضا میں پرورش پا کر اساتذۂ ایران کا ہم پلہ ہو سکتا ہے تو قتیل اور واقف نے کیا گناہ کیا ہے - باقی رہا یہ سوال کہ غالب کو ایک نہایت جلیل القدر استاد مل گیا تھا تو میں اس قصے کو بالکل تسلیم نہیں کرتا ہوں اور اس کے شواہد ابھی پیش کرتا ہوں - پہلے ''باد مخالف،، کے وہ اشعار سن لیجیے جن کا مقصد بظاہر معذرت اور طلب عفو تھا لیکن جن کا نتیجہ سخت دل آزاری کی صورت میں ظاہر ہوا - کلکتے کے لوگوں سے خطاب کر کے کہتا ہے :

آں رہ و رسم کارسازی کو
شیوۂ میہماں نوازی کو

کار احباب ساختن رسم است
میہماں را نواختن رسم است[1]

۱- مراد یہ ہوئی کہ مہمان زبان اور بیان کے معاملے میں کسی کو خاطر میں نہ لائے اور اپنے آپ کو عرفی اور نظیری کا مثیل سمجھے تو میزبان اس کے ان دعووں کو سچا سمجھیں اور بر خود غلط مہمان کی دل دہی کریں -

بات یہیں ختم نہیں ہو جاتی ، پھر خطاب ہوتا ہے :

به من این خشم و کین دریغ دریغ
من چناں تاں چنیں دریغ دریغ[۱]

اعتراضات کا جواب دیتے ہوئے غالب نے معترضین سے یوں خطاب کیا ہے جیسے وہ فارسی کی مبادیات سے بالکل آگاہ نہ ہوں ۔ اعتراضات کا جواب دینے کے بعد صرف اس اعتبار سے کہ لوگ غالب کو سفیہ نہ کہیں ، شوخ چشم نہ سمجھیں ، زشت خو تصور نہ کریں ، بے حیا اور ہرزہ گو کے القاب سے ملقب نہ کریں ، رندانہ اور بے باکانہ گفتگو کا ملزم نہ گردانیں ، غالب کو ننگ دہلی نہ سمجھیں ، اس نے قتیل کی تعریف میں کچھ شعر بھی کہہ دیے ہیں جنہیں مدح کی بجائے شدید قسم کی ہجو ملیح کہا جا سکتا ہے ۔ مثلاً :

فیضے از صحبت قتیلم نیست
رشک بر شہرت قتیلم نیست
مگر آناں کہ پارسی دانند
ہم بریں قول و عہد و پیمانند
کہ ز اہل زباں نہ بود قتیل
ہرگز از اصفہاں نہ بود قتیل
لاجرم اعتماد را نہ سزد
گفتہ اش استناد را نہ سزد

۱- مراد یہ ہوئی کہ غالب پر جو اعتراضات کیے گئے ، وہ بددیانتی اور کینہ پروری پر مبنی تھے ۔ یہ اچھی معذرت ہو رہی ہے- پھر دوسرے مصرع میں اپنا جو بلند مقام بتایا ہے ، اس کا تو جواب ہی نہیں ۔

ان اشعار کے بعد جن سے ظاہر ہوتا ہے کہ غالب اگرچہ اصفہان کا نہیں لیکن اس کی زبان مستند ہے، وہ اسیر کی، صائب کی، عرفی کی، نظیری کی، سعدی کی، طالب کی، خاقانی کی اور ظہوری کی تعریف کرتا ہے، اور پھر کہتا ہے کہ احباب کو خوش کرنے کے لیے اور جنگ کو صلح میں بدلنے کے لیے میں قتیل کی تعریف کرتا ہوں (ہر چند کہ وہ اس کا سزا وار نہیں ہے) ۔

قتیل کی تعریف میں جو شعر کہے گئے ہیں، ان کا نقل کرنا بے کار ہے۔ ان اشعار میں غالب نے قتیل کو انوری اور خاقانی سے بڑھا دیا ہے۔ یا تو یہ صورت تھی کہ قتیل کسی طرح مستند ہی نہ تھا یا پھر یہ صورت ہوئی کہ انوری اور خاقانی اس کے سامنے ہاتھ باندھ کے کھڑے ہو گئے ۔ اب آپ خود انصاف فرمائیے کہ یہ صلح ہوئی یا اعلان جنگ ۔

حالی نے غالب کا یہ شعر اگرچہ بہ ظاہر صحیح ترتیب سے نقل نہیں کیا لیکن بہرحال مطلب واضح ہے :

آنکہ طے کردہ ایں مواقف را
چہ شناسد قتیل و واقف را[1]

میں اس بات کا اصولی جواب دے چکا ہوں کہ غالب نے قتیل کو جن اعتراضات کا ہدف بنایا ہے اور واقف کو جن الزامات کا ملزم ٹھہرایا ہے، خود غالب کی ذات بھی انھی اعتراضات کا

۱- یادگار : ۲۳ - تعجب کی بات ہے کہ مجھے متفرقات میں صفحات ۱۱۵ سے ۱۴۰ تک یہ شعر نہیں ملا ، البتہ احوال میں یہ شعر درج ہے (صفحہ ۲۰۶) - ایسا معلوم ہوتا ہے کہ مسعود حسن رضوی سے سہو ہوا ہے اور غالباً یہ سہو کتابت ہے ورنہ وہ تصریح کر دیتے کہ میرے نسخے میں یہ مشہور شعر نہیں ملتا -

ہدف بنتی ہے ۔ غالب کسی طرح بھی دعویٰ نہیں کر سکتا کہ اسے فارسی زبان کے اسرار و رموز کے سلسلے میں دوسرے فارسی شناسان ہندی نژاد پر اصولاً کوئی تفوق حاصل ہے۔ ملا عبدالصمد کا مسئلہ میں ابھی طے کرتا ہوں ، پہلے یہ دیکھ لینا چاہیے کہ کیا قتیل اور واقف اتنے گئے گزرے ہوگئے کہ غالب ان کے متعلق یہ کہہ سکے کہ میں ان کو جانتا بھی نہیں ، خاطر میں بھی نہیں لاتا ۔ خواجہ احمد فاروقی نے اس سلسلے میں جو تفصیلی بحث کی ہے ، وہ بہت مفید ہے[1]۔

اکرام الحق[2] کا بیان ہے کہ قتیل کا خاندان بٹالے کا رہنے والا تھا لیکن وہ خود دہلی میں پیدا ہوا ، تاریخ ولادت ۱۱۷۲ ہجری ہے ۔ اس کو فرید آبادی بھی کہتے ہیں اور غالب نے فرید آبادی کہہ کر بڑی حقارت کا اظہار کیا ہے ، لیکن اس کا کیا علاج کہ فرید آباد دہلی کا ایک محلہ ہے ۔ ''نشتر عشق،، کے بیان کے مطابق ۱۲۳۳ ہجری میں وفات ہوئی ، لیکن صاحب ''شمع انجمن،، ۱۲۴۰ھ بتاتے ہیں ۔ قتیل نے شمالی ہندوستان کی خوب سیر کی اور فارسی میں اچھی خاصی استعداد بہم پہنچائی ۔ معاملہ بندی میں اس کی مشہور غزل نظیری کے تتبع میں ہے :

ما را بہ غمزہ کشت و قضا را بہانہ ساخت
خود سوے ما نہ دید و حیا را بہانہ ساخت
دستے بدوش غیر نہاد از رہ کرم
ما را چو دید لغزش پا را بہانہ ساخت

۱- احوال : ۱۹۳ تا ۲۱۲ -
۲- فی الهند : ۶۰ -

آمد برون خانه چوں آواز ما شنید
بخشیدن نوال گدارا بہانه ساخت
خون قتیل بے سرو پا را به پاے خویش
مالید آں نگار و حنا را بہانه ساخت[1]

نورالعین واقف اکرام کے قول کے مطابق بٹالے کے رہنے والے تھے - آرزو یه کہتے ھیں که واقف شرفاے پنجاب میں سے ھے - اس کا باپ یا جد انبالے کا قاضی تھا اور انباله مضافات لاھور میں ایک قصبه ھے - واقف خان آرزو کا شاگرد ھے - شیخ محمد اکرام نے "ارمغان پاک" میں تاریخ وفات ۱۱۹۰ ھجری اور جاے وفات بہاول پور بتائی ھے ، سند پیش نہیں کی - اکرام کے قول کے مطابق وہ چھبیس صفر ۱۲۰۲ ھجری میں فوت ھوا اور بٹالے کے

۱- میں سمجھتا ھوں که یه شعر (فی الهند ٦۰) قتیل کے تمام ادبی گناھوں کا کفارہ ھیں - اس زمین میں اور استادوں نے بھی معرکے کی غزلیں کہی ھیں ، مثلاً یه دو شعر مجھے یاد ھیں ، اگرچه معلوم نہیں کس کے ھیں :

زاهد نه داشت تاب جمال پری رخاں کنجے گرفت و یاد خدا را بہانه ساخت
رفتم به مسجدے که به بینم جمال دوست دستے به رخ کشید و دعا را بہانه ساخت

اکرام نے لکھا ھے که اس زمین میں نظیری کی بھی غزل ھے اور اس کا یه شعر نقل کیا ھے :

مستانه می گذشت نظیری به کوے یار آنجا رسید و سستی پا را بہانه ساخت

مجھے یه شعر نظیری کی غزلیات (مطبوعه مبارک علی) لاھور میں نہیں ملا ، ھو سکتا ھے که اکرام صاحب کے سامنے نظیری کا کوئی اور نسخه ھو ، یوں کسی سخن آشنا دوست سے یه سنا بھی نہیں که اس زمین میں نظیری کی غزل ھے - نظیری کا جو ایرانی ایڈیشن شائع ھوا ھے ، وہ میری دسترس میں نہیں اس لیے به تحقیق نہیں کہه سکتا -

باہر قبرستان موسوم بہ ''گنبد قاضی'' میں دفن ہوا۔ اشعار سے ثابت ہوتا ہے کہ کم از کم ۷۰ برس کی عمر پائی ، تخمینہ یہ ہے کہ بارھویں صدی ھجری کے اوائل میں پیدا ہوا ہوگا۔ مذہباً شیعہ تھا ، اگرچہ کسی حد تک تصوف کو بھی اس کے عقیدے میں دخل تھا۔ دیوان کے مطالعے سے معلوم ہوتا ہے کہ معمولی استعداد کا مالک تھا ، سیر و سیاحت بہت کی ہے ، دکن بھی پہنچا ہے اور زیارت بیت اللہ سے بھی مشرف ہوا ہے ، آزاد وضع اور درویش مزاج تھا۔ اکرام الحق کے پاس ایک قلمی نسخہ موجود ہے جو ۱۲۷۸ ھجری کا لکھا ہوا ہے۔ ان کی انتقادی رائے یہ ہے کہ واقف کی شاعری کی بڑی خصوصیت مضمون آفرینی ہے[1] ۔

حال ہی میں پنجابی ادبی اکیڈیمی نے غلام ربانی عزیز کا ترتیب دیا ہوا 'دیوان واقف' شائع کیا ہے۔ غلام ربانی کے قول کے مطابق اس نے ۱۱۹۰ ھجری مطابق ۱۷۷۸ء میں وفات پائی۔ اسے اکثر لاھوری بھی کہتے ہیں۔ ربانی نے اس دیوان کی ترتیب میں 'دیوان واقف' کا وہ خطی نسخہ استعمال کیا ہے جو اس کی زندگی میں مرتب ہو چکا تھا۔ واقف نے اس کی تصحیح بھی کی تھی اور مختلف مقامات پر امضا بھی کیا تھا[2] ۔

واقف کا یہ دیوان بڑی تقطیع کے ۸۴۵ صفحات کو محیط ہے۔ اس دیوان میں وہ غزل موجود ہے جو واقف کا شعری کارنامہ ہے اور جسے پڑھنے کے بعد اس کی جلالت قدر کا صحیح اندازہ کرنے میں مدد ملتی ہے۔ میں یہ غزل پوری نقل کرتا ہوں تاکہ

۱- فی الہند : ۲۳۷ تا ۲۵۶ -

۲- واقف : الف تا یا

اس کے اسلوب کلام کا اندازہ ہو جائے اور غزل میں جو موڈ کا تسلسل ہے ، اس سے بھی پڑھنے والوں کو آگاھی حاصل ہو جائے۔ اس غزل کی زبان ، اس کا لہجہ ، اس کا روزمرہ ، اس کا محاورہ اور اس میں ایک سپردگی کی خاص کیفیت ظاہر کرتی ہے کہ واقف کو فارسی زبان پر نہ صرف قدرت حاصل تھی بلکہ وہ اس زبان کے رموز و اسرار سے کاملاً آگاہ تھا اور غالب کا واقف کو حقارت سے مسترد کردینا سخت ناانصافی کی بات ہے :

هر غنچه بشکفت الا دل من اى وا دل من اى وا دل من
ناله چو بلبل شبها دل من عاشق دل من شیدا دل من
در کنج هجراں جاں داد آخر بے کس دل من تنها دل من
ویرانهٔ عشق معمورۂ حسن مجنوں دل من لیلا دل من
باسنگ طفلاں یا رب چه سازد نازک دل من مینا دل من
مقبول دیر و مردود کعبه کافر دل من ترسا دل من
نے خوں شداز غم نے آب از درد آهن دل من خارا دل من
از ربط الفت دارد تپیدن آں جا دل او ایں جا دل من
گر دیده رازش افشا نه کردی زینساں نگشتی رسوا دل من
گه می فشارد گه می گزارد یارب چه دارد غم با دل من
در کوئے خوباں تا راهش افتاد غلطید در خوں صد جا دل من
رحمی نداری با یک مسلماں کافر دل من ترسا دل من
گفتی که دارد ایں گونه خوارت مرزا دل من آقا دل من
دارد سر من دارد سر او پنهاں دل او پیدا دل من
واقف سرشکم رنگین بر آمد امروز خوں شد گویا دل من[1]

میں اس ضخیم دیوان سے مزید غزلیں بھی نقل کر سکتا ہوں لیکن بے کار سمجھتا ہوں کہ جس اسلوب کلام کا اظہار اس

۱- واقف : ۶۵۹ -

غزل میں ہوا ہے، اس کی تائید مزید کے لیے شہادتیں مہیا کروں۔ واقف کے پورے دیوان میں زبان اور بیان پر عبور کی یہی کیفیت ملے گی اور غالب کی حقیقت ناشناسی واضح ہوگی۔

غالب نے اپنے وجود معنوی کی مدافعت کے لیے جو خط دفاعی تیار کیا تھا کہ میں فارسی زبان کا محقق ہوں اور اس زبان کے رموز و اسرار کا رازدار ہوں، کلکتے میں اس خط کی شکست و ریخت شروع ہوئی اور ایسا معلوم ہوتا ہے کہ غالب ذہنی طور پر اندر ہی اندر سلگتا رہا اور سوچتا رہا کہ زبان دانی کے میدان میں اس کی جو بے آبروئی ہوئی ہے، اس کی تلافی کرے۔ اس کا موقع اسے یوں ملا کہ جب وہ ''دستنبو'' کے لکھنے سے فارغ ہوا تو خانہ نشینی کے دنوں میں مطالعے میں وقت گزارنے لگا۔ اس کے پاس ان دنوں صرف ''برہان قاطع'' تھی۔ (تالیف محمد حسین تبریزی)۔ خود مؤلف ہندوستان میں پیدا ہوا تھا اور بیش تر عمر دکن میں گزری تھی۔ غالب نے اس کتاب پر اعتراضات کیے اور اپنی کتاب کا نام ''قاطع برہان'' رکھا۔ یہ تصنیف ۱۸۶۰ عیسوی میں مکمل ہوئی (مطابق ۱۲۷۸ ہجری)۔ اس کی طباعت ۱۲۷۸ ہجری میں ہوئی۔ اس کتاب کی اشاعت کے ساتھ ہی ہندوستان کے عام فارسی دانوں نے جو کلکتے میں غالب کا موقف اور طرز عمل دیکھ چکے تھے، ہنگامہ برپا کر دیا اور غالب کو تا دم زیست اس ہنگامے سے نجات نہ ملی[1]۔ اور ابوالکلام آزاد کا بیان ہے کہ ۱۸۵۷ء کے ہنگامے میں غالب قلعے سے بالکل بے تعلق نہیں ہوا۔ لیکن نہ صرف قرائن اس بات کے موید ہیں کہ اس نے اپنا بیش تر وقت خانہ نشینی میں گزارا بلکہ خارجی

۱- غالب: ۳۳۴، ۳۳۶۔

شہادتیں بھی اسی حقیقت کی طرف اشارہ کرتی ہیں[1]۔

اس میں کوئی شک نہیں کہ ''برہان قاطع،، اغلاط سے پاک نہیں لیکن کس لغت کے متعلق دعوی کیا جا سکتا ہے کہ وہ اغلاط سے پاک ہے؟

میرے سامنے نول کشور کا نسخہ ہے (بار سوم)، یہ ۱۱۳۵ صفحات کو محیط ہے، بڑی تقطیع ہے، ہر صفحے پر دو کالم ہیں۔ اندازہ کیا جا سکتا ہے کہ اس میں کلمات کس کثرت سے درج ہوں گے۔ برہان قاطع کی اہمیت کا اندازہ اسی سے لگایا جا سکتا ہے کہ جب ایران والوں نے ایک مفصل اور تحقیقی فارسی فرہنگ کی اشاعت کی ضرورت محسوس کی تو انھوں نے ''برہان قاطع،، کو متن قرار دیا۔ یہ لغت محمد معین کے اہتمام سے شائع ہو چکی ہے اور اس پر علی اکبر دہ خدا، ابراہیم پور داؤد، علی اصغر حکمت اور سعید نفسی کے مقدمات شامل ہیں۔ ابراہیم پور داؤد نے بتایا ہے کہ ''دساتیر،، جو لغت کی ایک جعلی کتاب ہے، فارسی زبان پر لعنت کی طرح مسلط ہو گئی اور اس کے مختلف کلمات مختلف لغات میں شامل ہو گئے۔ برہان میں بھی یہ مجعول کلمات ملتے ہیں لیکن یاد رہے کہ غالب بھی اس بات سے آگاہ نہیں کہ ''دساتیر،، ایک مجعول فرہنگ ہے اور اس سے استشہاد کرنا بالکل غلط ہے۔ اسی طرح علامہ علی اکبر نے بتایا ہے کہ فارسی کے مشہور لغت فرہنگ شعوری میں بھی ہر قسم کے اغلاط ملتے ہیں۔ خود برہان قاطع کے متعلق علی اصغر حکمت نے بڑی تفصیل سے بتایا ہے کہ برہان قاطع میں کیا خوبیاں ہیں اور تسلیم کیا ہے کہ اس میں نقائص موجود ہیں اور ساتھ ہی یہ بھی کہا ہے کہ یہ نقائص تمام پرانی لغات

۱- نقش آزاد: ۲۹۹ تا ۳۰۳ لیکن دیکھیے احوال، یادگار غالب، غالب نامہ، نقد غالب اور نادرات۔

میں موجود ھیں۔ آخر میں لکھا ھے کہ برھان قاطع اپنے اثر اور زمانے کے اعتبار سے نہایت مفید معلومات رکھتی ھے اور ایک بلند مرتبے کی حامل ھے۔

غالب نے 'برھان قاطع' پر جو اعتراضات کیے ھیں ان کے متعلق محمد معین کا فیصلہ یہ ھے کہ بعض معاملات میں غالب سچا ھے، بعض اعتراضات غلط ھیں اور بہت سے مواقع ایسے ھیں کہ غالب نے نزاع لفظی کو مدار اختلاف بنا لیا ھے۔

ایرانی مصنفوں کی یہ آرا پڑھنے کے بعد کوئی شبہ نہیں رھتا کہ برھان قاطع ایک نہایت مستند لغت ھے اور اگر غالب نے اس میں کچھ غلطیاں نکال بھی دیں تو کوئی حشر برپا نہیں ھوگیا کہ ھر لغت میں غلطیاں موجود ھوتی ھیں جیسا کہ میں خود فرھنگ غالب کی بعض غلطیاں پیش کروں گا[1]۔

'فرھنگ انجمن آرائے ناصری' جو ایرانی الفاظ کی ایک مستند لغت ھے، غالب کے بعض اعتراضات کو صحیح تسلیم کرتی ھے لیکن اکثر 'برھان قاطع' کی تائید ھی کا پہلو مصنف کی تحریر سے نکلتا ھے۔

غالب کی علمی اور تحقیقی قابلیت اور 'برھان قاطع' کے قصے کے متعلق تفصیلی معلومات کا تذکرہ قاضی عبدالودود نے اس انداز میں کیا ھے کہ اب یہ معاملہ تیقن کی حدود میں جا پہنچا ھے کہ غالب کی تحقیق و تدقیق نہایت ناقص تھی[2]۔

اس بیان سے یہ مقصود نہیں کہ غالب کو فارسی زبان کے مزاج سے آگاھی نہیں یا وہ فارسی کی شعری روایات سے بے خبر ھے، صرف

۱- برھان: مقالات پور داؤد، علی اکبر دہ خدا، علی اصغر حکمت سعید نفسی، محمد معین، بالخصوص صفحہ ۱۱۳-

۲- نقد: ۳۴۵ تا ۵۴۴-

یہ کہنا مطلوب ہے کہ لسانی تحقیقات میں غالب کا کوئی مقام نہیں ہے۔ یہ بات آگے چل کر واضح ہوگی کہ اگرچہ اس کا ذخیرۂ الفاظ بہت محدود نہیں لیکن جن کلمات کو وہ ٹھیک پہچانتا ہے، انھیں اس طرح پہچانتا ہے جس طرح پہچاننے کا حق ہوتا ہے، لیکن ابھی اس بات کی گرہ کشائی کا وقت نہیں آیا۔

جیسا کہ پہلے کہا گیا ہے، غالب کو نہ صرف اپنی فارسی دانی پر ناز تھا بلکہ اس بات پر بھی غرور تھا کہ وہ لسانی اعتبار سے فارسی کلمات کے رگ و ریشہ سے واقف ہے۔ جب برہان قاطع اور اور قاطع برہان کا سلسلہ اپنی ہنگامہ آرائی کے عروج پر پہنچا تو غالب نے آخر کار فیصلہ کیا کہ عدالت کے ذریعے اپنی علمیت اور فضیلت جمہور پر ثابت کرے۔ یہ فیصلہ کس قدر غلط تھا، مقدمے کے انجام نے ثابت کر دیا۔ مشرق میں یہ دستور ہے کہ جس شخص کو فوجداری مقدمے میں ماخوذ کیا جاتا ہے، عموماً ہم دردی اسی کے ساتھ ہوتی ہے اور گواہان استغاثہ کو بہ سہولت قانونی اصطلاح میں بٹھایا جا سکتا ہے۔ غالب نے ۱۸۶۷ء میں مولوی امین الدین مصنف 'قاطع قاطع' پر ازالۂ حیثیت عرفی کی نالش کرنے کا فیصلہ کیا کہ اس تصنیف میں کثرت سے فحش اور ناشائستہ الفاظ تھے۔ غالب نے استغاثے میں فحش کلمات اور اشارات کی نشان دہی کی اور مدعاعلیہ نے 'قاطع قاطع' کو اپنی تصنیف تسلیم کرتے ہوئے جرم کے ارتکاب سے انکار کیا۔ جتنے فحش اشارات تھے، اُن کی نہایت رکیک اور بیہودہ تاویل کی۔ اس کے باوجود غالب کے خلاف پڑھے لکھے آدمی بہ حیثیت گواہ پیش ہوئے اور انھوں نے امین‌الدین کی تاویلات رکیک کی تائید کی۔ جب غالب پر یہ بات واضح ہوئی کہ اگر مقدمہ جاری رہا تو غالباً فیصلہ ان کے خلاف ہوگا، علم اور فضیلت کی دھاک تو کیا بیٹھے گی،

مزید بے آبروئی ہوگی، تو غالب نے آخر کار ۲۲ مارچ ۱۸۶۸ء کو اپنے وکیل عزیزالدین کے ذریعے عرضی دی کہ مجھ میں اور مولوی امین الدین میں رؤسائے شہر نے سمجھوتا کرا دیا ہے، باہم رضامندی ہوگئی ہے، مقدمہ داخل دفتر کیا جائے۔ چنانچہ اوبرین صاحب بہادر کی عدالت سے مقدمہ خارج ہوا اور کاغذات داخل دفتر ہوئے۔

عمر کے اس مرحلے پر جب غالب کا خیال تھا کہ اب لوگ نہ صرف اس کے مقام سخن سرائی سے آگاہ ہیں اور اس کی فضیلت علمی پر مطلع ہیں بلکہ اس کی رئیسانہ آبرو کے بھی محافظ ہیں، اس مقدمے کا خارج ہونا قیامت ہوگیا۔ اسے طبعاً سخت رنج گزرا ہوگا کہ ہر طرح اس کی بے آبروئی کی گئی اور اس کی تضحیک کا سامان بہم پہنچایا گیا۔ قیاس چاہتا ہے کہ اس کی وفات جو اس قضیے کے ایک سال بعد واقع ہو جاتی ہے، کسی حد تک اس ذہنی کوفت کو بھی اس حادثے میں دخل ہوگا جو اسے اٹھانا پڑی۔ مقدمے کی تفصیلات اب 'احوال غالب' میں دیکھی جا سکتی ہیں [1]۔

ہرمزد یا عبدالصمد کی داستان

میں نے کہا تھا کہ مجھے ذاتی طور پر اس بات کا یقین ہے کہ ہرمزد یا عبدالصمد ایک وجود فرضی ہے اور غالب نے مصلحتاً اس کی تخلیق کی ہے۔ اس سلسلے میں جو کچھ قاضی عبدالودود نے لکھ دیا ہے، اس پر اضافہ ناممکن ہے، اسی لیے میں انھی کے بیانات کی نہایت مختصر تلخیص پیش کرتا ہوں [2]۔ جہاں

۱- احوال، مضمون ڈاکٹر مولوی عبدالحق: ۱۳۹ تا ۱۷۱۔

۲- احوال: ۲۲۴ تا ۲۶۵ - علی گڑھ میگزین، غالب کا ایک فرضی استاد: ۶۵ تا ۷۷۔

میں نے قاضی صاحب کی تلخیص کے سلسلے میں خود کسی رائے کا اظہار کرنا چاہا ہے، وہاں متن کی بجائے حاشیے سے کام لیا ہے۔

قاضی صاحب کے دلائل کہ ہرمزد یا ملاعبدالصمد وجود خارجی نہیں رکھتا تھا اور غالب کی ذہنی تخلیق تھا، ان تین بنیادوں پر استوار ہیں:

(۱) غالب کے سوا قطعاً کوئی شخص اس بات کا مدعی نہیں کہ میں نے ہرمزد یا عبدالصمد کو دیکھا ہے یا اس سے باتیں کی ہیں۔ جو شخص بھی عبدالصمد کا ذکر کرتا ہے، غالب ہی کے حوالے سے کرتا ہے۔

(۲) خود غالب کے بیانات عبدالصمد کے سلسلے میں متضاد ہیں۔ کبھی تو وہ کہتا ہے کہ اس شخص نے مجھے فارسی زبان کے اسرار و رموز سے آگاہ کیا اور کبھی کہتا ہے کہ مجھے خدا کے سوا اور کسی سے فیض تلمذ حاصل نہیں ہوا۔

(۳) حالی کے بیانات عبدالصمد کے سلسلے میں مبہم ہیں۔ زیادہ سے زیادہ یہ کہا جا سکتا ہے کہ حالی نے غالب کے متضاد بیانات میں مطابقت پیدا کرنے کی کوشش کی تھی جس میں وہ ناکامیاب رہے۔

قاضی صاحب کا خیال ہے کہ غالب نے عبدالصمد کی تخلیق اس لیے ضروری سمجھی کہ اسے قاطع برہان کی تحریر کے وقت عام لوگوں کی صریح مخالفت کا علم تھا۔ وہ چاہتا تھا کہ بے استادا نہ کہلائے اور اپنے دعووں کے اثبات کے لیے ایک ایسے آدمی کا سہارا لے جو ایرانی نژاد ہو اور جس کا فرمودہ فارسی دانان ہندی نژاد کے لیے سند ہو۔

مالک رام نے قاضی صاحب کے اس موقف کو صحیح تسلیم نہیں کیا لیکن ان کے دلائل جن کا خلاصہ خود قاضی صاحب نے احوال میں درج کر دیا ہے، نہ صرف یہ کہ قاطع نہیں ہیں بلکہ اتنے کم زور ہیں کہ غور اور تعمق کے بغیر ان کی تردید کی جا سکتی ہے[1]۔

حالی کے متعلق قاضی صاحب کا یہ بیان بالکل درست ہے کہ اس نے مرزا غالب کے متضاد بیانات کی مطابقت میں ٹھوکر کھائی اور غالباً اس لغزش کی وجہ حالی کی غالب سے وہ عقیدت تھی جو شیفتگی اور فریفتگی کی حد تک پہنچی ہوئی تھی۔

حالی کہتا ہے: ”کبھی کبھی مرزا کی زبان سے یہ بھی سنا گیا ہے کہ مجھ کو مبدائے فیض کے سوا کسی سے تلمذ نہیں ہے اور عبدالصمد محض ایک فرضی نام ہے۔ چوں کہ مجھ کو لوگ بے استاد کہتے تھے، ان کا منہ بند کرنے کو میں نے ایک فرضی استاد گھڑ لیا ہے۔“ مگر اس میں شک نہیں کہ عبدالصمد فی الواقع ایک پارسی نژاد آدمی تھا اور مرزا نے اس سے کم و بیش فارسی زبان سیکھی تھی۔ چنانچہ مرزا نے جا بجا اس کے تلمذ پر اپنی تحریروں میں فخر کیا ہے اور اس کو بہ لفظ تیمسار جو پارسیوں کے ہاں نہایت تعظیم کا لفظ ہے، یاد کیا ہے۔ لیکن جیسا کہ مرزا نے اپنی بعض تحریروں میں تصریح کی ہے، مرزا کی چودہ برس کی عمر تھی جب عبدالصمد ان کے مکان پر وارد ہوا ہے اور کل دو برس اس نے وہاں قیام کیا۔ پس جب یہ خیال کیا جاتا ہے کہ مرزا کو کس عمر میں اس کی صحبت میسر

۱۔ احوال: ۲۳۴ تا ۲۶۵۔ مالک رام کے اعتراضات کا جواب استدراک (۲۰۸) سے شروع ہوتا ہے

آئی اور قدر قلیل مدت اس کی صحبت میں گزری تو عبدالصمد اور اس کی تعلیم کا عدم و وجود برابر ہو جاتا ہے۔

اس لیے مرزا کا یہ کہنا کچھ غلط نہیں ہے کہ مجھ کو مبدائے فیض کے سوا کسی سے تلمذ نہیں ہے۔ ایک جگہ مرزا نے مبدأ فیاض سے مستفید ہونے کا مضمون نہایت عمدگی سے باندھا ہے اور وہ شعر یہ ہے:

آنچہ در مبدأ فیاض بود آن من ست
گل جدا نا شدہ از شاخ بداماں من ست

ایک اور مقام پر اس سے بھی زیادہ عمدہ طریقے سے یہ مطلب ادا کیا ہے، وہ کہتے ہیں:

بہ اخذ فیض ز مبدا فروزم از اسلاف
کہ بودہ ام قدرے دیر تر دراں درگاہ
ظہور من بجہاں دو ہزار و بست و دویست
ظہور خسرو و سعدی بہ شش صد و پنجاہ

ملا عبدالصمد علاوہ فارسی زبان کے جو اس کی مادری زبان اور اس کی قوم کی مذہبی زبان تھی، عربی زبان کا بھی جیسا کہ مرزا نے لکھا ہے، بہت بڑا فاضل تھا۔ اگرچہ مرزا کو اس کی صحبت بہت کم میسر آئی مگر مرزا جیسے جوہر قابل کو صغرسن میں ایسے شفیق، کامل اور جامع اللسانین استاد کا مل جانا ان نوادر اتفاقات میں سے تھا جو بہت کم واقع ہوتے ہیں۔ اگرچہ مرزا کو اس سے زیادہ مستفید ہونے کا موقع نہیں ملا مگر اس کے فیض صحبت نے کم سے کم وہ ملکہ ضرور مرزا میں پیدا کر دیا تھا جس کی نسبت کہا گیا ہے کہ ''اگر حاصل شود خواندہ

و نا خوانده برابر است ، و اگر حاصل نشود هم خوانده و ناخوانده برابر ۔،، معلوم ہوتا ہے کہ مرزا کی حسن قابلیت اور حسن استعداد نے ملا عبدالصمد کے دل پر گہرا نقش بٹھا دیا تھا کہ یہاں سے چلے جانے کے بعد بھی وہ مدت تک مرزا کو نہیں بھولا ۔ نواب مصطفیٰ خاں مرحوم کہتے تھے کہ ملا کے ایک خط میں جو اس نے مرزا کو کسی دوسرے ملک سے بھیجا تھا ، یہ فقرہ لکھا تھا : ''اے عزیز ! چہ کسی کہ بایں ہمہ آزادی ہا گاہ گاہ بخاطر می گذری ۔،، اس سے معلوم ہوتا ہے کہ جو کچھ دو برس کے قلیل عرصے میں وہ مرزا کو سکھا سکتا تھا ، اس میں ہرگز مضائقہ نہ کیا ہوگا اور جیسا کہ ''قاطع برہان،، اور ''درفش کاویانی،، کے دیکھنے سے ظاہر ہوتا ہے ، اس نے تمام فارسی زبان کے مقدم اصول اور گر اور پارسیوں کے مذہبی خیالات اور اسرار جن کو فارسی زبان کے سمجھنے میں بہت بڑا دخل ہے اور پارسی و سنسکرت کا متحدالاصل ہونا اور اسی قسم کی اور ضروری باتیں مرزا کے دل میں بوجہ اوفی[1] تہ نشین کر دی تھیں[2] ۔

ہمارے انشاپردازوں میں حالی سے زیادہ مخلص ، دیانت‌دار اور باضمیر شخص ملنا دشوار ہے ۔ اس نے جو کچھ لکھا ہے ، اس میں تذبذب ، انتشار ، بے ربطی اور استخراج نتائج میں غلطیاں اس قدر ہیں کہ حالی کی وضع احتیاط کے پیش نظر یہی کہنا پڑتا ہے کہ بیان حقیقت میں کوئی ایسی چیز سدراہ تھی جو حالی کے لیے گتھی بن گئی کہ کسی طرح سلجھتی ہی نہ تھی ۔ ظاہر ہے کہ یہ چیز عقیدت تھی اور یہ عقیدت ہی کے کرشمے ہیں کہ حالی نے جو کچھ لکھا ہے ، اس کا بہ کمال دیانت خلاصہ پیش

۱- اولیٰ ؟

۲- یادگار : ۱۳ تا ۱۵ -

کیا جائے تو اس کی صورت یہ ہو گی:

(الف) عبدالصمد نہایت عالم اور فاضل استاد تھا۔ اس نے فارسی زبان کے تمام اسرار و رموز اور پارسیوں کے مذہبی خیالات و افکار مرزا کے ذہن نشین کر دیے تھے۔

(ب) غالب عبدالصمد سے چودہ برس کی عمر میں ملا ہے اور اس استاد اجل نے غالب کے پاس صرف دو سال قیام کیا ہے، اس لیے عبدالصمد اور اس کی تعلیم کا عدم و وجود برابر ہو جاتا ہے۔

مراد یہ ہے کہ عبدالصمد نے غالب کو فارسی زبان کے تمام اسرار و رموز سے آگاہ بھی کر دیا لیکن بالکل آگاہ بھی نہیں کیا۔ مرزا کو فارسی پر قدرت تام بھی حاصل ہو گئی لیکن اس زبان کے متعلق غالب کو عبدالصمد سے کچھ معلومات بھی حاصل نہ ہو سکیں۔

بات صرف یہیں ختم نہیں ہو جاتی، حالی صراحت سے کہتا ہے کہ غالب کے بیانات کے مطابق غالب نے ایک فرضی استاد گھڑ لیا ہے جس کا نام عبدالصمد رکھا ہے۔ لیکن غالب کے اس بیان کے باوجود اس میں کوئی شک نہیں کہ عبدالصمد فی الواقع ایک آدمی تھا۔ اب غور فرمائیے حالی کیا کہہ رہا ہے۔ غالب تو تصریح کر رہا ہے کہ میں نے ایک کردار تخلیق کیا ہے۔ کوئی خارجی شہادت اس کردار کے وجود کا اثبات نہیں کرتی لیکن حالی کا پھر بھی یہ دعویٰ ہے کہ اس میں کوئی شک نہیں کہ عبدالصمد فی الواقع ایک پارسی نژاد آدمی تھا۔

جہاں تک غالب کے دعووں کا تعلق ہے تو ان کے متعلق صرف اتنا کہہ دینا کافی ہے کہ جہاں دو بیانات جو بہ صراحت و

بہ وضاحت ایک دوسرے کی ضد ہوں ، ایک شخص سے منسوب کیے
جائیں گے تو یہ نتیجہ حتماً نکلے گا کہ ایک بیان غلط ہے۔ عام
لوگ جس جرم کو حلف دروغی کہتے ہیں (حلف اٹھا کر عدالت مجاز
میں یہ سمجھ کر جھوٹی شہادت دینا کہ شہادت جھوٹی ہے۔
یا اس بات پر یقین رکھ کے کہ میں جھوٹی بات کہہ رہا ہوں ،
عدالت میں کوئی بات کہنا جو چاہے سچ ہی کیوں نہ ہو)
اس میں فرد قرار داد جرم صریح متضاد اور متناقض بیانات کے
متعلق یوں مرتب کی جاتی ہے کہ تم نے یعنی ملزم نے دو
بیانات دیے جو ایک دوسرے کی ضد ہیں ، تو ظاہر ہے کہ ایک
بیان جھوٹا ہے۔ ایسی صورت میں استغاثے کے لیے یہ ضروری نہیں
کہ وہ کسی ایک بیان کو غلط ثابت کرے ، صریحاً متضاد
بیانات میں سے کسی بیان کو جھوٹا سمجھ کر عدالت ملزم کو
سزا دے سکتی ہے۔ اگر صورت ارتکاب جرم کی نہ ہو اور بحث اس
بات پر ہو کہ جس شخص نے صریحاً متضاد بیانات دیے ہیں ،
اس کی شہادت کو کیا رتبہ دیا جائے ؟ تو طبعاً عدالت کا فیصلہ
یہ ہوتا ہے کہ ایسے شخص کے کسی بیان پر اعتماد نہیں کیا
جا سکتا ۔ حالی کے جوش عقیدت سے قطع نظر کر لیجیے ، غالب
کے پاس تو کوئی جواز ہی نہیں کہ وہ کذب صریح کا مرتکب ہو۔
مالک رام صاحب نے غالب کی مدافعت میں اگرچہ بہت زور لگایا ہے
لیکن بات اس سے آگے نہیں بڑھی کہ مزید تحقیقات کی عدم موجودگی
میں یہی سمجھا جائے گا کہ عبدالصمد ایک وجود فرضی تھا ۔
اس سلسلے میں غالب کے بیانات سے قطع نظر کر لیا جائے گا
اور دوسری خارجی شہادتوں پر اعتماد کرنا پڑے گا۔ جیسا کہ
میں پہلے کہہ چکا ہوں اور قاضی عبدالودود ثابت کر چکے ہیں ،
عبدالصمد کے موجود فی الخارج ہونے کی کوئی مستند دلیل اس

وقت تک ہماری دسترس میں نہیں ہے اور جتنے خارجی قرینے موجود ہیں وہ سب نہ تو حالی کی مطابقت کی کوشش کی تائید کرتے ہیں، نہ یہ ظاہر کرتے ہیں کہ غالب کا کون سا بیان سچا ہے۔ ایسی صورت میں غالب کے دونوں متناقض بیانات کو غلط تسلیم کرنا پڑے گا۔

غالب نے ملا عبدالصمد کے حوالے سے یہ دعویٰ کیا ہے کہ فارسی میں دو حرف متحدالمخرج بلکہ قریب المخرج موجود نہیں۔ س ہے ث و ص نہیں، ت ہے ط نہیں، الف ہے ع نہیں، غ ہے ق نہیں، ز ہے ض اور ظ نہیں۔ اس صورت میں یہ کیوں کر روا رکھا جا سکتا ہے کہ دو حرف متحدالمخرج ذ اور ز فارسی میں موجود ہوں[۱]''

(۳)

پنشن کے سلسلے میں اس نے جو کوشش کی ہے، اس سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ لوگوں کی عام روش سے آگاہ تھا، یعنی یہ کہ رسوخ اور وجاہت خاندانی بڑی چیز ہے لیکن اس کے

۱۔ احوال : ۲۳۶ ۔ واضح رہے کہ فارسی میں ذال اور دال کا مسئلہ بہت پیچیدہ ہے اور محض عبدالصمد کے حوالے سے حل نہیں ہو سکتا ۔ اس سلسلے میں بہت معرکے کے مقالے لکھے گئے ہیں ۔ دال اور ذال کے محل استعمال کے متعلق محقق طوسی کی یہ رباعی مشہور ہے :

آنانکہ بہ پارسی سخن می رانند در معرض دال ذال را بنشانند
ما قبل وے ار ساکن جز ''واے'' بود دال است وگرنہ ذال معجم خوانند

''واے'' سے مراد حروف علت کا مجموعہ ہے (یعنی واؤ، الف اور یای) ، اگر دال سے پہلے کا حرف ساکن ہے تو دال ذال پڑھا جائے گا بشرطیکہ حروف علت میں سے کوئی حرف ما قبل موجود نہ ہو۔ مثلاً استاد، دال سے پہلے حرف علت ہے تو دال کی بجائے ذال پڑھا جائے گا ۔ (جمع اساتذہ) اسی طرح لوذ کہ حرف علت ماقبل موجود ہے۔ کتابت میں یہ طریقہ دیر تک ملحوظ رہا اور مسودات میں اب بھی نظر آتا ہے ۔

ساتھ دولت دنیوی بھی ہونی چاہیے - فارسی میں مشہور ہے
کہ علم زر و دولت کے بغیر ذلیل و خوار ہوتا ہے - بے شک
غالب کو سخن طرازی کا مقام سحر سازی کی حد تک
میسر ہوا تھا صرف یہ ہی نہیں کہ اس کے کلام میں ایجاز تھا
بلکہ یوں کہنا چاہیے کہ اس کے کلام کا بیشتر حصہ سراسر
اعجاز تھا - اس کے باوجود اس کی فن کاری کی جو قدر کی گئی
اور اس کی خاندانی وجاہت کو بار بار جو مہلک ضربیں پہنچیں ،
انھیں برداشت کرنا اور پھر زندگی سے سمجھوتا کرنا غالب ہی
کا حصہ تھا - میں اس بات کی تفصیل آگے چل کر بیان کرتا ہوں
کہ غالب نے ان ذہنی صدمات سے کس طرح سمجھوتا کیا جو
برابر عذاب کی صورت میں اس پر نازل ہوتے رہے - لیکن اس مرحلے
پر صرف یہ کہنا چاہتا ہوں کہ اپنی خاندانی وجاہت کے استحکام
کے لیے ، اپنی آبرو کے تحفظ کے لیے ، علم و فضل میں اپنی
دھاک بٹھانے کے لیے ، سخن طرازی میں اپنا لوہا منوانے کے لیے
اس نے جتنی کوششیں کیں ، ان میں نظر بظاہر اسے نہ صرف
ناکام یابی ہوئی بلکہ خاندانی وجاہت تو مستحکم ہونے کی
بجائے عملاً غارت ہی ہو کر رہ گئی - اگرچہ عمر کے آخری حصے
میں ، جب لال قلعے سے اس کا تعلق قائم ہوا ، اسے خطابات
عطا کیے گئے تھے اور اس کی فارسی دانی اور علم و فضل کا
قولاً و فعلاً اعتراف کیا گیا تھا لیکن غالب جانتا تھا کہ
معاشرے کی صورت کچھ ایسی ہے کہ رئیس جب تک خاندانی وجاہت
کے ساتھ رئیسانہ ٹھاٹھ بھی نہ رکھتا ہو ، اس کے بہت سے
کمالات محجوب و مستور رہتے ہیں - پہلے کہا جا چکا ہے کہ اس نے
مختلف بادشاہوں اور اکابر کی مدح میں قصیدے کہے - یہاں تک
کہ مطلب براری کے لیے معمولی انگریز حاکموں کو بھی

ظہیر فاریابی۱ کی طرح ایسے مقام پر پہنچا دیا کہ مدح ہجو ملیح بن گئی، اگرچہ انگریز حکام اس سے بے خبر رہے۔

سب سے دردناک واقعہ جس نے دھلی میں غالب کی خاندانی وجاہت کو صدمہ پہنچایا اور جو اس کی عام بے آبروئی کا باعث بنا، انگریز حاکم فریزر کا قتل ہے۔ یہ داستان اگرچہ دراز اور دل چسپ ہے لیکن مقدمہ اس کی تفصیل کا متحمل نہیں ہو سکتا اس لیے بغایت اجمال بیان کرتا ہوں۔ پہلے محمد اکرام کے لفظوں میں یہ سن لیجیے کہ غالب کی خاندانی آن بان کا کیا عالم تھا، پھر یہ دیکھیے کہ خاندان لوھارو اور فریزر کے تعلقات کی کیا صورت پیدا ہوئی اور آخر میں ملاحظہ فرمائیے کہ اس سلسلے میں غالب کی بے آبروئی کی نمود کس طرح ہوئی۔

غالب کی خاندانی وجاہت، رئیسانہ آن بان، عالی نسبی اور ناز و نعم کی پرورش کا ذکر کرتے ہوئے محمد اکرام لکھتے ہیں:

مغلوں کا بیشتر زمانہ دھلی میں گزرا لیکن یہ عجیب اتفاق ہے کہ نہ صرف ان کے فن تعمیر کا بہترین نمونہ اکبر آباد میں ہے بلکہ ان کے سب سے بڑے شاعر اور ان کی تہذیب و تمدن کے بہترین ترجمان کا مولد بھی وہی بلدۂ حسن و شعر ہے۔ مرزا اسد اللہ خان خود ترکی نسل سے تھے اور ان کے دادا ان کے پہلے

۱- ابوالفضل طاہر بن محمد، ظہیر فاریابی (نواح بلخ)، وفات ۵۹۸ ہجری۔ شفق: ۱۸۰، ۱۸۱ - یہ وہی مشہور شاعر ہے جس نے قزل ارسلان کی تعریف میں یہ مشہور شعر کہا ہے:

نہ کرسی فلک نہد اندیشہ زیر پا   تا بوسہ بر رکاب قزل ارسلاں دھد

اسی شاعر نے نظامی کو ثروت سے بہرہ یاب ہوتے ہوئے دیکھ کر مشہور قصیدہ کہا ہے: مرا ز دست هنر هائے خویشتن فریاد

بزرگ تھے جنھوں نے مرزا کی پیدائش سے فقط پچاس ساٹھ سال پہلے سمرقند چھوڑ کر ہندوستان کو اپنا وطن بنایا . . . . . -

غالب کے ننھیال کی نسبت ہماری واقفیت بہت محدود ہے لیکن جو خط انھوں نے منشی شیو نرائن کو لکھا ہے، اس سے پتا چلتا ہے کہ ان کا ننھیال آگرے کے ممتاز ترین گھرانوں میں سے تھا اور وہاں انھیں ہر طرح کا عیش و آرام اور ہر طرح کی آزادی میسر تھی - ایسی آزادی کا اثر ایک نوجوان امیر زادے پر جس کے سر سے باپ کا سایہ اٹھ گیا ہو، جو ہو سکتا ہے وہی غالب پر ہوا - نواب اعظم الدولہ اپنے تذکرے میں لکھتے ہیں:

''اسد اللہ خان، مرزا نوشہ، از سمرقند مولدش، جوان قابل و یارباش و دردمند، ہمیشہ بخوش معاشی بسر بردہ . . در خاطر متمکن غم ہائے عشق مجاز، تربیت یافتۂ غم کدۂ نیاز-''

غالب نے اپنے خطوں میں اس رنگین زمانے کی طرف کئی جگہ اشارہ کیا ہے - ان کے ایک ابتدائی فارسی قصیدے کی تشبیب ہے:

آں بلبلم کہ در چمنستاں بشاخسار
بود آشیان من شکن طرۂ بہار
ہر غنچہ از دمم بفضائے شگفتگی
فیض نسیم و جلوۂ گل داشت پیش کار
ہر جلوہ را ز من بتقاضائے دلبری
از غنچہ بود محمل نازے بہ رہ گزار
ہم سینہ از بلائے جفا پیشہ شاہداں
فہرست روز نامۂ اندوہ انتظار
ہموارہ ذوق مستی و لہو و سرود و شعر
پیوستہ شعر و شاہد و شمع و مے و قمار

لیکن اس آزادی اور مطلق العنانی کے باوجود مرزا کی تعلیم سے بے پروائی نہیں برتی گئی۔ مرزا کی والدہ خود پڑھنا لکھنا جانتی تھیں اور قرین قیاس ہے کہ انھوں نے مرزا کی تعلیم کا خاص خیال رکھا ہوگا۔ معاصرانہ تذکروں سے بھی اس خیال کی تائید ہوتی ہے۔ مرزا کے ایک استاد نظیر اکبر آبادی تھے[1] . . . .

مرزا ابھی تیرہ برس کے تھے کہ میر محمد کاظم بے قرار جو ولی عہد شاہ دہلی ظفر کے استاد تھے، ایک سفارت پر الفنسٹن صاحب کے ساتھ سندھ گئے اور ان کی جگہ ذوق ولی عہد کے استاد مقرر ہوئے۔ اس وقت ولی عہد کے استاد کا مشاہرہ چار سو روپے ماہوار تھا لیکن ولی عہد کی تخت نشینی کے وقت اس کا استاد شاہ ہو جانا قدرتی امر تھا اس لیے اس تقرر سے مرزا کا راستہ بند ہو گیا۔ جب ہم یہ واقعات دھیان میں رکھتے ہیں تو یہ سمجھنا بھی مشکل نہیں معلوم ہوتا ہے کہ ذوق کی زندگی میں غالب کا استاد شاہ نہ ہونا بہادر شاہ کی بد ذوقی کی وجہ سے نہ تھا بلکہ اتفاقی حوادث کا نتیجہ تھا۔

۱۔ اکرام صاحب کا یہ بیان کہ غالب نظیر اکبر آبادی کا شاگرد تھا، بہ ظن غالب "گلستان بے خزاں" پر مبنی ہے (۱۷۱)۔ آسی بھی یہ کہتے ہیں کہ غالب نظیر اکبر آبادی کا شاگرد تھا اور ساتھ ہی یہ کہتے ہیں کہ "پروفیسر شاہباز نے تلمذ غالب کے متعلق متضاد بیانات جمع کر کے آخری رائے یہ دی ہے کہ غالب کو . . . . . آگرے کے ممتاز ملاؤں میں . . . . دونوں کی طرف رجوع کرنا پڑا (یعنی خلیفہ معظم اور میاں نظیر اکبر آبادی، دیکھیے نظیر ۶ تا ۷)۔ اس کے مقابلے میں قاضی عبدالودود سوانح عمری بے نظیر تالیف پروفیسر شاہباز کے حوالے سے لکھتے ہیں کہ صحیح امر تو یہ ہے کہ مرزا نے نہ تو فارسی کلام کسی کو دکھلایا نہ اردو . . . . عبدالصمد . . . . کا وجود ذہن میں تھا، خارج میں نہ تھا (احوال : ۲۰۱)۔ اس سے یہ بھی ظاہر ہو گیا کہ غالب نے شاہباز کے قول کے مطابق نظیر کو بھی اپنا کلام نہیں دکھایا، میری رائے آگے آتی ہے۔

غالب کے لیے اس سال کا آور بھی زیادہ اہم واقعہ مرزا الٰہی بخش معروف کی صاحب زادی امراؤ بیگم سے شادی تھی۔ مرزا کی کئی تحریروں سے بالخصوص اس دردناک مرثیے سے جو انھوں نے ۲۰ برس کی عمر سے پہلے لکھا، یہ نتیجہ اخذ کرنا بہت مشکل نہیں کہ وہ شادی کو ''دام سخت،، ہی سمجھتے رہے اور ''اڑنے سے پہلے،، گرفتار ہو جانا انھیں بہت ناگوار تھا۔ لیکن اس میں کوئی شک نہیں کہ مرزا کے لیے یہ شادی ہزار آسانیوں کا موجب ہوئی۔

غالب کے خسر مرزا الٰہی بخش معروف جن کے متعلق آزاد نے ''آب حیات،، میں کئی صفحے لکھے ہیں، ذوق کے شاگرد تھے اور نہایت پاکیزہ اور موثر شعر کہتے تھے۔ فخرالدولہ نواب احمد بخش جنھوں نے لارڈ لیک کی فتوحات میں نام پیدا کیا تھا، مرزا الٰہی بخش کے بھائی تھے۔ نواب اور نواب کی اولاد سے غالب کے تعلقات کا ذکر بعد میں آئے گا لیکن مرزا کے سسرال پر سرسری نظر ڈالنے سے ہی یہ امر واضح ہو جاتا ہے کہ ان کی شادی ایسے گھرانے میں ہوئی تھی جو نہ صرف جاہ و ثروت کے لحاظ سے ممتاز اور رو بہ ترقی تھا بلکہ شعر و شاعری سے بھی گہرا لگاؤ رکھتا تھا[۱]۔

ان دنوں سرکار انگریزی سے مرزا غالب کے خاندان کو جو جاگیر عطا ہوتی تھی، اس کی رقم کا ادا کرنا نواب احمد بخش والئ لوہارو کے ذمے ڈال دیا گیا۔ غالب کا دعویٰ تھا کہ پنشن کی رقم دس ہزار روپے سال ہے، نواب فقط تین ہزار تسلیم کرتے تھے جس میں مرزا کا حصہ ساڑھے سات سو روپے بنتا تھا۔ ۱۸۲۶ء میں مرزا کے خسر نواب الٰہی بخش معروف جو نواب

۱- غالب نامہ : ۳ تا ۶

احمد بخش کے بھائی تھے، فوت ہو گئے۔ اس وقت مرزا کی عمر انتیس تیس سال کی تھی اور تمام عمر عیش و عشرت کا عادی رہنے کے بعد اب عیش و مسرت کا سر چشمہ خشک ہوتا نظر آتا تھا۔ اس کے علاوہ جن لوگوں نے ابتدائی توقعات کی بنا پر قرضے دیے تھے، وہ اب مختصر پنشن دیکھ کر تقاضے کر رہے تھے۔ اور سب سے بڑا صدمہ اس موقع پر یہ ہوا کہ اس کا چھوٹا بھائی مرزا یوسف دیوانہ ہو گیا[1]۔

مہر[2] کے قول کے مطابق اب غالب نے جون ۱۸۲۷ء میں کوشش شروع کی کہ اگر نواب سے سمجھوتا نہیں ہو سکتا تو سرکار انگریزی کا سہارا لیا جائے۔ غالب اسٹرلنگ سے ملا جو ان دنوں چیف سیکرٹری تھے، ان کی تعریف میں پچپن شعر کا ایک فارسی کا قصیدہ کہا اور انھوں نے مدد کا وعدہ کیا۔

سوئے اتفاق دیکھیے کہ اسٹرلنگ کا انتقال ہوگیا، اس موقع پر بھی غالب نے ایک قطعہ وفات لکھا۔ مقدمے کا فیصلہ غالب کے خلاف ہوا۔ اس نے پھر براہ راست گورنر جنرل کے پاس اپیل کر دی، یہ اپیل بھی مسترد ہوئی، اور غالب کے خلاف فیصلہ صادر ہوا۔

غالب نے اس مقدمے کے سلسلے میں ولیم فریزر ریزیڈنٹ دھلی کی مدد پر بہت اعتماد کیا تھا کہ اس سے مرزا کے دوستانہ تعلقات تھے اور مرزا کو امید تھی کہ اس کی مدد سے جاگیر کا عقدہ حل ہو جائے گا اور نواب لوھارو کو شکست ہوگی۔ فریزر کی تعریف میں بھی غالب کا ایک پر زور قصیدہ موجود ھے جس کا مطلع ھے:

ز جیب افق مہر چوں سر برآرد
مے از سبز مینا به ساغر برآرد

۱- غالب نامه : ۲۳
۲- غالب : ۱۹۸ تا ۱۱۴

غالب اسی امید میں مگن تھا کہ فریزر کے ذریعے اس کی خاندانی وجاہت مستحکم ہو جائے گی اور مالی حالت درست کہ بائیس مارچ ۱۸۳۵ء کو ولیم فریزر (ریزیڈنٹ دہلی) ہلاک کر دیا گیا[۱]۔ اس معاملے کی صورت یوں پیدا ہوئی کہ ۱۸۲۲ء میں احمد بخش والئ لوہارو نے اپنے دوسرے بیٹوں کی رضامندی حاصل کرکے اپنے سب سے بڑے لڑکے شمس‌الدین کو اپنا وارث مقرر کیا۔ جب احمد بخش کی وفات ہوئی تو بھائیوں میں جھگڑے شروع ہو گئے۔ ریذیڈنٹ دہلی تک معاملہ پہنچا اور آخر مرکزی حکومت نے یہ فیصلہ کیا کہ لوہارو کا علاقہ (ریاست فیروز پور جھرکا کا ایک حصہ) شمس‌الدین کے چھوٹے بھائیوں کو دے دیا جائے۔ شمس‌الدین کو یہ بات ناگوار گزری اور آخر ۱۸۳۳ء میں پھر مرکزی حکومت نے لوہارو کا انتظام بھی شمس‌الدین کی اپیل پر اس کے سپرد کر دیا۔ اس وقت فریزر گورنر جنرل کا ایجنٹ تھا، اس نے شمس‌الدین کی مخالفت شروع کی اور اس کے بھائیوں کو ترغیب دلائی کہ وہ کلکتے جا کر اپنے معاملے کا فیصلہ کروائیں۔ ظاہر ہے کہ شمس الدین کو یہ بات سخت ناگوار گزری۔ سپیر کے قول کے مطابق نواب شمس‌الدین نے ایک شخص مسمی کریم خاں کو جسے بھرمارو کہتے تھے، دہلی بھیجا کہ فریزر کا کام تمام کروائے۔ جان لارنس نے جو ان دنوں پانی پت تھا، دہلی پہنچ کر مقدمے کی تفتیش میں مٹکاف کی مدد کرنی شروع کی۔ آخر کار یہ بات کھل گئی کہ قاتل کریم خاں ہے۔ کریم خاں کا ایک ساتھی سلطانی گواہ بن گیا، اس کی شہادت کی بنا پر اور دوسرے خارجی قرائن کے پیش نظر رسل کالوین نے نواب شمس‌الدین کو پھانسی کی سزا دی، چنانچہ ۳۔ اکتوبر ۱۸۳۵ء کو نواب شمس‌الدین

۱۔ غالب نامہ : ۳۸

اور کریم خاں کو پھانسی دے دی گئی - مرتے وقت نواب شمس الدین نے ایک سبز قبا پہن رکھی تھی - اسے مہرولی میں دفن کیا گیا اور اس کا مزار زیارت گاہ عام بن گیا[1] -

نواب شمس الدین سے عوام کو بہت ہمدردی تھی - یہ وہی شمس الدین ہے جس نے داغ کی والدہ چھوٹی بیگم کو اپنے گھر ڈال رکھا تھا - داغ کے متعلق دشمنوں کا یہ بیان ہے کہ اس کی ماں شمس الدین کی منکوحہ نہ تھی ورنہ نواب کے مرنے کے بعد دعویٰ کرتی کہ جائداد میں سے داغ کو بھی حصہ ملے -

غالب کو فریزر کے مرنے کا اس قدر صدمہ ہوا کہ ایک خط میں اس نے لکھا :

"یکے از ستم گران خدا ناترس کہ بعذاب ابدی گرفتار باد! ولیم صاحب بہادر را کہ ریزیڈنٹ دھلی و غالب مغلوب را مربی بود، در شب تاریک بضرب تفنگ کشت و مرا غم مرگ پدر تازہ کرد[2] -"

اکرام لکھتے ھیں: ان دنوں جو صاحب دھلی میں مجسٹریٹ تھے، وہ غالب کو جانتے تھے - انھوں نے غالب سے تفتیش جرم کے سلسلے میں مدد لی اور سرکاری تفتیش کا نتیجہ یہ نکلا کہ نواب شمس الدین اور اس کا ایک سپاھی مجرم قرار دے دیے گئے - نواب اور غالب کے تعلقات تو عوام کو معلوم ھی تھے، دھلی کے لوگ لے اڑے کہ نواب بے گناہ ھے اور غالب اور فتح اللہ بیگ خاں نے کینہ وری سے حکام کو اس کے خلاف بھڑکا رکھا ھے -

نواب شمس الدین سے جنھیں مسٹر کالون کی مزید تحقیقات کے بعد سوم اکتوبر ۱۸۳۵ء کو کشمیری بازار کے باھر شارع عام

۱- شام : ۱۸۲ تا ۱۹۰
۲- غالب نامہ : ۳۹

میں پھانسی دی گئی ، عوام کو بہت ہمدردی تھی ، اور غالب کے متعلق اگرچہ عوام کا خیال بے بنیاد ہی ہو ، تاہم یہ خیال عام ہونے کے بعد ان کا غالب سے جو برتاؤ ہوگا ، وہ ظاہر ہے۔ مرزا نے ناسخ کے نام اس زمانے میں جو دو خط لکھے ہیں ، ان سے بھی پتا چلتا ہے کہ اس کے لیے یہ وقت کس ابتلا اور آزمائش کا تھا اور وہ غصے اور عداوت سے کس طرح بے قابو ہو رہا تھا ۔ خواجہ محمد شفیع نواب شمس الدین کی شہادت کے وقت کا نقشہ کھینچتے ہوئے لکھتے ہیں :

یوسف زنداں میں ہے ، شمس الدین خاں کشمیری دروازے کے باہر قید ، آج سنگار کیوں ہو رہا ہے؟ رہائی کا حکم آگیا ؟ نہیں ، آج قید ہستی سے رہائی ہے ؟ نہا دھو ، پوشاک پہن ، عطر مل ، باہر نکلا ، بسم اللہ کہہ کر پھانسی کے تختے پر قدم رکھا ، بھنگی جو کھڑا تھا ، اسے ہٹا دیا ، اپنے ہاتھ سے گلے میں پھندا ڈال کر جان بحق تسلیم ہوا ۔ اہل دربار زار زار رو رہے تھے ، دلی نے اس نوجوان جانباز کو حسرت و یاس سے دیکھا[۱] ۔

بات یہ ہے کہ ۱۸۳۵ء میں در اصل ۱۸۵۷ء کے ہنگامے کے بیج بو دیے گئے تھے ۔ مسلمان بلکہ بر صغیر ہند پاکستان کے تمام عوام سمجھ چکے تھے کہ انگریز اس ملک کے ثقافتی نظام کو غارت کرنا چاہتے ہیں ۔ راجوں مہاراجوں کو ، نوابوں کو اور اکابر امرا کو راہ سے ہٹا دینا چاہتے ہیں کہ کہیں کوئی منچلا پھر سلطنت مغلیہ کی پرچھائیں حقیقت میں تبدیل نہ کر دے ۔ نواب شمس الدین کی موت در اصل دہلی کے لوگوں کے لیے اس بات کی رمز تھی کہ اب انگریز اکابر امرا کو بے باکانہ قتل کر دینے میں کوئی رکاوٹ نہیں دیکھتے ۔ بالا کوٹ کی جو تحریک ۱۸۳۱ء

---

۱ - سنبھالا ، ۳۵ تا ۴۰

میں ختم ہوگئی تھی ، اس کی چنگاریاں ابھی تک سلگ رہی تھیں۔ مولانا محمد اسماعیل اور ان کے دوسرے رفقائے کار نے آزادئی وطن کی جو پہلی تحریک چلائی تھی، وہ بظاہر ختم ہو چکی تھی[1] لیکن دہلی کے وہ لوگ جو بظاہر میلوں ٹھیلوں میں مصروف تھے، دراصل انگریزوں کے استیصال کا خواب دیکھ رہے تھے۔

وزیر حسن کے قول کے مطابق[2] دلی کی جان اس کی آن بان تھی۔ غالب نے اس اجتماعی آن بان کی رمز کو نہ پہچانا ۔ وہ کبھی دلی کی اس معاشرت کا جزو نہ بن سکا جس کی تصویر وزیر حسن نے کھینچی ہے۔ وہ ہمیشہ اپنے آپ کو لال قلعے کے مفکروں، دانش وروں اور شاعروں سے بلند پایہ سمجھتا رہا ۔ اس کا یہ خیال تھا کہ اب مغلوں کی حکومت ایک سایہ ہے۔ انگریزوں کا نیر اقبال نصف النہار پر ہے۔ اب اگر کوئی مدح کے قابل ہے تو وہ انگریزی حکومت ۔ اب انگریزی حکام ہی کی مدد سے آبرو، رسوخ، وجاہت اور منصب حاصل کیا جا سکتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ غالب کی کلیات میں نہایت ادنیٰ درجے کے انگریز حاکموں کی تعریف میں بھی قصیدے ملتے ہیں ۔ ذہنی طور پر غالب نے اپنے آپ کو دہلی کے معاشرے کا جزو کبھی نہ سمجھا ۔ وہ اس نئی انگریزی تہذیب کا مداح اور دل دادہ تھا جو بظاہر ملک میں امن و امان قائم کر رہی تھی، ڈکیتی کا استیصال کر رہی تھی لیکن بہ باطن مغلیہ اقتدار پر کاری ضرب لگا چکی تھی ۔ اب صرف یہ باقی تھا کہ بہادر شاہ کو تخت سے اتار کر قلعہ سلاطین سے خالی کرا لیا جائے۔ مرزا قویش سے یہ سمجھوتا ہو بھی چکا تھا اور یہی وجہ ہے کہ بہادر شاہ ظفر اپنے اس نا خلف لڑکے سے آزردہ تھا ۔ غالب عمر بھر

۱- رومال : ۱۰، ۱۱

۲- دیدار : ۷

یہ سمجھتا رہا کہ وہ تنہا ہے، اگرچہ اس کی انانیت نے اس کا اعتراف کبھی نہیں کیا اور اس نے اپنے آپ کو اور پڑھنے والوں کو یہ کہہ کر فریب دیا:

ہے آدمی بجائے خود اک محشر خیال
ہم انجمن سمجھتے ہیں خلوت ہی کیوں نہ ہو

اس میں کوئی شک نہیں کہ ہنگامہ ۱۸۵۷ء کے بعد غالب کی پنشن بحال ہوگئی لیکن اس کی مالی حالت درست نہ ہوئی، اسے جاہ و منصب حاصل نہ ہوا۔ انگریزی حکومت سے جو اس نے توقعات باندھی تھیں، وہ باطل ثابت ہوئیں اور آخر میں ریاست رام پور اس کی مدد نہ کرتی تو معلوم نہیں کہ اس جلیل المرتبت فن کار اور خاندانی وجاہت کے شکار کا کیا حشر ہوتا۔

(۴)

نواب سید یوسف علی خاں بہادر فردوس مکانی کی تاریخ ولادت بقول عرشی دوشنبہ پانچ ربیع الثانی ۱۲۳۱ ھجری مطابق ۵ مارچ ۱۸۱۶ عیسوی ہے۔ انھوں نے یکم اپریل ۱۸۵۵ء کو مسند حکمرانی پر جلوس کیا۔ ہنگامہ ۵۷ء میں حکومت ہند نے تعاون کے سلسلے میں القاب بھی دیے اور ایک لاکھ بیس ہزار آمدنی کا جدید علاقہ بھی بخشا گیا۔ عربی اور فارسی کی تعلیم معقول حد تک حاصل کی تھی، فارسی میں خلیفہ غیاث الدین[1] عزت کی شاگردی اختیار کی جو مشہور لغت "غیاث اللغات" کے مصنف ہیں۔ مرزا غالب سے بھی فارسی میں استفادہ کیا تھا۔ عربی میں اور فلسفہ و حکمت میں مفتی

۱۔ خلیفہ غیاث الدین کی یوں تو اور بھی تصانیف موجود ہیں لیکن 'غیاث' کو بجا طور پر ان کا کارنامہ تصور کیا جاتا ہے۔ غالب تو اس لغت کی افادیت سے منکر ہوں گے لیکن مرزا محمد قزوینی جیسے فاضل ایرانی محقق نے اس لغت کی افادیت کا اعتراف کیا ہے اور مصنف کی تعریف کی ہے۔

صدرالدین آزردہ[1] اور مولانا فضل حق خیر آبادی[2] سے تلمذ تھا۔

---

۱ - مفتی صدرالدین آزردہ کی تاریخ ولادت ۱۲۰۲ ھجری ہے۔ وہ اور مولوی فضل حق ہم سبق تھے۔ ایسٹ انڈیا کمپنی کی طرف سے صدرالصدور کے عہدے پر فائز تھے۔ علم و فضل کے ساتھ ذوق سلیم بھی نہایت اعلیٰ درجے کا رکھتے تھے۔ انھوں نے اپنے اجلاس میں جب ایک قرض خواہ نے غالب پر دعویٰ دائر کر دیا تھا تو مدعا علیہ سے یہ شعر سنا:

قرض کی پیتے تھے مے لیکن سمجھتے تھے کہ ہاں
رنگ لائے گی ہماری فاقہ مستی ایک دن

نتیجہ یہ نکلا کہ دعوے کا روپیہ اپنی جیب سے ادا کر دیا۔ ۱۲۸۵ ھجری ۲۴ ربیع الاول تاریخ وفات ہے۔ علما : ۴۶ تا ۵۴۔

خم خانۂ جاوید میں (جلد اول، ۱۹۰۸ء صفحہ ۶۰) ان کے یہ تین شعر بھی درج ہیں:

مکھڑا وہ غضب، زلف سیاہ فام یہ کافر
کیا خاک جیے کوئی، شب ایسی سحر ایسی
نقشے تو بہت صانع قدرت نے بنائے
پر بن نہ سکا پھر دھن ایسا کمر ایسی
بالیں پہ کھڑا روتا ہے راتوں کو مسیحا
کچھ آن بنی ہے ترے بیمار پر ایسی

میں نے دوسرے شعر کی صورت یوں سنی ہے:

یا تنگ نہ کر ناصح ناداں مجھے اتنا
یا چل کے دکھا دے دھن ایسا کمر ایسی

۲ - فضل حق خیر آبادی ۱۲۱۲ ھجری میں پیدا ہوئے۔ منطق اور فلسفے میں انھیں تخصص حاصل تھا۔ جن دنوں یہ دلی میں ریزیڈنٹ کے محکمے کے سررشتہ دار تھے، ان دنوں ان کے ہاں شام کو اکثر اکابر علما اور ارباب ذوق کی نشست رہا کرتی تھی، مثلاً صہبائی، علوی، مومن، غالب، نیر، نصیر، ذوق، عیش، احسان، تسکین۔

آزاد کا بیان ہے کہ غالب کے دیوان کے انتخاب میں دو آدمی شریک تھے: ایک فضل حق اور دوسرے مرزا خانی خان کوتوال شہر دہلی۔ ہنگامۂ ۵۷ء کے سلسلے میں ان پر مقدمہ چلا، حبس دوام کا حکم ہوا۔ جزائر انڈیمان میں ۱۲۷۸ ھجری میں انتقال ہو گیا۔ تصانیف میں مختلف علمی اور فلسفیانہ تخلیقات شامل ہیں (علما : ۳۳ تا ۴۵)

تخت نشینی کے بعد شعر کہنا بھی شروع کر دیا اور ناظم تخلص رکھا (اس کی تفصیل آگے آتی ہے) - عرشی کے الفاظ میں ''نکتہ رس[1]، ذہین، رنگین و شوخ طبیعت اور عجوبہ روزگار استاد نے ان کو زبان اردو کا ایک بلند پایہ شاعر بنا دیا - مومن و غالب کے بعد ان کی نظیر الا ماشا اللہ کا حکم رکھتی ہے - دیوان دو بار شائع ہوا ہے لیکن اب کم یاب ہے[2]۔'' ۲۱ - اپریل ۱۸۶۵ میں سرطان

---

۱ - عرشی نے غالب کی جو تعریف کی وہ سب درست لیکن یہ کہ یوسف علی خاں ناظم زبان اردو کا ایک بلند پایہ شاعر ہے، ایک ایسا فیصلہ ہے جس میں گفتگو کی گنجائش ہے - اعجاز حسین ''مختصر تاریخ ادب اردو'' میں ناظم کا سرے سے نام ہی نہیں لیتے، سکسینہ تاریخ ادب اردو میں لکھتے ہیں: ''اردو فارسی دونوں میں شعر کہتے تھے، اردو میں ناظم تخلص کرتے تھے، صاحب دیوان تھے، ابتدا میں حکیم مومن سے اصلاح لیتے تھے، ان کے بعد مرزا غالب اور پھر میر مظفر علی اسیر کو کلام دکھلانے لگے۔'' (تاریخ ادب اردو - ۲۱۷)- سکسینہ نے اس مختصر سے بیان میں بہت سی غلطیاں کی ہیں، میں متن میں ان سے تعرض کروں گا - بہر حال ظاہر ہے کہ سکسینہ جو نوابان رام پور کے بہت مداح ہیں، ناظم کو اردو شاعری میں کوئی بلند رتبہ عطا نہیں کرتے، یہی دوسرے مورخوں اور نقادوں کا حال ہے - ظاہر ہے کہ عرشی کچھ تو اپنی وضع داری اور کچھ مصلحتوں کی بنا پر یہ بات کہہ گئے ہیں ورنہ ان کے انتقادی فیصلے ہمیشہ نہایت متوازن ہوا کرتے ہیں - (عرشی کے بیانات کے لیے دیکھو ''مکاتیب'' خصوصاً تعلقات رام پور)-

۲ - یہ درست ہے کہ دیوان اب بہت کم یاب ہے - میرے ذاتی نسخے کی کیفیت یہ ہے کہ ناقص الاول ہے یعنی پہلے دو صفحے نہیں ہیں - یہ دیوان یعنی میرا ذاتی نسخہ ۱۲۷۸ ہجری میں طبع ہوتا ہے، مطبع کا نام حسنی ہے جس کے مالک محمد محسن ہیں - ان کے بڑے بھائی بازگل خاں اور نیازگل خاں سرکار رام پور کے قدیم ملازم ہیں (صوبے دار ہیں) - ظاہر ہے کہ یہ دیوان ناظم کی زندگی میں شائع ہوا ہے جیسا کہ خاتمے میں تصریح کر دی گئی ہے (صفحہ ۲۴۵) - مالک رام نے کہا ہے کہ ناظم کے کلام میں غزلوں کی غزلیں ایسی ہیں جن پر غالب کے کلام کا دھوکا ہوتا ہے لیکن وہ یہ نہیں کہتے کہ یہ غزلیں ناظم کی ہیں - ان کا موقف یہ ہے کہ ناظم کے کلام کا جاندار حصہ استاد نے خود کہہ کے شاگرد کے حوالے کر دیا تھا - اس سے مجھے اتفاق ہے، تفصیل آگے آتی ہے - مالک رام نے بھی وہی غلطیاں کی ہیں جو سکسینہ نے کی ہیں، ان کا ذکر آگے آتا ہے، (تلامذہ: ۲۷۶) -

کے مرض میں وفات پائی -

عرشی نے غالب سے تعلقات رام پور کا بہ تفصیل ذکر کرتے ہوئے مختلف قوی دلائل کی بنا پر حسب ذیل نتائج مستخرج کیے ہیں :

(۱) ناظم نے غالب سے بہ زمانۂ کم سنی فارسی میں استفادہ کیا ہے اور اس کے بعد برابر شاگرد سے اُستاد کے تعلقات قائم رہے ہیں -

(۲) مہر نے (غالب ۱۳۱) جو یہ کہا ہے کہ ناظم ۱۸۵۵ء میں غالب کا شاگرد ہوا ، یہ غلط ہے -

(۳) داخلی شہادت سے واضح ہوتا ہے کہ ناظم ۵ - فروری ۵۷ء کو غالب کا شاگرد ہوا - ۱۵ فروری کو غالب نے لکھا کہ ان تخلصوں میں سے کوئی تخلص پسند کر لیجیے : ناظم، عالی، انور ، شوکت ،نیساں - یوسف علی خاں نے ناظم پسند کیا -

(۴) منشی امیر احمد مینائی نے جو یہ لکھا ہے کہ ناظم کو ازل سے موزوں طبیعت ملی تھی، سخن گوئی کا ذوق تھا ، اردو شعر فرمانے کا شوق تھا ، پہلے مومن سے مشورہ لیتے تھے، پھر غالب سے تلمذ ہوا ، آخر منشی مظفر علی اسیر کو کلام دکھانے لگے (انتخاب یادگار ۷۰) ، یہ غلط ہے -

سکسینہ کو بھی غالباً امیر مینائی ہی کے بیان کی بنا پر یہ اشتباہات پیدا ہوئے ہیں کہ ناظم نے غالب ، مومن اور اسیر سے مشورۂ سخن کیا ہے - مالک رام کو بھی غالباً امیر مینائی ہی کے بیان پر بالکل یہی تشابہ ہوا ہے - عرشی نے امیر مینائی کے بیانات کی تردید میں لکھا ہے : ناظم کا اپنا بیان موجود ہے کہ جب ۵۷ء میں ناظم غالب کا شاگرد ہوا تو اس نے ایک مصرع بھی

موزوں نہ کیا تھا[۱]، اس لیے یہ سوال ہی پیدا نہیں ہوتا کہ نواب نے مومن سے پہلے اصلاح لی ہو۔ اگر ایسی صورت ہوتی تو وہ غالب کو یہ کبھی تحریر نہ کرتا کہ میں نے آج تک کبھی ایک مصرع موزوں نہیں کیا۔

اب رہا منشی مظفر علی اسیر کی شاگردی کا مسئلہ تو ناظم نے غالب کی زندگی میں وفات پائی ہے۔ ایسی صورت میں یہ کیسے ممکن ہے کہ ناظم غالب سے بھی مشورۂ سخن کرے اور اسیر سے بھی۔ بات یہ ہے کہ ۱۸۶۴ء میں غالب نے ضعف پیری اور غلبۂ امراض کے باعث نواب سے کہا تھا کہ مجھے اصلاح سے معاف رکھا جائے (اردوے معلیٰ ۶۴)۔ غالباً اسی بنا پر امیر مینائی کو یہ شبہ وارد ہوا ہوگا کہ ناظم نے غالب کی اس درخواست کے بعد کسی اور سے اصلاح لی ہے۔ اسیر کا نام انھوں نے کیوں لیا، اس کی کوئی توجیہ نہیں کی جا سکتی۔ علاوہ ازیں عرشی نے یہ دلیل بھی فراہم کی ہے کہ ناظم نے متعدد مقطعوں میں غالب کی استادی کی طرف اشارہ کیا ہے لیکن اسیر کا ذکر نہیں کیا۔ اگر وہ بھی استاد ہوتے تو ان کا بھی مذکور کسی نہ کسی جگہ ضرور آنا چاہیے تھا[۲]۔

ہنگامۂ ۵۷ کے بعد جب غالب کی پنشن (ساڑھے باسٹھ روپے ماہوار) کچھ عرصے کے لیے بند ہوگئی تو انھوں نے اپنے قدیم شاگرد کو اپنی سقیم مالی حالت کی طرف توجہ دلائی اور ایسے الفاظ میں توجہ دلائی جنھیں خود داری سے دور کا بھی علاقہ نہیں۔ ناظم کے دل پر اثر ہوا اور اس نے کوشش کی کہ غالب کا وظیفہ

۱۔ ناظم کے اصل الفاظ یہ ہیں ''مشفقا! ہر چند کہ کاتب را اتفاق موزونیت یک مصرع ہم اتفاق نہ مے شدہ بود۔ . . (مکاتیب : ۴، حاشیہ ۱)

۲۔ مکاتیب ، دیباچہ ، تعلقات رام پور خصوصاً : ۵۹ تا ۶۰۔

کھل جائے۔ پھر استادی شاگردی کا تعلق بھی قائم ہو گیا اور غالب کو سو روپے ماہوار باضابطگی سے ملنے لگے۔

جیسا کہ پہلے کہا جا چکا ہے، آخر غالب نے ناظم کے اشعار کی اصلاح سے معذرت چاہی، غالب کے عذر کو معقول سمجھا گیا۔ چناں چہ کم از کم دسمبر ۶۳ء سے دسمبر ۶۴ء تک ناظم نے قریباً ہر ماہ غالب کو خط لکھا ہے لیکن نہ تو اشعار ملفوف کرنے کا ذکر کیا ہے، نہ اس بات کا تقاضا کیا ہے کہ مرسلہ اشعار بعد اصلاح واپس بھیجے جائیں۔ معلوم ہوتا ہے کہ اکتوبر ۶۴ء کے آخر میں ناظم سرطان کے عارضے میں مبتلا ہو گیا۔ اس کے بعد ناظم نے صرف ایک سلام غالب کو لکھ کر بھیجا جو نواب کے انتقال کے بعد غالب نے رام پور واپس کیا[1]۔

جیسا کہ عرشی نے جگہ جگہ صراحت و وضاحت سے لکھا ہے، غالب کو رام پور سے صرف سو روپے ماہوار تنخواہ ہی نہیں ملتی تھی بلکہ وقتاً فوقتاً فتوحات بھی ہاتھ آتی تھیں۔ غالب ناظم کو ایسے دردناک انداز میں اپنی مالی پریشانی کا حال لکھتا تھا کہ وہاں سے کچھ نہ کچھ عطیہ تنخواہ کے علاوہ مل ہی جاتا تھا۔ بات یہ ہے کہ مکاتیب پر عرشی نے جو دیباچہ لکھا ہے، اس سے معلوم ہوتا ہے کہ ہنگامۂ ۵۷ء کے بعد غالب نے گویا حوادث و مصائب کے مقابلے میں ہتھیار ڈال دیے تھے۔ وہی غالب جو کہتا تھا:

جواب سنگدلی ہائے دشمناں ہمت
ز دست شیشۂ دل ہائے دوستاں فریاد

آخر کار اس بات پر مجبور ہوا کہ فلک کی دشمنی کے مقابلے میں بجائے ہمت کے مداہنت اور عجز و مسکنت سے کام لے۔ واضح رہے کہ ہنگامۂ ۵۷ء کے بعد غالب کی تخلیقی قوتیں بالکل سرد نہیں

۱۔ مکاتیب، دیباچہ: ۷۰۔

پڑگئی تھیں، فیضان سخن کا سلسلہ جاری تھا ، البتہ طبیعت کا انداز یہ ہوگیا تھا کہ اب مصائب کے مقابلے میں خودداری اور سربلندی کی وضع قائم رکھنا اور نبھانا مشکل نظر آتا تھا ۔ غالب نے جس اسلوب میں نوابان رام‌پور کو خط لکھے ہیں ، اس کا اندازہ اسی سے کر لیجیے کہ یوسف علی خاں ناظم کو ایک مکتوب[1] میں لکھتا ہے ۔

''خداوند نعمت سلامت!

جو آپ بن مانگے دیں اس کے لینے میں مجھے انکار نہیں اور جب مجھ کو حاجت آ پڑے تو آپ سے مانگنے میں عار نہیں ۔

بار گران غم سے پست ہو گیا ہوں ، آگے تنگ دست تھا ، اب تہی دست ہو گیا ہوں ۔ جلدی میری خبر لیجیے اور کچھ بھجوا دیجیے۔ عنایت کا طالب غالب ۔

چار شنبہ یازدہم ربیع الثانی ۱۲۷۵ ھجری و ۱۷ نومبر ۱۸۵۸ عیسوی ۔''

نواب نے اس خط کے جواب میں دو سو پچاس روپے کی ہنڈی بھجوائی اور لکھا یہ کہ آپ کے خادموں کے مصارف کے لیے ہے۔ اندازہ کر لیجیے کہ ناظم استاد کی کس قدر تعظیم کر رہا ہے کہ اس روپے کو مصارف خدام کی مد میں شمار کرتا ہے ۔ یہ بھی گوارہ نہیں کرتا کہ سمجھا جائے غالب کو اس روپے کی ضرورت ہے ۔

اس میں کوئی شک نہیں کہ غالب دوسروں کی دل دہی کا بہت خیال رکھتا تھا اور جہاں تک ممکن ہو سکتا تھا اپنے ہم مشربوں کو بے جا داد بھی دیتا تھا ۔ شیخ ریاض‌الدین امجد لکھتے ہیں (یہ ۱۸۶۱ء کا واقعہ ہے) :

پھر چاندنی چوک میں ہوتا ہوا بلی ماروں میں ہو کر شیرافگن خاں کی بارہ دری میں جہاں جناب اسداللہ خاں غالب عرف مرزا نوشہ

۱۔ مکاتیب : ۱۶

رهتے تھے، گیا، مرزا کی ملاقات سے شرف یاب سعادت ہوا۔ سبحان اللہ ذات جامع الکمالات کے اوصاف خارج از شرح و بیان ہیں۔.....

میاں نیاز علی نے میری طرف اشارہ کیا کہ یہ بھی شاعر ہیں، اس فن میں کچھ کچھ ماہر ہیں۔ فرمایا کہ کچھ سنائیے، طبع کے جوہر دکھائیے۔ غرض کہ ہیچ مدان نے دو غزلیں ایک فارسی اور دوسری اردو کی سنائیں، مرزا نے ستائشیں جن کا سزا وار نہ تھا، فرمائیں ....

پھر وہ آئے گھر میں مجھ ناکام کے ۔۔۔ کٹ گئے دن گردش ایام کے
وہ اٹھے پہلو سے ہم بیٹھے رہے ۔۔۔ دل کو، سینے کو، جگر کو تھام کے
لائے ہاتھوں ہاتھ اہل کارواں ۔۔۔ ورنہ ہم تھے ایک دو ہی گام کے
ہاتھ اٹھاؤ، ہم رہان قافلہ ۔۔۔ اور ہیں ہم ایک دو ہی گام کے
عشق جس کو ہے وہی انسان ہے ۔۔۔ ورنہ یہ سب آدمی ہیں نام کے
یہ صدائے قیس تھی اور جذب شوق ۔۔۔ ناقۂ لیلیٰ کو ٹھہرا تھام کے
تپ سے اک فرحت ہے تیرے عشق میں ۔۔۔ ولولے ہیں ابخرے سرسام کے
خوب لکھی ہے غزل تم نے ریاض ۔۔۔ کیوں نہ ہو قابل ہو تم انعام کے

اور اس غزل میں مرزا کے ایک شعر میں دوسرا اپنا شعر ملا کر چار مصرعوں کا قطعہ بنایا تھا، خیر وہ بھی سنایا تھا:

اب نہیں ہیں آپ کے مصرف کے ہم ۔۔۔ رات کے دن کے نہ صبح و شام کے
عشق نے غالب نکما کر دیا ۔۔۔ ورنہ ہم بھی آدمی تھے کام کے

جب یہ زبان پر لایا تو مرزا نے برجستہ یہ فرمایا کہ اے بھئی! چپ رہو، یوں کہو کہ:

ضعف نے غالب نکما کر دیا

یا

دھر نے غالب نکما کر دیا

عشق کیا عاشقی کا وہ زمانہ نہ رہا - پھر ارشاد کیا کہ ریختی زبان میں اچھے معنی نکالتے ہو، خاص شعر ڈھالتے ہو[1]۔

اس کے علاوہ اس بات کی مثالیں ملتی ہیں کہ غالب داد دینے میں بخل سے کام نہیں لیتا - لیکن جو داد غالب ناظم کو دیتا ہے، وہ اپنی نظیر آپ ہے - خود غالب ہی کے الفاظ ملاحظہ فرمائیے، شاید تبصرے کی ضرورت ہی نہ پڑے :

''حضرت کا تو ان غزلوں میں بھی وہ کلام ہے کہ شاید اوروں کے دیوان میں ایسا ایک شعر بھی نہ نکلے گا۔[2]''

(۵)

اس معاملے میں اختلاف رائے ہے کہ ناظم کے دیوان میں کتنے اشعار ایسے ہیں جو غالب کے عطیات ہیں اور کتنے ایسے ہین جنھیں غالب کی اصلاح نے کچھ سے کچھ بنا دیا ہے۔ اگرچہ میں اس سلسلے میں قطعیت سے کسی نتیجے پر نہیں پہنچا لیکن احمد رضا صاحب[3] کے مضمون کے استدلال کے پیش نظر ابھی تک میرا موقف ہے کہ ناظم کا دیوان کسی نہ کسی شکل میں تمام کا تمام ہی غالب کا فیضان ہے - جب تک مزید تحقیق احمد رضا کے نظریات کا بطلان نہ کرے۔ اس وقت تک ان کے موقف کو صحیح سمجھنا چاہیے -

(٦)

غالب کے متعلق جو نئے مآخذ اور مصادر ہمارے سامنے آئے ہیں، اُن کے مطالعے کے بعد اور ان دلائل کے پیش نظر جو اوپر

۱- صفحہ ۳۲ تا ۳۴

۲- مکاتیب : ۱۷ (مکتوب ۱۰)

۳- ''دیوان ناظم عطیۂ غالب''، احمد رضا ، صحیفہ ۲۶، جنوری ۱۹۶۴ء -

درج کیے گئے ہیں، خلاصۂ مطالب کے طور پر کہا جا سکتا ہے کہ
غالب نے بڑے چاؤ چونچلوں میں پرورش پائی تھی۔ اس کے گھر
کی روایات جاگیردارانہ تھیں اور خود اس کی اپنی شخصیت بھی اس
جاگیردارانہ ماحول کے سانچے میں ڈھل گئی جو اسے ابتدائے کار
میں میسر آیا۔ اگرچہ آگرے کے چاؤ چونچلوں کے بعد دہلی میں
نسبتاً غالب کو وہ عافیت میسر نہ تھی، لیکن جب اس کی شادی
بھی ایک اونچے گھرانے میں ہوگئی تو اس کے دل میں اپنی
عالی نسبی اور عالی منصبی کا غرور جڑ پکڑ گیا۔ اوائل عمر ہی
میں اس نے ایک دیوان مرتب کر لیا جو نہ صرف اس کی طبیعت
کے جوہر پر دلالت کرتا تھا بلکہ اس بات کی شہادت دیتا تھا کہ
اس کی آواز اور اس کا لہجہ اپنے معاصروں سے بالکل مختلف ہے۔
اس میں کوئی شک نہیں کہ فارسی زبان و ادب اور متعلقہ شعری
روایات سے غالب کو پوری آگاہی تھی، ستم یہ ہوا کہ اسے
یہ گمان بھی ہوگیا کہ میں نہ صرف فارسی زبان کا انشا پرداز
اور ادیب ہوں بلکہ محقق بھی ہوں۔ یہ غرور عالی نسبی اور
عالی منصبی کے شعور کے ساتھ ملا تو غالب کی شخصیت اور انانیت
کے پہلو اور بھی ابھرنے شروع ہوئے۔ پنشن کے سلسلے میں جب
وہ کلکتے گیا اور وہ ہنگامہ برپا ہوا جو ''مثنوی باد مخالف'' کی
تحریر پر منتج ہوا تو غالب نے گویا کھلم کھلا اس بات کا
اظہار کیا کہ وہ ایرانی شناسان ہندی نژاد کو بالکل خاطر میں نہیں
لاتا، نہ ان کے کلام اور تحقیقات کو سند جانتا ہے۔ تبختر اور
غرور کا یہ شعور بھی بہت دیر تک قائم رہا، البتہ ہنگامۂ
''برہان قاطع'' کے بعد غالب پر روشن ہوا کہ ایسے لوگ بھی ہیں
جو اس کے علم و فضل کے تو سرے سے قائل ہی نہیں، اور اس کو
اعلیٰ درجے کا سخن طراز اور سحرساز بھی خیال نہیں کرتے۔

یہ بات غالب شروع سے سنتا آیا تھا لیکن اسے اپنے کلام پر اعتماد تھا اور یہ اعتماد بجا تھا ۔ یہ اعتماد تو قائم رہا البتہ غالب کے اس اعتماد کو بہت ٹھیس پہنچی کہ لوگ مجھے محقق اور شاعر بے ہمتا گردانتے اور جانتے ہیں ۔

پنشن کے سلسلے میں جب غالب کو ناکامیابی ہوئی اور ساتھ اس کے لیے ناممکن ہوگیا کہ وہ در حقیقت رئیسانہ آن بان کے رہ سکے تو وہ دنیا اور اہل دنیا کی طرف سے سخت بددل ہوا ۔ لیکن جیسا کہ میں ابھی واضح کرتا ہوں ، یہ بددلی مستقل نہ تھی ، اس نے بہت جلدی اپنی انانیت کی بنا پر دنیا اور حوادث عالم سے سمجھوتا کر لیا ۔ بے شک غالب کو اپنے کلام پر اور اپنے کلام کی خوبی اور تازگی پر عمر بھر اعتماد رہا لیکن وہ جو اسے اپنے آپ پر اعتماد تھا کہ وہ ایک جاگیر دارانہ نظام کا جزو ہے اور معاشرے میں عام لوگوں کی سطح سے اس کا مقام کہیں بلند تر ہے، وہ اس وقت کاملاً مجروح ہوا جب قمار بازی کے جرم میں اس پر اسیری کا عذاب نازل ہوا ۔ غالب اگرچہ پرانے جاگیردارانہ نظام کا پروردہ تھا لیکن اس نے یہ بھی دیکھ لیا تھا کہ مغلوں کا نظام در اصل زوال پزیر ہو چکا ہے اور اب جاہ و منصب در اصل وہی ہے جو انگریزوں کی طرف سے عطا ہو ۔ ابتلائے اسیری نے اس پر واضح کر دیا کہ ملک کی حکومت اور نظم و نسق کی باگ ڈور مغلوں کے ہاتھوں میں نہیں ، ہر معاملے میں کلیتاً انگریز حاکم ، مقتدر اور صاحب اختیار ہے ۔ یہی وجہ ہے کہ اس نے اگرچہ مغل دربار سے خطابات حاصل کیے لیکن خواہاں ہمیشہ اس بات کا رہا کہ انگریزی دربار میں خصوصی عزت کا مقام حاصل ہو ۔ اس سلسلے میں اس نے معمولی انگریزی حکام کی خوشامد سے بھی دریغ نہیں کیا ۔ خود غالب نواب رام پور کو ایک خط میں یہ بتاتا ہے کہ مجھے انگریزوں

نے کتنی عزت عطا کی ہے۔ عرشی کہتا ہے[1] : ''در اصل ان کا حقیقی اعزاز یہ تھا کہ گورنر جنرل کے دربار میں داہنی صف میں دسویں کرسی اور سات پارچے مع جیغہ، سرپیچ و مالائے مروارید خلعت پاتے تھے۔ نواب فردوس مکانی کو بہ تفصیل لکھتے ہوئے فرماتے ہیں: 'میں انگریزی سرکار میں علاقہ ریاست دودمانی کا رکھتا ہوں۔ معاش اگرچہ قلیل ہے مگر عزت زیادہ پاتا ہوں۔ گورنمنٹ کے دربار میں داہنی صف میں دسواں نمبر اور سات پارچے اور جیغہ، سرپیچ، مالائے مروارید خلعت مقرر ہے۔''

یہ پہلے لکھا جا چکا ہے کہ ہنگامۂ ۵۷ء کے دنوں میں غالب نے گوشہ گیری اختیار کی۔ بقول عرشی اپنی محسن سرکار کا ساتھ دیتے تو باغی گھر بار لوٹ لے جاتے اور اہل قلعہ کی کھلم کھلا حمایت کرتے تو بہ صورت ناکامی انگریزوں کی طرف سے بدسلوکی کا خوف تھا[2]۔

اس میں کوئی شک نہیں کہ غالب فراخ دل تھا، وسعت قلب و نظر رکھتا تھا، عالی حوصلہ تھا۔ حالی نے جو اس کی تعریف کی ہے وہ سب درست ہے لیکن اس کے باوجود اس میں کمزوریاں تھیں اور غالبیات کے سلسلے میں اتنا کچھ لکھا جا چکا ہے کہ یہ کمزوریاں بالکل بے نقاب ہو کر سامنے آ گئی ہیں۔ ان کم زوریوں کے ذکر سے غالب کی تنقیص مقصود نہیں بلکہ یہ کہنا مطلوب ہے کہ غالب انسان تھا، فرشتہ نہ تھا اور یہ اس کی عظمت کا بین ثبوت ہے کہ ان کم زوریوں کے ہوتے ہوئے بھی اس نے اپنے لیے ادبیات میں ایک بے نظیر مقام پیدا کیا۔ اور باوجود اس کے کہ عمر بھر اس کی آبرومندی اور خود اعتمادی کو مجروح کیا

۱- مکاتیب : ۴۹
۲- مکاتیب : ۴۹

جاتا رہا، اس کا دماغ متوازن رہا اور اس کے کلام میں وہ قنوطیت نہ پیدا ہوئی جو ہمیں میر کے کلام میں نظر آتی ہے۔ اس مسئلے کی تفصیل آگے آتی ہے۔ میں کہہ یہ رہا تھا کہ غالب اسی اعزاز کو اعزاز خیال کرتا تھا جو سرکار انگریزی کی طرف سے ملے۔ ہنگامہ ۵۷ء کے بعد جب سوائے قلیل پنشن کے معاش کے تمام وسائل مسدود ہوگئے تو غالب گویا بالکل سپرافگندہ ہوگیا۔ اس نے اپنی فعال تخلیقی قوتوں کو ''دیوان ناظم،، کی ترتیب میں صرف کیا۔ جیسا کہ میں پہلے کہہ چکا ہوں، اس زمانے میں بھی غالب کے ہاں فیضان سخن کا سلسلہ منقطع نہ ہوا تھا۔ ہنگامہ ۵۷ء کے بعد غالب کی تخلیقی قوتوں کا رنگ یا تو اس کی ان تخلیقات سے جھلکتا ہے جن کے متعلق طے ہے کہ ۵۷ء کے بعد وجود میں آئیں یا پھر دیوان ناظم کے مطالعے سے معلوم ہوتا ہے جس کی ترتیب میں اس نے اپنی تخلیقی قوت کی تابناکی کو قصداً مدھم کر دیا۔ اس زمانے میں البتہ، جیسا کہ نوابان رام پور کے نام خطوط سے معلوم ہوتا ہے، غالب کچھ تو ضعف پیری کے باعث اور کچھ مسلسل یورش آلام کے باعث اس قابل نہ رہا تھا کہ فرماں روایان رام پور کے سامنے اپنا سربلند رکھ سکتا اور ان سے اس لہجے میں بات کرسکتا جو غالب کے شایان شان تھا۔ جیسا کہ میں نے پہلے کہا ہے، یہ ایک معجزہ ہے کہ ایک ایسا شخص جس کو عمر بھر اس کشمکش میں مبتلا رکھا گیا ہو کہ مزاج رئیسانہ ہو، ماحول امیرانہ ہو، اور ذرائع معاش قلیل ہوں، وہ اپنی پیش گوئی کے مطابق ادب میں ایک ایسا مقام جلیل پیدا کرے جس کی نظیر ڈھونڈے سے نہ مل سکے۔ یہ تو ماننا پڑتا ہے کہ غالب کو مبداء فیاض سے جوہر تخلیقی عطا کیا گیا تھا لیکن اس نے کسب فن کے سلسلے میں واقعی ایرانی اساتذہ کے کلام کا اتنا اچھا اور گہرا مطالعہ کیا

کہ فارسی میں جس ایرانی شعری دبستان میں چاہے ، نہایت سہولت اور خوب‌صورتی سے شعر کہہ سکتا ہے۔ وحشت کلکتوی نے کیا خوب کہا ہے :

فروغ طبع خداداد گرچہ تھا وحشت
ریاض کم نہ کیا ہم نے کسب‌فن کے لیے

ایران کی شعری روایات سے غالب کی آگاھی کے شواھد میں آگے چل کر پیش کروں گا ، یہاں صرف اتنا کہہ دینا کافی ہے کہ غالب کو فارسی پر واقعاً یہ قدرت حاصل ہے کہ جس رنگ میں چاہے شعر کہے اور اس کے باوجود اپنی انفرادیت قائم رکھے اور ہر شعر پر گویا اپنی شخصیت کی چھاپ لگا دے۔

(۷)

اس مرحلے پر طبعاً یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ غالب نے یورش مصائب میں اور نا قدر شناسیٔ عالم میں دنیا سے کس طرح سمجھوتا کیا ؟ اس کا جواب عموماً یہ دیا جاتا ہے کہ غالب نے زندگی کے مصائب سے فرار کرنے کا طریقہ یہ اختیار کیا تھا کہ کثرت سے شراب پیتا تھا اور پھر دو تین شعر پڑھ کر سمجھ لیا جاتا ہے کہ معاملہ ختم ہوگیا ۔ یہ شعر خاص طور پر پڑھا جاتا ہے :

مے سے غرض نشاط ہے کس روسیاہ کو
یک گونہ بے خودی مجھے دن رات چاہیے

میں اکثر سوچا کرتا ہوں کہ جو لوگ اس شعر سے یہ استدلال کرتے ھیں کہ غالب نے شراب کی عطا کردہ بے خودی کے ذریعے زندگی کے مصائب سے راہ فرار اختیار کی ، وہ اردو اور فارسی کے ایسے اشعار سے کیوں قطع نظر کر لیتے ھیں جن میں شراب پینے کے اور منصب بتائے گئے ھیں (تفصیل آگے آتی ہے)۔

خاص طور پر یہ لوگ غالب کے اس شعر کی کیا توجیہ کریں گے :

اگلے وقتوں کے ہیں یہ لوگ انہیں کچھ نہ کہو
جو مے و نغمہ کو اندوہ ربا کہتے ہیں

اور اس بات کا کیا جواب دیں گے کہ ''مثنوی ابر گوہر بار'' میں غالب نے شکایت کی ہے کہ شراب بھی ڈھنگ سے پینے کو نہیں ملی - بہر حال میرے خیال میں یہ بات بالکل غلط ہے کہ زندگی سے غالب نے یہ سمجھوتا کیا ہے کہ جب آلام کی یورش ہوتی ہے تو شراب کے دو جام پی کر دھت ہو جاتا ہے۔ یہ دعویٰ نہ تو خارجی شہادت سے ثابت ہوتا ہے اور نہ غالب کے اشعار (خمریات ان میں شامل ہیں) اس کی تائید کرتے ہیں۔ بات یہ ہے کہ غالب کی خود اعتمادی اور انانیت کا یہ مقام تھا کہ اس نے مصائب حیات کے مقابلے میں اپنی ذہنی شکست کا کبھی اعتراف ہی نہیں کیا - یہاں تک کہ جو عام شعرا شکایت کرتے نظر آتے ہیں کہ ان کا کوئی محرم راز نہیں اور وہ دنیا میں تنہا ہیں، غالب عموماً اس سے بھی گریز کرتا ہے - اسے اہل دنیا سے تنہائی کی شکایت بھی خلاف شان نظر آتی ہے گویا وہ ان کے بغیر رہ نہیں سکتا، گویا اہل دنیا کو محرم راز بنانا چاہتا ہے۔ حالی کہہ سکتا ہے :

کوئی محرم نہیں ملتا جہاں میں
مجھے کہنا ہے کچھ اپنی زباں میں

لیکن غالب ایسا نہیں کہہ سکتا - اس کی انانیت اپنی تنہائی کو بھی ایک مقام خاص تصور کرتی ہے، جہاں صرف نابغہ کو رسائی ہوتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ وہ کہتا ہے :

ہے آدمی بجائے خود اک محشر خیال
ہم انجمن سمجھتے ہیں خلوت ہی کیوں نہ ہو

اس میں کوئی شک نہیں کہ کچھ عرصے کے لیے غالب پر وہ کیفیت طاری ہوئی ہے جسے ''مردم بیزاری'' کہا جا سکتا ہے۔ اس سلسلے میں اس نے کچھ شعر بھی کہے ہیں، مثلاً:

پانی سے سگ گزیدہ ڈرے جس طرح اسد
ڈرتا ہوں آئنے سے کہ مردم گزیدہ ہوں

لیکن یہ کیفیت دیر تک قائم نہیں رہی۔ غالب نے واقعی ایک جلیل القدر فن کار کی طرح اپنی تنہائی کو اپنا حق سمجھا، اس کی شکایت نہیں کی۔ دنیا کو اور اہل دنیا کی ریاکاری اور غداری کو معاف کر دیا اور ایسے مقام پر پہنچ گیا جہاں وہ بہ کمال خلوص کہہ سکتا تھا:

روک لو گر غلط چلے کوئی
بخش دو گر خطا کرے کوئی
نہ سنو گر برا کہے کوئی
نہ کہو گر برا کرے کوئی
کیا کہا خضر نے سکندر سے
اب کسے رہنما کرے کوئی

فن کار زندگی سے جس طرح سمجھوتا کرتا ہے اس کے متعلق شوپن ھار نے نہایت پر مغز باتیں کی ہیں۔ ڈیورانٹ نے[1] اس کے بنیادی افکار کا بیان کرتے ہوئے لکھا ہے: ''لوگ اکثر سمجھتے ہیں کہ دولت کے حاصل ہونے سے سبھی کچھ حاصل ہو جاتا ہے لیکن یاد رہنا چاہیے کہ جو زندگی کسب زر میں گزرتی ہے، وہ اس وقت تک بے ثمر ہے جب تک وہ اپنی جمع کردہ دولت کو مسرت میں تبدیل نہ کر سکے۔ دولت کو مسرت

۱۔ داستان فلسفہ، انگریزی، نیویارک ۱۹۵۳، شوپن ھار، صفحات ۲۵۰ تا ۲۶۴۔

میں تبدیل کرنا ایک فن ہے اور جب تک انسان مہذب اور صاحب بصیرت نہ ہو، اس فن سے بے بہرہ رہتا ہے۔ جو لوگ محض دولت کی تلاش میں سرگرداں رہتے ہیں، انہیں یہ کون بتائے کہ مسرت کا حصول اس پر منحصر نہیں کہ انسان کے پاس کیا ہے بلکہ اس سوال کے جواب پر ہے کہ انسان خود کیا ہے ......

غور کرنے سے معلوم ہوگا کہ آخر کار ہر شخص کسی نہ کسی معنی میں دنیا میں تنہا ہی رہتا ہے۔ خارجی عوامل سے جو مسرت ہمیں حاصل ہوتی ہے وہ اس مسرت سے کہیں کم ہے جو ہم اپنے باطن سے حاصل کرتے ہیں ....

دنیا کی ہر شے (کا ادراک و تعقل)، دنیا کا ہر واقعہ اور ہر کیفیت دراصل صرف انسان کے اپنے شعور میں موجود ہوتی ہے۔ اس لیے ضروری بات یہ ہے کہ انسان اپنے شعور کی ترکیب اور ساخت پر غور کرے۔ ارسطو نے سچ کہا ہے: خود مکتفی ہونا گویا خوش ہونا ہے ......

''جوہر قابل یا نابغہ بے ارادہ علم کی اعلیٰ ترین صورت ہے۔ زندگی کی ادنیٰ صورتوں میں ارادہ تو موجود ہوتا ہے لیکن علم کا فقدان ہوتا ہے۔ عام انسان علم کی کمی اور ارادے کی بہتات کا شکار ہوتے ہیں۔ جوہر قابل یا نابغہ کی خصوصیت یہ ہے کہ ارادہ اپنی تمنائیں پوری کرنے کے لیے جتنا علم چاہتا ہے، جوہر قابل کے ہاں اس سے زیادہ علم موجود ہوتا ہے، اس کی استعداد علمی اور اس کا ملکۂ حصول علم دوسرے لوگوں کی نسبت زیادہ ارتقا یافتہ ہوتا ہے...... اگر عقل و خرد کو ارادے سے آزاد کر لیا جائے تو انسان کے لیے ممکن ہے کہ وہ اشیا کی حقیقت سے آگاہ ہو جائے۔ جوہر قابل یا نابغہ کے پاس ایک جام سحر آفریں (جام جم) ہوتا ہے۔ اس جام میں وہ تمام کوائف

جو معنی خیز ہیں، مرتب و مدون صورت میں جھلکتے اور چھلکتے نظر آتے ہیں اور اتنے واضح کہ کیا کہا جائے۔ ہر وہ چیز یا کیفیت جو اتفاقی یا بےثمر ہوتی ہے، اس جام سحر آفریں سے خارج کر دی جاتی ہے...... جلیل القدر فن کار، جوہر قابل یا نابغہ دنیا میں دکھ بھی اٹھاتا ہے لیکن دکھوں کی تلافی بھی ہوتی رہتی ہے۔ وہ اپنے باطن میں زندگی بسر کرتا ہے۔ عام لوگ جو کوائف خارج پر بھروسا کرتے ہیں دوسرے لوگوں سے میل جول کے محتاج ہوتے ہیں۔ اس کے برخلاف فن کار حسن کے مشاہدے سے اتنا متاثر ہوتا ہے اور اس حد تک شادان و فرحاں ہوتا ہے کہ زندگی کی تمام تکلیفیں فراموش ہو جاتی ہیں۔ بے شک اسے یہ محسوس ہوتا ہے کہ وہ جیسے صحرا میں تنہا رہ رہا ہے، لیکن اس احساس کے باوجود حسن اور فن کاری کے عظیم المرتبت شاہ پاروں کا مشاہدہ اسے دکھوں سے نجات دیتا ہے...... فطرت نبوغ یا قابلیت کا جوہر خاص صرف گنتی کے آدمیوں کو عطا کرتی ہے، اگر عام آدمیوں کو اس انعام سے بہرہ یاب کیا جائے تو دنیا کا کاروبار رک جائے گا.... یوں تو ہر فن میں طاقت ہے کہ اس کا مشاہدہ ہمیں زندگی کی بلند سطح پر لے جا سکے لیکن موسیقی میں یہ طاقت نسبتاً زیادہ ہے۔ دوسرے فنون پرچھائیوں کی باتیں کرتے ہیں لیکن موسیقی حقائق اشیاء کا شعور پیدا کرتی ہے اور بلا واسطہ ہمارے احساسات کو متاثر کرتی ہے۔ مصوری اور متعلقہ فنون میں جو مقام تناسب کو حاصل ہے، وہی موسیقی میں آہنگ کو حاصل ہے۔ گوئٹے نے کیا خوب کہا ہے کہ فن تعمیر کے شاہکار، منجمد موسیقی کے نمونے ہیں اور تناسب گویا موسیقی کا بے حرکت آہنگ ہے،،۔ شوپن ہار کے ان بیانات کے پیش نظر کہا جا سکتا ہے کہ میں نے جو دعویٰ

کیا تھا کہ غالب کو تنہائی کا شعور اگر ہوا ہے تو اس نے اس کی شکایت عموماً نہیں کی ، اس کی توجیہ کیا ہے ۔ اس طرح یہ بھی واضح ہوتا ہے کہ جوہر قابل یا نابغہ کا جو وصف خاص شوپن ہار نے بتایا ہے ، غالب اس سے متصف ہے ۔ میرے اپنے ذہن میں قطعاً کوئی شک نہیں کہ غالب نے زندگی سے جو سمجھوتا کیا ہے اور یورش آلام سے نجات پائی ہے ، اس کی بنا ہر قسم کے حسن کے مشاہدے پر اور اس سے لطف اندوز ہونے پر ہے ۔ یہاں حسن کا کلمہ جمالیاتی معانی میں برتا گیا ہے ۔ جسمانی حسن بھی اس میں شامل ہے اور فن کا وہ حسن بھی جسے اصطلاح میں تناسب کہتے ہیں ۔ غالب نے حسن کو جس طرح ہر رنگ میں دیکھا اور سراہا ہے ، اس کی تفصیل بیان کرنے سے پہلے یہ کہتا چلوں کہ جس فن میں غالب نے حسن دیکھا ہے وہ اس کی اپنی تخلیق ہے ۔ نرگس کی طرح وہ اپنے آپ پر عاشق ہے ۔ اس کی انانیت نے یہ کبھی گوارا ہی نہیں کیا کہ وہ اپنے مقابلے میں کسی اور فنکار کو کوئی مقام بخشے ۔ اس نے اپنے ہی فن کے حسن کا مشاہدہ کیا اور اسی میں مگن رہا ۔ بہ الفاظ دیگر یوں کہا جا سکتا ہے کہ زندگی کے آلام سے غالب کا سمجھوتا یہ ہے کہ وہ حسن کے ہر روپ کے مشاہدے میں منہمک ہے ، حسن کو ہر رنگ میں دیکھتا ہے ، ہر آہنگ میں پرکھتا ہے اور اس کی ہر ادا کا مشاہدہ غالب کے لیے اس دکھوں سے لب ریز دنیا سے نجات کا وسیلہ ہے ۔

پہلے یہ دیکھنا چاہیے کہ عالم جسمانیات میں غالب نے حسن کا مشاہدہ کس طرح کیا اور پھر اس پر غور کرنا چاہیے کہ معنویات اور ذوقیات کے دائرے میں اس کے مشاہدۂ حسن و جمال

کی کیا کیفیت ہے اور کیا مقام ہے ؟ جیسا کہ پہلے کہا جا چکا ہے، غالب اپنے آپ میں اتنا گم ہے اور اپنی انانیت کی فصیلوں میں اس طرح محصور ہے کہ وہ دوسرے انسانوں سے نہ صرف یہ کہ اپنی تنہائی کا شکوہ کرنا فضول سمجھتا ہے ، بلکہ اسی تنہائی کو اپنے نفس کی ایک مخصوص کیفیت شمار کرتا ہے - اس کے باوجود خارج میں خالص خارجی دنیا میں حسن کے جو روپ پائے جاتے ہیں، ان پر بھی غالب کی نظر عقیدت مندانہ اور مستانہ انداز میں اٹھتی ہے - حسن صورت سے حسن معنی تک جمال کی سینکڑوں منزلیں ہیں اور غالب ہر منزل سے گزرا ہے۔ وہ کہتا ہے :

نہیں گر سر و برگ ادراک معنی
تماشائے نیرنگ صورت سلامت

بہار کے متعلق اردو میں اس کا قطعہ کتنا خوب صورت اور دل پزیر ہے ،جس طرح اعلیٰ درجے کے موسیقار کے گانے میں ۔یوں معلوم ہے جیسے ایک سر دوسرے سر کا مشتاق ہے ، اسی طرح غالب کے اس قطعے میں معلوم ہوتا ہے گویا ایک شعر دوسرے شعر کا مشتاق ہے - سلسلۂ کلام کی یہ صورت ہے کہ قطعہ بند کی ساخت میں ایک شعر دوسرے سے یوں ابھرتا ہے جیسے شاخ سے پھول ابھرتا ہو :

پھر اس انداز سے بہار آئی کہ ہوئے مہر و مہ تماشائی
دیکھو اے ساکنان خطۂ خاک اس کو کہتے ہیں عالم آرائی
کہ زمیں ہو گئی ہے سر تا سر روکش سطح چرخ مینائی
سبزے کو جب کہیں جگہ نہ ملی بن گیا روے آب پر کائی
ہے ہوا میں شراب کی تاثیر بادہ نوشی ہے باد پیمائی

اسی طرح رات کی پر اسرار طلسمی کیفیت کا منظر جس طرح غالب کے آئینۂ تخیل میں عکس افگن ہوا ہے اور پھر جس طرح غالب نے جو کچھ محسوس کیا ہے، اسے قاری تک پہنچایا ہے، اس کی کیفیت دیدنی ہے:

شب ہوئی پھر انجم رخشندہ کا منظر کھلا
اس تکلف سے کہ گویا بت کدے کا در کھلا

بت کدے کی صبح کی تفصیل غالب کے فارسی کلام میں ملے گی، لیکن ابھی ذرا رات ہی کی کیفیت پھر ملاحظہ کیجیے:

(۱) ہاں مہ نو سنیں ہم اس کا نام
جس کو تو جھک کے کر رہا ہے سلام

(۲) جانتا ہوں کہ اس کے فیض سے تو
پھر بنا چاہتا ہے ماہ تمام

(۳) ماہ بن ماہتاب بن، میں کون[1]
مجھ کو کیا بانٹ دے گا تو انعام

---

۱ - طباطبائی لکھتا ہے: ''اس سارے قصیدے میں عموماً اور اس شعر میں خصوصاً مصنف نے اردو کی زبان اور حسن بیان کی عجب شان دکھائی ہے - ایک مصرعے میں تین جملے جس کے مضمون سے رشک ٹپک رہا ہے، دوسرا مصرعہ طنز سے بھرا ہوا ہے - چاروں جملوں میں حسن انشاء، پھر خوبی نظم و بے تکلفی ادا'' (شرح: ۲۹۹) - اسی قصیدے میں طباطبائی نے جو یقیناً غالب کی بے جا طرف داری کے ملزم نہیں گردانے جا سکتے اور نہایت کانٹے کی تول بات کرتے ہیں، یہ شعر نقل کیا ہے:

آتش و آب و باد و خاک نے لی وضع سوز و نم و رم و آرام

اور پھر لکھا ہے کہ دوسرے فقرے کی بندش سے زور قلم ٹپک رہا ہے اور مصنف کو الفاظ پر جو قدرت حاصل ہے، یہ مصرع اس کی تفصیل کر رہا ہے - (شرح: ۳۰۳) -

(۴) جب کہ چودہ منازل فلکی
کر چکے قطع تیری تیزی گام

(۵) تیرے پرتو سے ہوں فروغ پزیر
کوے و مشکوے و صحن و منظر و بام

(۶) دیکھنا میرے ہاتھ میں لب ریز
اپنی صورت کا اک بلوریں جام

مناسب معلوم ہوتا ہے کہ اب صبح و شام کو ذرا باہم بھی دیکھ لیا جائے:

(۱) صبح دم دروازۂ خاور کھلا
مہر عالم تاب کا منظر کھلا

(۲) خسرو انجم کہ آیا صرف میں
شب کو تھا گنجینۂ گوہر کھلا

(۳) وہ بھی تھی اک سیمیا کی سی نمود
صبح کو راز مہ و اختر کھلا

(۴) ہیں کواکب کچھ نظر آتے ہیں کچھ
دیتے ہیں دھوکا یہ بازی گر کھلا

(۵) سطح گردوں پر پڑا تھا رات کو
موتیوں کا ہر طرف زیور کھلا

(۶) صبح آیا جانب مشرق نظر
اک نگار آتشیں رخ سر کھلا

(۷) تھی نظر بندی کیا جب رد سحر
بادۂ گل رنگ کا ساغر کھلا

(۸) لا کے ساقی نے صبوحی کے لیے
رکھ دیا ہے ایک جام زر کھلا

(۹) بزم سلطانی ہوئی آراستہ
کعبۂ امن و اماں کا در کھلا[۱]

غالب کے فارسی اشعار سے مثالیں ابھی پیش کرتا ہوں لیکن ایک بات یہاں عرض کر دینی چاہیے کہ اعلیٰ درجے کے فن کاروں کے کلام میں مناظر فطرت کا روپ سروپ مختلف صورتوں میں نظر آتا ہے ۔ ایک صورت تو یہ ہے کہ فن کار فطرت کے مناظر

۱- شعر نمبر ۴ پر طباطبائی کا تبصرہ اس بات کا مستحق ہے کہ عیناً نقل کیا جائے ۔

اکثر ان میں بے نور ہیں اور نورانی معلوم ہوتے ہیں۔ جو قد کے بڑے ہیں وہ چھوٹے دکھائی دیتے ہیں۔ جو چھوٹے ہیں وہ بڑے معلوم ہوتے ہیں- متحرک ثابت دکھائی دیتے ہیں- جو ساکن ہیں وہ سیارہ معلوم ہوتے ہیں- مختلف رنگ ہیں اور اصل میں کچھ بھی نہیں ، ابھی طلوع نہیں ہوئے اور دکھائی دینے لگے اور غروب ہو چکے مگر پھر بھی نظر آ رہے ہیں- شرح ۳ ، ۴-" یہ تبصرہ اپنی جگہ پر ایک نادر چیز ہے لیکن جیمز جینز کی تصانیف سے لے کر آئن سٹائن کے ملفوظات تک اب جو تالیفات کا تانتا بندھا ہوا نظر آتا ہے ، ان کے سرسری مطالعے سے بھی ظاہر ہوگا کہ غالب کی پرواز تخیل کہاں پہنچی ہے اور اس کی قوت کشف نے کتنے اونچے دروازے کھٹکھٹائے ہیں- یہ کہنا کہ غالب کو ان نظریات کا علم نہ تھا ، بالکل غیر متعلق ہے ۔ شاعر کا مطلب وہی ہے جو قاری کو اپنے ذوق سلیم ، اپنی استعداد علمی، اپنے ماحول اور اپنے عصر کے تقاضوں کے مطابق سمجھ میں آتا ہے ۔ شاعر ، معانی کی ان تمام سطحوں سے آگاہ تھا جو اس کے کلام میں مخفی ہیں۔ یہ بات ادبی انتقاد میں قطعاً غیر متعلق ہے، یعنی Irrelevent ۔

کو دیکھ کر ایسا لطف و سرور حاصل کرے جو عام لوگوں کے
حصے میں بھی آتا ہے۔ لطف و سرور کا یہ احساس تخلیقی فن کار
اور عام آدمیوں میں مشترک ہوتا ہے۔ فرق یہ ہے کہ فن کار کے
تاثرات زیادہ شدید ہوتے ہیں اور وہ اپنی واردات کے اظہار پر
ہر طرح قادر ہوتا ہے۔ دوسری صورت یہ ہے کہ فن کار کو
مناظر فطرت میں وہ تناسب نظر آتا ہے جو حسن کی صفت خاص ہے۔
یعنی جس طرح سڈول بدن کے قوس و خطوط، چہرے کے
نقش و نگار اور خد و خال متناسب، موزوں اور خوب صورت
معلوم ہوتے ہیں، اسی طرح کوہساروں کے سلسلے کا غیر معین
تناسب، ابر و باد کی کرشمہ آفرینیاں، باغ و راغ اور دشت
و دمن کی دل نشینیاں بھی اسے متناسب اور حسین معلوم ہوں۔
اس صورت میں فن کار کروچے کے نظریے کے مطابق شاھد بن کر اپنے
جذبات کا اظہار تام کرتا ہے اور مناظر فطری کی مشہودات میں
جو حسن اور تناسب ہوتا ہے وہ نظر آنے لگتا ہے۔

مناظر فطرت کی ایسی تصویر کشی میں ان مناظر کا حسن
بنفسہ فن کار کے مشاھدے کی غایت ہوتا ہے۔ ایسی صورت میں
یوں معلوم ہوتا ہے جیسے مناظر فطرت کا حسن شاعر کی روح میں
رس بس گیا ہو۔
گویا فطرت خود ایک نازنین دل پزیر بن گئی ہے۔ اس معنی میں
حسن فطرت کی ادا شناسی بہت مشکل ہے۔ بے نظیر شاہ وارثی
اور میر حسن کبھی کبھی اس مقام تک پہنچتے ہیں۔

تیسری صورت یہ ہے کہ فن کار مناظر فطرت کو انسانی
جذبات و احساسات کی تصویر کا چوکھٹا بنا دیتا ہے۔ صبح و شام،
گل و گلزار، باغ و راغ اور بہار و خزاں کی حیثیت ایک طرح ثانوی

ہو جاتی ہے - فن کار کی مراد یہ ہوتی ہے کہ کسی جذبے کی یا
احساس کے کسی ایک سلسلے کی تصویر کشی کرے - مناظر فطرت
جذبے یا جذبے کے کسی پہلو سے مربوط ہو جاتے ہیں - جس
طرح مصوّری میں پس منظر سامنے کے منظر کے تناظر اور تناسب
کا اظہار کرتا ہے ، یا سامنے کے منظر سے توافق رکھتا ہے ، یا
اختلاف کو نمایاں کرتا ہے - اسی طرح شعر میں فطرت کا پس منظر یا
تو انسانی جذبات اور اعمال و افعال سے ہم آہنگ ہوتا ہے یا
قطعاً مختلف ہوتا ہے- دونوں صورتوں میں ، توافق ہو اختلاف،
تناظر کا شعور پیدا ہوتا ہے - مصوری میں توافق کی شکل یہ ہے
کہ فرض کر لیجیے مصور کو کسی دریا کے موڑ کا منظر پیش
کرنا ہے ؛ اس موڑ کی شکل قوسی ظاہر کرنے کے لیے اور دریا کے
دوسرے کوائف دکھانے کے لیے مصور پس منظر میں سبز و شاداب
درخت ، پھولوں کے پودے ، کھیت اور امڈے ہوئے بادل دکھا
سکتا ہے - یہ پس منظر سامنے کے منظر سے موافقت رکھتا ہے -
لیکن کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ مصور پہاڑوں کے دو مہیب
سلسلوں کے درمیان کسی گہری کھڈ میں دریا کا پانی چمکتا
ہوا یوں دکھاتا ہے ، جیسے چاندنی کی پری کالے کالے دیووں کے
درمیان گھر گئی ہو اور بے تابانہ مچل رہی ہو - یہاں پس منظر
یعنی پہاڑوں کے سلسلے اور ان کی سیاہ وحشت ناک تنہائیاں
منظر کے موافق نہیں بلکہ اس سے مختلف ہیں - اسی اختلاف کی
بنا پر منظر کے خطوط زیادہ اجاگر ہوتے ہیں - پس معلوم ہوا کہ
مصوری پس منظر سے کبھی تضاد کا کام لیتی ہے ، کبھی توافق
کا - مقصد دونوں صورتوں میں ایک ہوتا ہے ، یعنی منظر میں
زیادہ گہرائی پیدا کرنا -

مصوری کی طرح شاعری میں بھی مناظر فطرت یا تو اصل منظر

سے مطابقت رکھتے ہیں یا اس سے تضاد کا ربط رکھتے ہیں۔ بہر حال دونوں صورتوں میں مقصد یہی ہوتا ہے کہ جذبہ یا واقعہ جس کا بیان کرنا مطلوب ہے، اس کا تاثر زیادہ گہرا ہو جائے۔

غالب کے ہاں اکثر مناظر فطرت کا روپ سروپ دوسری اور تیسری صورت میں نظر آتا ہے۔

یہ بات بھی گوش گزار کر دینی چاہیے کہ غالب جس بہار کی تصویر کھینچتا ہے وہ، چاہے جغرافیائی اعتبار سے برصغیر ہند پاکستان سے متعلق ہو لیکن اس کی تمدنی اور ثقافتی روایات سب ایرانی ہیں۔ غالب اس بہار کی تصویر کشی کرتا ہے جہاں بلبل واقعی گلاب پر جان دیتی ہے، یعنی ایران کی وہ خوبصورت بلبل جسے خود غالب قفس رنگ کہتا ہے۔ بلبل سے مراد برصغیر ہند پاکستان کی کلچڑی نہیں جس کا کوئی تعلق بلبل سے نہیں ہے اور جس کے متعلق کوئی روایات ناز و نیاز بھی کارفرما نہیں ہیں۔ جب تک ایرانی ادب ہماری ثقافت کا پس منظر رہا، اس وقت تک شعرا اس نکتے سے آگاہ رہے کہ ایران کی بلبل اور چیز ہے اور ہندوستان کی بلبل جسے کلچڑی کہتے ہیں، اور چیز ہے۔ جب فارسی ادبیات کا مطالعہ پڑھے لکھے ہونے کی ضروری شرط نہ رہا تو شعرا بھی یہ بات بھول گئے۔ سودا کہتا ہے:

خدا کی شان تو دیکھو کہ کلچڑی گنجی
حضور بلبل بستاں کرے نوا سنجی

چڑیل کی تو ہو شکل اور دماغ پریوں کا

سودا سے لے کے غالب تک جو مدت گزری ہے، بہت طویل نہیں لیکن اس کے باوصف اس اعتبار سے معنی خیز ہے کہ غالب

جیسا نکته دان فن کار بھی ایرانی ادب کی شعری روایات کے سلسلے میں کبھی ٹھوکر کھا جاتا ھے جیسا که ابھی ظاھر ھوتا ھے ۔ تو واضح رھے که غالب کے ھاں مناظر فطرت کی تصویر کشی یوں بھی پائی جاتی ھے که معلوم ھوتا ھے فطرت اپنی تمام رعنائی اور برنائی لے کر غالب کے دل میں سما گئی ھے، اور یه صورت بھی نظر آتی ھے که واردات و جذبات کے ابلاغ و اظہار میں مناظر فطرت ایسی چابک دستی سے پس منظر کا کام دیتے ھیں که سامنے کا منظر اور روشن ، خوبصورت اور صورت پزیر ھو جاتا ھے ۔ ان باتوں کو مد نظر رکھ کر پہلے غالب کے فارسی کلام میں طلوع صبح کا منظر دیکھیے ؛ ایک تو ان اشعار کے وزن کی صورت ایسی ھے جسے عام بول چال میں چلنت کہا جاتا ھے ۔ موسیقی کی اصطلاح میں یوں کہه لیجیے که شروع ھی سے ان اشعار کی لے تیز سنائی دیتی ھے ، اور جس طرح صبح کے راگوں میں یه وصف خاص ھوتا ھے که وہ سونے والوں کو بیدار کرتے ھوئے معلوم ھوتے ھیں ، اسی طرح ان اشعار کے الفاظ اور ان کی ترتیب میں یه وصف خاص ھے که صبح کے ھنگامے اور حرکت کا بڑی شدت سے احساس ھوتا ھے ۔ ثقافتی پس منظر ایرانی ھے ، متعلقه روایات ایرانی ھیں ، لیکن اس کے باوجود یه معلوم ھوتا ھے که برصغیر پاک ھندوستان کی صبح کا ذکر ھے :

صبحی که در ھوائے پرستاریٔ وثن[1]

جنبد کلید بت کده در دست برھمن[2]

در رفت و روب دیر دم گرم راھبان

آرد برون گداخته شمع از لگن

---

۱ - بفتحتین و سکون نون (عربی) بت، اوثان جمع ۔
۲ - برھمن مت کا پیرو جو اس بات کا دعویٰ کرتا ھے که مسلک برھمنی
(بقیه حاشیه اگلے صفحے پر)

خیزند دسته مغان[1] نه شسته روی
در اهتمام چیدن برسم[2] ز ناروں

(بقیه حاشیه صفحه گزشته -)
میں انسان کی کوششوں کی غایت یہ ہوتی ہے کہ روح پرماتما تک پہنچ جائے - برمھ اس حقیقت مطلقه کا نام ہے جو ہر چیز سے ماورا ہے - برہمن بہ ظن خود اسی کی طرف انسان کو لے جانا چاہتا ہے - اس کے مسلک میں بت ایک علامت ہے جس کے ذریعے انسان حضور یار میں پہنچتا ہے - صوفیوں کا وجد اور ارباب نظر کا حسن مجاز بھی حقیقت مطلقه تک پہنچنے کی کوشش میں معاون ہوتا ہے - ویدوں کی حقیقت مطلقه یعنی برمھ کے تصور سے زرتشت کا آھورا مزدا مشابہ ضرور ہے لیکن ایک خاص حد تک - اسی مشابہت کی بنا پر غالب نے فوراً گروہ مغاں کا ذکر کیا ہے -

۱ - ظاہر ہے کہ مغ کی جمع ہے - اس کی اصل مگھو ہے - یہی کلمہ مغ اور موگھو - چنانچہ مغ بد اور موبد مغوں کے سردار کو کہتے ہیں - مغ سے جو روایات وابستہ ہیں ، ان کی تفصیل کے لیے دیکھیے مزدیسنا ۲۷۸ تا ۲۸۲ -

۲ - یہ کلمہ اوستا میں بھی موجود ہے - اس کا مادہ برز ہے جس کے معنی ہیں بڑھنا اور پنپنا - برسم جماعت مغاں کی اصطلاح میں درخت کی شاخوں کو کہتے ہیں - ان کے ہاں دستور ہے کہ درخت ہوم سے یا انار کے درخت سے ایک خاص چھری سے باریک بے گرہ شاخیں کاٹتے ہیں - اس چھری کو آب پاکیزہ سے دھویا جاتا ہے اور جب شاخیں کاٹی جاتی ہیں تو دعائیں پڑھی جاتی ہیں جنھیں اصطلاح میں زمزم یا زمزمہ کہتے ہیں - ان شاخوں کو برسم دان میں رکھ دیا جاتا ہے لیکن پہلے پاک کیا جاتا ہے اور دعائیں پڑھی جاتی ہیں - یہ تو نہیں کہا جا سکتا کہ انار کے درخت کی تخصیص کیوں ہے لیکن معین نے یہ بات وضاحت سے لکھ دی ہے کہ برسم پر جو دعائیں پڑھی جاتی ہیں ، ان کا مقصد یہ ہوتا ہے کہ جو نعمتیں عالم نباتات سے انسان حاصل کرتا ہے ، ان کا شکریہ ادا کیا جائے - مزدیسنا : ۲۵۸ تا ۲۶۴

از شور دیریاں بگماں و خروش صور
اموات را ز رقص بتن بر درد کفن

رخشد ستاره از رخ ناشستهٔ صنم
بالد بنفشه از قد خم گشتهٔ ثمن

بر روے خاک جلوه کند سایه در نظر
بر بوے دوست حلقه زند مرغ درچمن

خواهد چراغ کشته چو شخص بریده سر
خیزد گل شگفته چو رنجور خسته تن

بر جام مل زدیدهٔ شبنم چکد نگاه
بر روئے گل ز طرهٔ سنبل دود شکن

غوغاے روز پرده کشاید ز خوب و زشت
آوائے کوس خواب رباید زمرد و زن

برخیزم و شرارهٔ آذر[۱] بهر دو کف
روبم ز رخت خواب و فشانم ز پیرهن

۱- آتش اور ایران قدیم میں جو فرشته آتش کی نگهبانی کرتا تها وه بهی آذر کهلا تا تها اور ایزدوں میں بهت ممتاز شمار کیا جاتا تها ۔ سال میں نویں مهینے کی نگهبانی اور پرداخت اور هر مهینے میں نویں دن کی نگهبانی اور پرداخت اسی ایزد کے سپرد هے ۔ برهان : ۲۲ ۔

بر بوے طرۂ کہ شبم بر مشام خورد
بر رہ گذار باد بدم در کشم ختن[1]

از ذوق مژدۂ کہ نگارم بخواب داد
در انبساط وجد بہم برزنم چمن

گرداب خانہ زاد محیط ست لاجرم
گردم بذوق دوست ھماں گرد خویشتن

چوں برگ گل ز باد سحرگاھیم زبان
رقصد بنام حیدر کرار در دھن

اس تصویر کشی میں صبح کی حرکت اور ھنگامے کی تصویر کشی ھی ملحوظ تھی۔ یہ صبح میں نے آپ کو قصیدے سے دکھائی اور اس لیے غزل کی صبح سے کچھ مختلف ضرور ھوگی؛ اب میں غزل کی صبح دکھاتا ھوں۔ یہاں مناظر فطری کی تصویر کشی کی تیسری صورت نظر آتی ھے، یعنی مناظر فطری تصویر کے پس منظر کا کام دے رھے ھیں۔ ادراک اور تعقل میں جذبہ سمویا ھوا ھے۔ حرکت اور ھنگامہ اس صبح کے نقش و نگار میں بھی پایا جاتا ھے، لیکن موسیقی کی اصطلاح میں یہاں کومل یا دھیمے سر زیادہ لگے ھیں؛ لے بھی تیز نہیں معلوم ھوتی۔ کہیں کہیں تیور سر یا چڑھا ھوا سر لگتا ھے تو بہت خوبصورت معلوم ھوتا ھے۔ علاوہ ازیں آخری دو اشعار میں 'مخسپ' نے ایک علامتی

۱۔ خراسان کی وہ سڑک جو زامین سے دو شاخوں میں تقسیم ھو جاتی تھی، چین کی طرف جاتے ھوئے اس کا آخری پڑاؤ برسخان بالا مشہور تھا۔ یہی ختن ھے اور روایت میں کبھی اس سے چین، کبھی وسط ایشیا کا کوئی علاقہ مراد ھوتا ھے اور شعری روایت میں عموماً مشک و محبوب سے منسوب ھے۔ جغرافیہ: ۵۸۷۔

معنویت اختیار کر لی ہے اور نیند گویا غفلت اور زبوں کاری کے معنی کو محیط ہو گئی ہے :

سحر دمیدہ[1] و گل در دمیدنست مخسپ
جہاں جہاں گل نظارہ چیدنست مخسپ

مشام را بہ شمیم گلے نوازش کن
نسیم غالیہ[2] سا در وزیدنست مخسپ

زخویش حسن طلب بین و در صبوحی کوش
مئے شبانہ ز لب در چکیدنست مخسپ

ستارۂ[3] سحری مژدہ سنج دیداریست
ببیں کہ چشم فلک در پریدنست مخسپ

---

۱ - عالم مجاز میں غالب کی فن کاری بے نظیر ہوتی ہے ۔ اس شعر میں صبح اور پھول میں دمیدن کا فعل مشترک قرار دیا گیا ہے ۔ صبح یوں روشن ہے جیسے پھول بہار کی مشعل بن کر جل رہا ہو۔

۲ - باد نرم : ہلکی ہلکی ہوا ۔ ٹیک چند لکھتا ہے کہ خوش نشین اور آشنا اس کی صفات ہیں ۔ یہ بیان بہت معنی خیز ہے کہ اگر غالیہ کی خوشبو تیز ہو جائے تو نفاست طبع کو ناگوار گزرے گی۔ بالکل معلوم نہیں ہوتا کہ ہوا کی عطر بیزی کا موجب کیا ہے ۔گیسوے یار یا خوشبوے بدن اور اس ابہام میں عجیب لطف ہے ۔

۳ - جیسا کہ روشن ہے، یہ ستارہ زہرہ ہے ۔ انگریزی venus ، فارسی ناہید ۔ ناہید کے لغوی معنی بے عیب کے ہیں۔ آریائی زبانوں میں ستارۂ سحری جس دیوی سے منسوب ہے ، اس کا تعلق ایک طرف ہاروت ماروت کی روایت سے ہے اور دوسری طرف افرودیتی کی عشوہ‌کاریوں اور دل ربائیوں سے ۔ اس ترکیب کے استعمال سے خیالات کا جو سلسلہ پیدا ہوتا ہے ، وہ یہیں ختم نہیں ہو جاتا ۔ ہم دیکھتے ہیں کہ غالب ستارۂ سحری کے ساتھ ہمیں پریدن چشم فلک کا منظر بھی دکھاتا ہے ۔

نشاط[۱] گوش بر آواز قلقلست بیا
پیاله چشم براہ کشیدنست مخسپ

نشان[۲] زندگیٔ دل دویدنست مایست
جلائے آئنهٔ چشم دیدنست مخسپ

ز دیده[۳] سود حریفاں کشودنست مبند
ز دل مراد عزیزاں تپیدنست مخسپ

---

۱ - اس شعر میں چڑھے ہوئے سر زیادہ لگائے گئے ہیں - خاص طور پر حرف ش کی تکرار پر غور کیجیے ، جس کی تندی اور تیزی محتاج اثبات نہیں ؛ نشاط ، گوش ، چشم ، کشیدن - اسی طرح پ اور ق کی تکرار - دوسرے مصرعے میں شعر جس سر سے شروع ہوتا ہے اسی سر پہ ختم ہوتا ہے - جیسے بعض صورتوں میں راگ کی تان ہوتی ہے - پہلے مصرعے میں قلقل کی صوت خود بتاتی ہے کہ اس لفظ کا مطلب کیا ہے -

۲ - عالم مجاز میں غالب کی فن کاری پر پھر غور کیجیے ؛ پہلے آنکھ میں اور آئینے میں مشابہت ڈھونڈی ، اس کے بعد اس آئینے کی جلاکاری کی ترکیب بتلائی کہ وہ دیدن ہے ، یعنی مشاہدہ ، معائنہ - اگر آنکھ یہی کام نہ کرے تو کس کام کی - یہی وجہ ہے کہ آنکھ کو اپنے منصب کے اعتبار سے دید بھی کہتے ہیں یعنی دیدہ - رومی کہتا ہے :

آدمی دیدست باقی پوست است — دید آں باشد کہ دید دوست است
جملہ تن را در گداز اندر نظر — در نظر رو در نظر رو در نظر

پہلے مصرعے میں دل کی زندگی کا نشان یہی بتایا کہ وہ حرکت میں رہے - اور اس اعتبار سے خطاب کا انداز کتنا خوبصورت ہے کہ مایست یعنی رک نہ جا ، کھڑا نہ رہ - دل رک گیا تو پھر زندگی کہاں ، اور جو معانی مجازی ہیں ان میں اس تنبیہ نے کہ رکنا مناسب نہیں ، کیسی اہمیت پیدا کی ہے -

۳- یہ مصرع شعر ماسبق کے دوسرے مصرعے کی ایک نئی صورت ہے اور میں نے بہت سوچا ہے کہ ان دو شعروں کی یہ صورت بہتر ہے یا نہیں -

نشان زندگیٔ دل دویدنست مایست — ز دل مراد عزیزاں تپیدنست مخسپ
ز دیده سود حریفاں کشودنست مبند — جلائے آئنهٔ چشم دیدنست مخسپ

[1] بذکر مرگ شبی زنده داشتن ذوقیست
گرت فسانهٔ غالب شنیدنست مخسپ

فطری مناظر کو غالب کس طرح جذبے سے مربوط کر دیتا ہے اور اس ارتباط میں کس طرح توافق اور اختلاف کی کیفیتیں دکھاتا ہے ، اس کی مثالیں اردو دیوان میں بھی موجود ہیں ۔ مثلاً :

مجھے اب دیکھ کر ابرشفق آلودہ یاد آیا
کہ فرقت میں تری آتش برستی تھی گلستاں پر

یہاں منظر اور پس منظر میں توافق نہیں ہے بلکہ جیسا کہ بیان کیا جا چکا ہے ، تضاد ہے ۔ اس کے برخلاف اس فارسی شعر میں منظر فطرت اور جذبے میں ارتباط کا تعلق ہے ۔ صورت یہ ہے کہ غالب نے شام کے وقت باغ کا منظر دیکھا ہے ۔ دھندلایا ہوا ، کجلایا ہوا ؛ سرو کے درختوں کی قطار دور تک چلی گئی ہے ۔ ایکا ایکی چاند طلوع ہوتا ہے اور یوں معلوم ہوتا ہے جیسے تمام باغ میں رنگ اور نور کا سیلاب امڈ آیا ہو ۔ اس موقع پر غالب کہتا ہے :

مه به باغ از افق سرو شبے کرد طلوع
سرو گفتند بداں ماه سراپا ماند

---

۱ - پھر عالم مجاز و بدیع میں غالب کی فن کاری پر غور کیجیے ۔ شب زندہ داشتن سے فوراً شب زندہ دار کا خیال آتا ہے اور ذکر کا کلمہ خیال کو مزید شہ دیتا ہے ۔ ساتھ ہی مرگ اور زندہ کے تضاد پر بھی غور کر لیجیے ۔

(باقی حاشیہ اگلے صفحے پر)

میں نے کہا تھا کہ غالب مناظر فطرت کے بیان میں ایرانی روایات ملحوظ رکھتا ہے ۔ اس کی نہایت خوبصورت شہادت منقبت کے اس قصیدے سے مل سکے گی جس کا مطلع ہے :

ابر اشک بار و ما خجل از نا گریستن
دارد تفاوت آب شدن تا گریستن[1]

اسی قصیدے میں سے جستہ جستہ شعر سنیے :

از رشک شمع سوختم اندازہ دان کسیست
خوش جمع کردہ سوختنی با گریستن[2]

اندوہ و خوشدلی نہ شناسیم کار ماست
یا خندہ بر سحاب زدن یا گریستن[3]

(باقی حاشیہ گزشتہ صفحے کا)

فسانۂ غالب کے بعد فوراً کلمۂ شنیدن کا استعمال اور ساتھ ہی مخسپ پڑھنے والے کو گویا چونکا دیتا ہے کہ کومل سریں لگ رہی تھیں ۔ یعنی گرت فسانۂ غالب ، ناگہاں شنیدنست مخسپ کہنے سے لے بھی تیز ہو گئی اور چڑھے ہوئے سروں کے استعمال کا بھی شعور ہوا ۔ کلمہ 'فسانہ' کے معانی کی داستان دراز ہے ۔ بہ‌اجمال ایک اور مقام پر اس کا ذکر آتا ہے ۔

۱ ۔ 'آب شدند' یعنی پانی پانی ہو جانا ۔ دیکھیے بادل بھی پانی پانی ہوا جاتا ہے اور ہم بھی ، لیکن ہمارا پانی پانی ہونا شرم سے ہے ۔ کلمۂ تا کس خوبی سے استعمال ہوا ہے جو اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ غالب ایرانی زبان سے خوب آگاہ ہے ۔

۲ ۔ اس شعر میں کلمہ 'خوش' نہایت بلیغ استعمال ہوا ہے ۔ یعنی کیا خوب ! کس سلیقے سے شمع نے جلنا اور رونا جمع کر لیا ہے ؛ کیوں نہ ہو اندازہ دان محبت ہے ، محرم اسرار عشق ہے ۔

۳ ۔ اس شعر میں یہ بات واضح ہو گئی ہے کہ ہنسنا خوش دلی کی دلیل نہیں ۔ چنانچہ 'خندہ بر سحاب زدن' میں اگرچہ ہنسنے کا جزو شامل ہے لیکن نشاط کا عنصر موجود نہیں ۔

مسکیں نہ دیدۂ ز مغان شیوہ با نواں
در خواب گہ بہمن و دارا گریستن ۱

گاہے بداغ شاہد و ساقی گداختن
گاہے بہ مرگ مامک و بابا گریستن

یہی وہ قصیدہ ہے جس کی اہل زبان نے بھی تعریف کی تھی ۔ اس قصیدے میں اسلوب سخن اور بات کا رنگ ڈھنگ ، مضمون کی چلت پھرت بالکل ایرانی ہے ۔ عرفی کی غزل ضرور یاد آتی ہے لیکن اس سے بھی زیادہ ایران قدیم یاد آتا ہے ۔ ترکیب 'مغاں شیوہ بانواں'، ایسی بلیغ واقع ہوئی ہے کہ داد نہیں دی جا سکتی ۔ بہمن و دارا سطوت و عظمت کے نشان ہیں اور خواب گہ سے مراد وہ جگہ ہے جہاں انھوں نے وفات پائی، یعنی خواب گہ ابدی ۔

میں کہہ چکا ہوں کہ مناظر فطرت کے بیان کی ایک یہ صورت بھی ہوتی ہے کہ معلوم ہو فطرت فن‌کار کی روح میں رس بس گئی ہے اور فن کار بغیر کسی اور آمیزش اور آرائش کے محض حسن فطرت سے لذت اندوز اور مسرت آموز ہو رہا ہے ۔ ایسے شعر مشرق کی زبانوں میں بہت کم ہیں جو حسن فطرت کی ایسی پرستش پر مشتمل ہوں ۔ میرحسن کے ہاں بھی آخر کار

۱۔ 'مغاں' پر نوٹ پہلے آ چکا ہے ۔ 'مغاں شیوہ' کی ترکیب بلیغ اور معنی آفرین ہے ۔ اس کے معانی شیریں حرکات اور کرشمہ سنج اور سحر ساز ہیں ۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ مغ عربی میں مجوس بنتا ہے اور یہی مغ انگریزی زبان میں کلمہ magic کا مادہ ہے ۔ مغ کو انگریزی میں magian کہتے ہیں اور اس کی جمع magi آتی ہے ۔ دیکھیے شپلے کی "تاریخ مآخذ الفاظ" نیو یارک فلا سافیکل لائبریری ۔

فطری مناظر کسی جشن کا ، کسی بزم کا ، کسی رقص کے منظر کا پس منظر بن جاتے ہیں - ایسے شعر شاذ و نادر نظر آتے ہیں کہ فن کار نے فطرت ہی کو شاھد و نگار کا مرتبہ دے دیا ہو ۔ غالب کے ان شعروں میں مناظر فطرت کے حسن سے فن کار کو جو علاقہ ہے وہ بڑی خوبی سے ظاہر ہوتا ہے :

عالم آئنۂ راز است چہ پیدا چہ نہاں
تاب اندیشہ نداری بہ نگاہے دریاب[۱]

گر بہ‌معنی نہ رسی جلوۂ‌صورت‌چہ کم است
خم زلف و شکن طرف کلاہے دریاب[۲]

فرصت از کف مدہ و وقت غنیمت پندار
نیست گر صبح بہاری شب ماہے دریاب[۳]

ان تمام اشعار سے زیادہ بلیغ غالب کا ایک شعر ہے جسے میں کئی دیوانوں پر بھاری سمجھتا ہوں ۔ زمین ہے 'پردہ دار برد'

---

۱ - اس سلسلے میں غالب نے وحدت وجود پر جو کچھ لکھا ہے وہ بھی ملحوظ خاطر رہے ۔

۲ - اردو میں آپ پڑھ چکے ہیں:
نہیں گر سرو برگ ادراک معنی   تماشائے نیرنگ صورت سلامت
یہ بات بھی واضح ہو گئی کہ کسی محبوبہ کی تخصیص نہیں ، طرف کلاہ جس کی بھی جواہر نگار ہو ، خوب ہے اور خم زلف جس کا بھی سواد ناز ہو ، مرغوب ہے ۔ اس کی تفصیل بھی آگے آتی ہے ۔

۳ - یہاں غالب زیادہ کھل گیا ہے کہ فطرت اپنی ہر ادا میں حسین ہے ، اردو میں یہی مضمون کم تر سطح سے کہا گیا ہے :
غالب چھٹی شراب پر اب بھی کبھی کبھی
پیتا ہوں روز ابر و شبِ ماہتاب میں

آشکار برد،، پہلے ایک شعر محبوب کی خوش ادائی کے متعلق ہے
اور پھر پھول کی تعریف ہے۔ قیاس چاہتا ہے کہ گلاب کا
پھول مراد ہو:

تا خود به پرده ره ندهد کام جوی را
در پرده رخ نمود و دل از پرده دار برد[1]

گل چہره بر فروخت بدانساں که بارها
پروانه را هوس بسر شاخسار برد[2]

دوسرے شعر میں جس کا نقل کرنا در اصل مطلوب تھا،
غالب نے فطرت کی حسن شناسی کا جو ثبوت دیا ہے، اس کے
متعلق یہی کہا جا سکتا ہے کہ:

''خوش تقریر بدرجه ایست که به تحریر نمی گنجد،،

اس بلاغت کا کیا ٹھکانا ہے کہ 'گل شگفته، اس طرح فروزاں
ہے جیسے باغ میں شمع جل رہی ہو۔ یہ وهی غالب ہے جو
اردو میں لکھتا ہے:

باغ پا کر خفقانی یہ ڈراتا ہے مجھے
سایۂ شاخ گل افعی نظر آتا ہے مجھے

۱- یہ وحدت وجود کا شعر ہے اور مجاز سے اس کا تعلق واجبی ہے۔
۲- کلمہ 'بارہا' ظاہر کرتا ہے کہ یہ بات پیوستہ ہوتی آئی ہے کہ پھول
مشعل کی طرح جلا ہے اور پروانے نے همیشه دھوکا کھایا ہے۔
هوس صرف بمعنیٔ تمنا ہے — شاخ سار: جہاں شاخیں کثرت سے ایک
دوسرے میں الجھی ہوئی ہوں اور سر شاخ بھی۔

اس سلسلے میں خاتمۂ کلام کے طور پر میں قصائد میں سے ایک بہاریہ تشبیب کے کچھ شعر نقل کرتا ہوں ۔ اس میں مناظر کی جو تصویر کشی دکھائی دیتی ہے ، اس کی صورت وہی ہے جو مصوری میں Landscape کی ۔ ان اشعار میں بھی منظر کو اجاگر کرنے کے لیے کبھی پس منظر سے توافق کا اور کبھی تضاد کا کام لیا جاتا ہے ۔ میں نے کہا تھا کہ غالب جیسا ایران شناس بھی بعض دفعہ ٹھوکر کھاتا ہے ۔ اس قصیدے میں اس سے ایک لغزش ہوئی ہے جس کا ذکر حواشی میں ملے گا ۔

ان اشعار میں بہار باغ کی جو صورت گری کی گئی ہے اس میں حرکت کم ہے ، سکون زیادہ ہے ۔ یوں معلوم ہوتا ہے جیسے پھول ، شاخیں ، درخت کسی طلسمی اثر سے مبہوت اور ساکت ہو گئے ہوں ۔ ہوا کی سرسراہٹ کا احساس نہیں ہوتا ۔ پرندے بھی جو چہچہا رہے ہیں تو به رسم مغاں زیر لب گنگنا رہے ہیں ۔ بلا شبہ یہ تصویر کشی جامد یا Static ہے ۔ لیکن اس میں بھی ایک خاص قسم کا حسن ہے ۔ اور یہ بات تو بالکل واضح ہے کہ غالب کے ہاں بہاریہ تشبیب رسمی نہیں ہوتی ۔ ایرانی روایات اور ایرانی ثقافت کے تلازمات برابر قائم ہیں :

باز به اطراف باغ آتش گل در گرفت
مرغ به رسم مغاں زمزمه از سر گرفت[1]

---

۱ - زمزمه : واضح رہے کہ فارسی میں زم کے معنی ہیں آہسته اور زمزم منطقی طور پر آہسته آہسته کے معنی دیتا ہے ؛ اصطلاح میں ان کلمات کو کہتے ہیں جو جماعت مغاں آتش پرستی کے وقت ، نہاتے اور کھاتے وقت اور عبادت کے وقت ادا کرتی ہے ۔ اسی سے زمزمه ہے ، پڑھنا اور زیر لب ترنم (مزدیسنا : ۲۰۴) ۔ مزید تفصیلات کے لیے لغت فرس ، فرہنگ آنند راج ، اور بہار سے رجوع کرنا چاہیے ۔ معین نے بھی ۲۰۷ تک اس کلمے سے به تفصیل بحث کی ہے ۔

سبزہ بر اندام خاک حلّہ ز مخمل برید
مہر بہ دیدار باغ آئنہ در زر گرفت[1]

دشت بہ پرکار باد طرح صنم خانہ ریخت
باد بر اطراف دشت صنعت آزر گرفت[2]

سرو بہ بالاے سرو طرہ ز سنبل فگند
گل بہ تماشاے گل دیدہ ز عبہر گرفت[3]

قامت رعناے سرو پردۂ گلبن درید
عارض زیبائے گل دل ز صنوبر گرفت

گرچہ گل از ہر زمیں تخت گہے برگزید
لیک بسر سنگیش سبزہ سراسر گرفت

---

۱ - آئینۂ در زر یعنی آئینۂ زریں اور وہ آئینہ جس پر سنہرا کام ہو، مراد آفتاب -

۲ - اس شعر میں تین کلمات توجہ کے محتاج ہیں: طرح، صنعت، آزر - طرح بڑا وسیع المعانی لفظ ہے - نقاشی اس کے معنی میں شامل ہے، یہ صاحب فرہنگ آنندراج کا قول ہے لیکن حقیقت یہ ہے کہ طرح مکان کے پہلے نقشے کو بھی کہتے ہیں اور مصوری کی اصطلاح میں وہ پہلا خاکہ ہے جس کی تکمیل اور رنگ آمیزی مطلوب ہے - اس مصرعے میں دو معانی کی جھلک دیتا ہے؛ ایک تو یہ کہ صنم خانے کا نقشہ قائم کیا اور دوسرے یہ کہ صنم خانے کی بنیاد رکھ دی - طرح انداختن بنیاد رکھنا - میرے خیال میں پرکار کے ہوتے ہوئے یہ زیادہ قرین قیاس ہے کہ پہلا مطلب ملحوظ ہو - اگر یہ صورت ہو تو ایہام تناسب کی سی شکل پیدا ہوگی - صاحب برہان قاطع اس کلمے کو نہیں پہچانتے - دیکھیے آنند راج — صنعت کا مادہ ص - ن - ع ہے، اسی سے صانع، مصنوع، تصنع اور صنعت برآمد ہوتے ہیں - یہ بڑی معنی خیز بات ہے کہ انگریزی میں بھی صنعت کے مقابلے میں جو لفظ آرٹ ہے، اس سے دو

(باقی حاشیہ اگلے صفحے پر)

بات یہ ہو رہی تھی کہ غالب نے زندگی سے جو سمجھوتا کیا ہے ، اس کے جزو اعظم دو ہیں ؛ ایک حسن کی پرستش اور دوسرے فن کی پرستاری - فن بھی در اصل عالم معنویات میں حسن ہی کی ایک صورت ہے - ہم دیکھ چکے ہیں کہ عالم جسمانیات میں غالب نے مناظر فطرت سے کس طرح اپنی شیفتگی کا اظہار کیا ہے - اب یہ دیکھنا چاہیے کہ حسن جسمانی سے غالب کی شیفتگی کی کیا کیفیت ہے - اس سلسلے میں دو باتیں جو بنیادی اہمیت کی حامل ہیں، صراحت سے کہہ دینی چاہئیں - یہ بات واضح ہے کہ غالب نے ایک جیتی جاگتی عورت سے عشق کیا ہے - اس عورت کا ذکر غالب کے خطوط میں ملتا ہے اور غالباً اسی کا مرثیہ اردو

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۸۵)

کلمات برآمد ہوتے ہیں : Artistry یعنی صنعت اور Artificiality یعنی تصنع - اب صانع خدا سے منسوب ہے اور فن کار کے لیے کلمہ صنّاع استعمال ہوتا ہے - صنعت فن کاری کی صحیح روش ہے اور تصنع صنعت کے مقابلے میں فن کاری کی بگڑی ہوئی صورت— تیسرا کلمہ آزر ہے ، بہ فتح ثالث بر وزن مادر - بعض لغات میں حضرت ابراہیمؑ کے باپ کا اور بعض میں ان کے چچا کا نام بتایا جاتا ہے - حقیقت یہ ہے کہ قرآن پاک میں ($\frac{6}{74}$ الانعام) حضرت ابراہیمؑ کے باپ کا نام آزر بتایا گیا ہے - پرانے صحائف میں حضرت ابراہیمؑ کے والد کا نام تارح یا تارخ بتایا جاتا ہے ، مشہور بت تراش اور صنم گر ہے ، آزر سے اشتباہ نہ ہونا چاہیے - دیکھیے برہان : ۳۶-

۳ - واضح رہے کہ نرگس کی دو قسمیں ہیں : ایک شہلا کہ پھول کے وسط میں سیاہ داغ ہوتا ہے ، اسی کو آنکھ سے تشبیہ دیتے ہیں اور دوسرے عبہر جس کا پھول زرد ہوتا ہے اور یہ عام نظر آتی ہے - ظاہر ہے کہ یہاں غالب کو شہلا کہنا چاہیے تھا - سعدی :

سر بالین عدم باز نہ اے نرگس مست
کہ ز خواب سحر آں نرگس شہلا برخاست

دیوان میں موجود ہے - لیکن اس کے باوجود غالب کی اصل وابستگی ، فریفتگی اور شیفتگی حسن سے متعلق ہے ، کسی مخصوص حسین سے نہیں - حسن ہر رنگ میں ہر روپ میں غالب کو کیف و سرور کی وہ دولت بخشتا ہے جو اسے یورش آلام سے نجات دیتی ہے - حسن جسمانی کے جو پیکر اردو اور فارسی کلام میں نظر آتے ہیں ، وہ دو قسم کے ہیں- ایک تو وہ ہے جسے ہم حسن مطلق کہتے ہیں- حسن مطلق سے منسوب جو محبوبہ غالب کے کلام میں نظر آتی ہے وہ بے حرکت ، جامد اور ساکت ہے - وہ پتھر کا ایک بت ہے جو نہ التفات کرتا ہے نہ غالب کے التفات کی پروا کرتا ہے - اس کے مقابلے میں حسن کا دل پسند نمونہ یا پیکر ایک جیتی جاگتی شوخ و شنگ عورت سے عشق ہے جسے اپنے روپ کی نفاست اور عشوہ گری کا بخوبی علم ہے اور وہ چاہتی بھی ہے ، اور یہ بھی چاہتی ہے کہ اسے چاہا جائے ، یہ ضروری نہیں کہ وہ غالب ہی کو چاہتی ہو - اس جیتی جاگتی عورت سے غالب کا رشتۂ محبت استوار ہے - پہلی بار اردو میں محبوبہ کے متعلق ایک نئے لہجے کی کھنک سنائی دیتی ہے - غالب کے لیے یہ بات کافی ہے کہ محبوبہ حسین ہے ، طرح دار ہے ، سج دھج رکھتی ہے اور اس آن سے متصف ہے جو روپ کا مان اور حسن کی جان ہے - وہ شگفتہ جبین ہے ، ہنستی ہے ، مسکراتی ہے ، چاہتی ہے کہ غالب اسے چاہے لیکن اس بات کی کوئی ضمانت نہیں دیتی کہ وہ بھی اسے چاہے گی - غالب یہ سمجھوتا قبول کرتا ہے - یہ بڑا معرکے کا سمجھوتا ہے - یہ اردو غزل میں ایک نیا موڑ ہے ، یہ شعری روایت کے خلاف ایک کھلی بغاوت ہے - پہلے شاعر کا موقف یہ تھا کہ میں جو محبوبہ کو چاہتا ہوں تو اب میرا حق ہے کہ وہ بھی مجھے چاہے -

غالب محبوبہ کا یہ حق تسلیم کرتا ہے کہ اسے اختیار ہے کہ
وہ کسی اور کو دل دے اور اسے چاہے - اندازہ کر لینا چاہیے
کہ غالب اضطراب کے کن دوزخوں سے اور کرب کی کن منزلوں
سے گزرا ہوگا تب ذہنی تہذیب کا یہ بلند مقام اسے حاصل
ہوا ہے کہ وہ حسن سے نہ وفا کی توقع رکھتا ہے نہ التفات کی،
نہ عفت و عصمت کی ؛ حسن بہر حال حسن ہے ، دل پزیر ہے ،
عالم گیر ہے ، ہوش ربا ہے ، دل کشا ہے ؛ طرح داری کے
ساتھ اگر سیاہ کاری بھی ہے تو کیا ہوا ، محبوبہ کا محض حسین ہونا
ہی کافی ہے ، اس سے یہ توقعات قائم رکھنا کہ وہ غالب کی
خاطر عفیف بھی رہے گی ، عصمت کا بلند معیار بھی قائم رکھے گی ،
غالب کے جذبۂ شوق کی قدر کر کے اس کی دل نوازی کرے گی ،
غلط ہے - حسن کا بلند رتبہ پرستار خود Amoral یعنی
ما ورائے اخلاق ہوتا ہے، Immoral نہیں یعنی، بد کردار و بد اخلاق
حسن کو بھی غالب Amoral تصور کرتا ہے کہ اسے عفت
اور عدم عفت کے پیمانوں سے نہیں جانچنا چاہیے ؛ روپ سروپ ،
سج دھج اور حسن کی چھب اس قسم کی جانچ پرکھ سے ماورا
ہے - حسن پر غالب کا یہ نقطۂ نظر بالکل انوکھا ، نیا اور اپنے
تمام معاصر شعرا سے مختلف ہے - غالب ہی کے موقف کو پہلے
حفیظ جالندھری نے اور پھر تاثیر مرحوم نے اپنایا ، نکھارا اور
سنوارا کہ بیسویں صدی میں ایسی محبوبہ عموماً نظر آتی ہے
جو دل بری کی تمام اداؤں سے مسلح ہو کر دیکھنے والوں پر
حملہ آور ہوتی ہے اور انہیں مسخر کرتی ہے لیکن خود مسخر
ہونے سے انکار کرتی ہے - غالب کی عظمت فکر اور تہذیب ذہنی
کا روشن ترین ثبوت یہی ہے کہ اس نے حسن سے جو روابط ناز و نیاز
قائم کیے ان میں زبردستی کی جھلک تک نہ تھی - اس نے محبوبہ

کا یہ موقف قبول کیا ''میں تمھیں اس بات سے نہیں روکتی کہ تم مجھے چاہو، حسن طبعاً پرستار کا متقاضی ہوتا ہے، مجھے تمھاری پرستاری قبول ہے، لیکن جس طرح تمھیں یہ حق حاصل ہے کہ جسے چاہو اپنی محبوبہ بناؤ، مجھے بھی یہ حق حاصل ہے کہ جس سے چاہوں محبت کروں۔ میری دل بری کی ادائیں، میری سج دھج، میرا روپ سروپ سب مسلّم، لیکن ان باتوں کا مطلب یہ نہیں کہ میں تمھاری طرف ملتفت ہوں۔ میری شگفتہ جبینی سے دھوکا نہ کھاؤ! روپ کی مدھ ماتی سندر نار ضرور ہنسے گی اور مسکرائے گی، اسے تم التفات سمجھ لو تو یہ تمھاری غلطی ہے۔،، اب خود اندازہ کر لیجیے کہ اردو شعرا کی زار نالی اور محبوبہ سے شکوہ سنجی کتنی بیہودہ بات ہے: یہ کیا ضرور ہے کہ جسے ہم چاہیں وہ بھی جواب میں ہمیں چاہنے لگے۔ بے شک جوانی کی شوریدہ سری تبسم کو التفات سمجھتی ہے اور آرائش کی بناوٹ کو لگاوٹ جانتی ہے لیکن اس میں حسن کا کیا قصور ہے؛ وہ تو آرائش، زیبائش اور نمائش پر مجبور ہے۔ اگر کوئی شخص حسن کی صفات طبعی کو لگاوٹ یا لگاؤ یا التفات سمجھ لے تو حسن کا کیا قصور۔ اب واضح ہوگیا ہوگا کہ غالب، محبوبہ کی جو تصویر ہمیں دکھاتا ہے، وہ بہت تیکھی اور بانکی ہے اور اردو کے تمام شعرا کے تصورات سے بالکل مختلف ہے۔ محبوبہ کی جو دو قسمیں ہمیں غالب کے ہاں نظر آتی ہیں اور غالب جس طرح حسن سے اپنے روابط کا اظہار کرتا ہے، اس کی جھلک اردو کلام میں بھی دکھائی دیتی ہے لیکن جو صراحت، وضاحت اور خوب صورتی فارسی کلام میں ہے، اس کا شائبہ بھی اردو میں موجود نہیں۔ مثال کے طور پر اردو میں متصوفانہ حسن یا حسن کے ساکت اور جامد پیکر

کی تصویر ان اشعار میں دکھائی گئی ہے :

تھک تھک کے ہر مقام پہ دو چار رہ گئے
تیرا پتا نہ پائیں تو ناچار کیا کریں

دونوں جہان دے کے وہ سمجھے یہ خوش رہا
یاں آ پڑی یہ شرم کہ تکرار کیا کریں

اصل[۱] شہود و شاہد و مشہود ایک ہے
حیراں ہوں پھر مشاہدہ ہے کس حساب میں

[۲]شرم اک ادائے ناز ہے اپنے ہی سے سہی
ہیں کتنے بے حجاب کہ ہیں یوں حجاب میں

[۳]آرائش جمال سے فارغ نہیں ہنوز
پیش نظر ہے آئنہ دائم نقاب میں

---

۱ - ''تمام عالم بہ وجود واحد موجود ہے تو شاہد و مشہود ایک ہی ہوئے۔ اور ایک کے سوا دوسرا موجود نہیں ہے اور اس کا بھی وجود و شہود کوئی شے عارضی نہیں ہے بلکہ وجود عین ذات موجود ہے — جب مغایرت ھی یہاں نہیں ہے تو پھر مشاہدہ کیسا ، جس کی امید آخرت میں لوگ رکھتے ہیں'' شرح : ۱۱۰

۲ - ''اس غزل کے اکثر شعر تصوف کے مضمون کے ہیں — جب غمزہ و ادا خود ایک طرح کی بے حجابی ہے تو اس کا حجاب کرنا عین بے حجابی ہوا - '' شرح ۱۱۰

۳ - ''نقاب استعارہ ہے حجاب قدس سے اور آئینہ اس میں علم 'مایکون وماکان' ہے اور آرائش جمال سے فارغ نہ ہونا تفسیر ''کل یوم ھو فی شان'' ہے شرح : ۱۱۰ — موجودہ نقاد اور شارح اس شعر سے یہ مراد لیتے ہیں کہ کائنات دائماً ارتقا پزیر ہے اور صانع کائنات آئینہ' کائنات میں برابر اپنے روز افزوں جمال کا مشاہدہ کر رہا ہے ، کہ صانع اپنی مصنوعات میں ظاہر ہے -

میں اور صد ہزار نوائے جگر خراش
تو اور ایک وہ نہ شنیدن کہ کیا کہوں

محرم نہیں ہے تو ہی نواہائے راز کا
یاں ورنہ جو حجاب ہے، پردہ ہے ساز کا

آئینہ کیوں نہ دوں کہ تماشا کہیں جسے
ایسا کہاں سے لاؤں کہ تجھ سا کہیں جسے

اب اس کے مقابلے میں حسن کا وہ پیکر دیکھیے جو جیتا جاگتا ہے ، شوخ و شنگ ہے اور جس کے متعلق غالب کا عقیدہ یہ ہے کہ اس کا حسین ہونا ہی کفایت کرتا ہے ، اس کا التفات شرط نہیں :

بلائے جاں ہے غالب اس کی ہر بات
عبارت کیا ، اشارت کیا ، ادا[1] کیا

گدا سمجھ کے وہ چپ تھا مری جو شامت آئے[2]
اٹھا اور اٹھ کے قدم میں نے پاسباں کے لیے

---

۱ - 'ادا' کا اصطلاحی مفہوم بھی ہے ، لغات سے رجوع کیجیے -
۲ - مجھے یقین ہے کہ پہلے مصرع کے اخیر میں 'آئے' ہے ، 'آئی' نہیں کہ اہل زبان کے محاورے میں یہاں ماضی مطلق کا مقام نہیں ہے بلکہ مضارع کا ہے

وعدہ آنے کا وفا کیجے یہ کیا انداز ہے[1]

تم نے کیوں سونپی ہے اپنے گھر کی دربانی مجھے

ایسے بہت سے شعر نقل کیے جا سکتے ہیں لیکن بہ خوف طوالت صرف ان ہی پر اکتفا کرتا ہوں اور اب وہ دو شعر نقل کرتا ہوں جن سے میرے اس موقف کا اثبات ہوگا کہ غالب کو اس بات کی کوئی پروا نہیں کہ حسن التفات بھی کرتا ہے کہ نہیں۔ حسن کی عشوہ گری ، دل ربائی اور دل بری پرستش کے لیے کافی ہے ، حسن بنفسہ اپنا جواز آپ ہے ۔ غالب کہتا ہے :

نہ ہو بہار کو فرصت نہ ہو ، بہار تو ہے[2]

طراوت چمن و خوبیء ہوا کہیے

نہ ہو نگار کو الفت نہ ہو ، نگار[3] تو ہے

روانی روش و مستیء ادا کہیے

مجھے یہ شعر پڑھ کر بے ساختہ اثبات وجود باری تعالی کے سلسلے میں ایک شعر یاد آتا ہے جس کا مصنف نامعلوم ہے ، کیا شعر ہے! :

---

۱ - اس شعر میں شترگربہ کا عیب ہے ، پہلا مصرع آپ کا مفہوم لیے ہوئے ہے اور دوسرے مصرع میں تم ہے ۔

۲ - ظاہر ہے 'کہ فرصت نہ ہو' سے یہاں مراد کمی ہے یعنی بہ اعتبار زمانی ، مراد یہ ہے کہ مراد کے دن بہت کم ہوتے ہیں۔ اور 'کہیے' سے مراد یہ ہے کہ ان باتوں کا ذکر تو کیجیے ، کم فرصتی کا رونا کیوں روئیے ، جتنا کچھ ہے اسی سے فائدہ کیوں نہ اٹھائیے

۳ - نگار محبوب کے لیے استعمال ہوتا ہے ۔

وہ اپنی نظیر آپ ہے اور اپنی مثیل آپ[۱]
آنکھوں سے نہاں، دل میں عیاں، اپنی دلیل آپ

فارسی اشعار سے پہلے میں آپ کو حسن کا جامد و ساکت پیکر دکھاتا ہوں جو مسلک تصوف سے مخصوص و منسوب ہے۔ ظاہر ہے کہ غالب کسی اعتبار سے صوفی نہ تھا اور جیسا کہ اس نے مکاتیب میں تصریح کی ہے، فکر شعر کے لیے کچھ تصوف بھی لگا رکھا تھا؛ لیکن اس میں قطعی کوئی شک نہیں کہ غالب کو نظریاتی طور پر تصوف کے خاصے اسرار و رموز کا علم تھا، کسی حد تک یہ نتیجہ ہے کلام بیدل کے عمیق مطالعے کا اور کسی حد تک غالب کے عمومی مطالعے کا اور اس کی ژرف نگاہی کا۔ یہ بات شروع ہی میں عرض کر دینی چاہیے کہ حسن مطلق بھی تصوف میں تین پہلو رکھتا ہے، تین روپ دھارتا ہے۔ تین کا عدد مذاہب و ادیان اور تصوف و معرفت میں ہمیشہ بہت معنی خیز اور پر اسرار رہا ہے؛ ویدانت میں حقیقت مطلقہ کے تین پہلوؤں کے نام بتفصیل ذیل ہیں، یہ گویا صفات کی طرح ہیں:

(۱) ست (۲) چت (۳) آنند۔

ست: سچ کو بھی کہتے ہیں، حقیقت کو بھی، وجود کو بھی،
چت: آگاہی، دانش اور دریافت کو کہتے ہیں۔

۱۔ مدت ہوئی شروع بلوغت میں یہ شعر سنا تھا، ممکن ہے وقت کے گزر جانے کی بنا پر حافظے میں صحیح شکل موجود نہ ہو، لیکن دوسرے مصرع کے متعلق مجھے وثوق کامل ہے۔ اس شعر پر رومی کے مصرع کا فیضان واضح ہے، ہر چند کہ شعر کی انفرادیت قائم ہی ہے، آفتاب آمد دلیل آفتاب۔

آنند: اس مسرت کو کہتے ہیں جسے تصوف کی اصطلاح میں سعادت کہا جاتا ہے۔

حقیقت مطلقہ کی اعلیٰ ترین صورت اپنی صفات کے مجموعے کا نام ہے اور جب انسان کی آتما ان صفات سے کاملاً آگاہ ہو جاتی ہے تو وہ بھی اسی مقام پر پہنچ جاتی ہے یعنی ست، چت، آنند[1]۔ ست، چت، آنند کا دوسرا روپ وشنو، شیو اور برہما کی صورت میں تریمورتی بن کر نظر آتا ہے؛ یہ وہ مشہور مجسمہ ہے جس میں حقیقت مطلقہ کے تین پہلو یک جا دکھائے گئے ہیں، برصغیر پاکستان و ہند کے نوادرات میں یہ مجسمہ شامل ہے۔

عیسائیوں کی تریمورتی باپ، بیٹا اور روح القدس کا روپ دھارتی ہے، اسے اصطلاح میں تثلیث کہتے ہیں۔ بات یہیں ختم نہیں ہوتی؛

۱۔ لغت فلسفہ، تالیف رونز، فلاسافیکل لائبریری نیویارک، سن اشاعت نامعلوم: ۲۷۷ - یہ تو صفات ہوئیں؛ قادر مطلق کی قدرت کے تین پہلو ہندو فلسفے میں وشنو، شیو اور برہما کے نام سے یاد کیے جاتے ہیں۔ وشنو خالق ہے یعنی پیدا کنندہ، برہما کائنات کا نظم و نسق اپنے تصرف میں رکھتا ہے، اس لیے قائم دارندہ کہلاتا ہے۔ شیو ہلاکت سے منسوب ہے، اسے ہلاک کنندہ کہتے ہیں۔ شیو سے جو مسلک اور مذہب منسوب ہے اس کے کوائف بہت پیچیدہ ہیں، تفصیلات کے لیے کتاب مذکور سے رجوع کرنا چاہیے۔ یہ دیوتا مختلف روپ دھارتا ہے۔ موسیقی اور رقص اسی سے منسوب ہے اور اس اعتبار سے نٹ راگ کہلاتا ہے۔ کلاسیکی سنگیت کے ماہر شام کی چیزوں میں بھوپالی گاتے ہیں تو نٹ راگ کو ان مشہور بولوں کے لیے خراج عقیدت پیش کرتے ہیں "ہے مہادیو"۔ مہادیو سے مراد ہے سب سے بڑا دیوتا، اس دیوتا کے نہایت خوبصورت مجسمے بر صغیر پاکستان و ہند میں پائے جاتے ہیں۔ پاروتی یا پاربتی مشہور دیوی جو گنگا سے مربوط ہے، اسی کی بیوی ہے۔ اس کا ذکر آگے آتا ہے۔

غور کیجیے عالم بھی تین ھیں ؛ عالم نباتات ، جمادات اور حیوانات۔ ابعاد اور پہلو بھی تین ھیں ۔ اقبال کہتا ھے :

سہ پہلو ایں جہان چون و چند است

چوتھا بعد اب دریافت ھوا (Fourth Dimension) ۔ نفس کی کیفیتیں بھی تین ھیں ۔ یعنی امارہ ، لوامہ اور مطمئنہ یا ناطقہ ۔ فرائڈ ان کیفیات کے مقابلے میں تین کیفیتوں کا ذکر کرتا ھے۔ یعنی Id یہ نفس امارہ ھے جہاں خواھشات گویا کیڑوں کی طرح کلبلاتی ھیں ۔ پھر اغو (Ego) اس میں ضمیر یعنی نفس لوامہ شامل ھے ۔ اسی کو Conscience کہتے ھیں ۔ لوم ملامت کرنے کو کہتے ھیں ۔ ضمیر ھمیں برے کام پر سرزنش کرتا ھے اس لیے لوامہ کہلاتا ھے ۔ نفس مطمئنہ یا ناطقہ وہ مقام ھے جہاں انسان ضمیر کی طاقت سے کام لے کر خواھشات کی تہذیب اور ترفیع کر لیتا ھے۔ یعنی Sublimation کر لیتا ھے ۔ اسے فرائڈ Super Ego کا منصب سمجھتا ھے ۔

بات یہیں ختم نہیں ھو جاتی ۔ تخلیق کائنات کے بعد اھم ترین شخصیتیں جو ابھریں وہ تین ھیں ۔ یعنی آدم ، حوا اور ابلیس ، جو کتب قدیم میں سانپ کا روپ دھارتا ھے ۔ پھر ازلی مثلث پیدا ھوتا ھے ۔ یعنی دو مرد اور ایک عورت یا دو عورتیں اور ایک مرد ۔ آدم کے بعد ایک عورت کے لیے ھابیل اور قابیل میں لڑائی ھوتی ھے ، پھر سلسلہ آگے چلتا ھے ۔ انسان فن کار بنتا ھے اور دنیا کے واقعات کو تمثیل کی شکل میں پیش کرتا ھے، تو تین وحدتوں کو پیش نظر رکھتا ھے ۔ انگریزی اصطلاح میں اسے Three Unities کہتے ھیں ۔ جس چیز کو صداقت یا Truth کہتے ھیں اس کے متعلق تین نظریات بہت مشہور ھیں ۔ مختصراً یہ

نظریات یوں بیان کیے جا سکتے ہیں۔

(۱) کوئی بات یا قضیہ اس وقت صداقت سے متصف ہوتا ہے، اگر وہ کسی واقعے کا صحیح بیان کرے۔

(۲) صداقت در اصل ایک منظم کل کا جزو ہے۔ اس میں صرف منطقی یک آہنگی ہی نہیں پائی جاتی بلکہ یہ ایک منظم کل کا جزو لازم ہوتا ہے۔

(۳) تجرباتی نظریات کے مطابق کوئی بات یا قضیہ اس وقت صحیح ہوتا ہے کہ کام دے سکے یا کسی کسوٹی پر پرکھا جا سکے۔ کام اور پرکھ کے متعلق مختلف معیار پیش کیے گئے ہیں[1]۔

اسی طرح تین کے عدد کی اہمیت کی سینکڑوں مثالیں دی جا سکتی ہیں۔ آپ غور کریں گے تو آپ کے ذہن میں خود بہت سی مثالیں ابھریں گی۔ تصوف کے نظام فکر میں حقیقت مطلقہ میں رخ یا پہلو بتفصیل ذیل ہیں۔ خدا (۱) حق مطلق بھی ہے۔ (۲) حسن مطلق بھی۔ (۳) اور خیر مطلق بھی[2]۔ تفصیل اس کی یہ ہے کہ خدا وہ حقیقت ہے جو تمام حقیقتوں سے ماورا اور تمام حقائق کا سر چشمہ ہے۔ خدا کی حقیقت سے صوفیہ کی جو کتابیں بحث کرتی ہیں ان کا مقصد یہی ہے کہ خدا کو اس حقیقت سے دیکھا جائے کہ وہ ماورا الورا ہے۔ وحدت وجود اور وحدت شہود کے مباحث اس پہلو سے پیدا ہوتے ہیں۔ صداقت مطلقہ کا یہ پہلو فکر کو دعوت تگ و تاز دیتا ہے۔ اس لیے مابعد الطبیعیات کا اہم ترین مسئلہ یہی ہے کہ حقیقت ذات خداوندی کیا ہے اور اسی سے یہ سوال پیدا ہوا ہے

۱- لغت فلسفہ : ۳۳۱، ۳۳۲

۲- ان کی تفصیل آگے آتی ہے، یہاں صرف اتنا کہہ دینا کافی ہے کہ وحدت وجود کے قائل کے مسلک سے یقیناً متاثر ہیں۔ مختصراً ان کا نعرہ ہے

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۹۷ پر)

کہ ہم حقیقت کو کس حد تک پہچان سکتے ہیں۔ حقیقت ہماری فہم ناقص کے پیمانوں کے مطابق ہمارے ذہنوں پر منعکس ہوتی ہے۔ ذات باری تعالیٰ کا یہ پہلو یعنی اس کا حق مطلق ہونا بڑے دقیق مباحث پر مشتمل ہے۔ ذات خداوندی کے اسی پہلو کا سہارا لے کر منصور نے انا الحق کا نعرہ لگایا تھا۔ صداقت کے معانی کے جو تین سلسلے اوپر بیان کیے گئے ہیں، ان میں سے صوفیا اس سلسلے سے منسوب ہیں جو صداقت کو ایک منظم کل کا جزو لازم خیال کرتا ہے۔

خدا اس معنی میں حسن مطلق ہے کہ حسن و جمال کا کمال اسی کی ذات میں نظر آتا ہے؛ صوفیا حسن مجازی کی پرستش اسی لیے کرتے ہیں کہ وہ حسن حقیقی تک پہنچنے کا ایک زینہ ہے۔ اس نظریے سے بہت فساد پیدا ہوا، یہاں تک کہ امرد پرستی نے بہت سے لوگوں کو گم راہ کر دیا۔ حافظ کے زمانے میں یہ حالت تھی کہ کلمہ صوفی مرد ریا کار اور مرد فاسق کے معنی میں استعمال ہوتا تھا۔ سعدی نے بڑی صراحت اور بے باکی سے کہا:

محتسب در قفاے رندان است   غافل از صوفیان شاهد باز

(بقیہ حاشیہ صفحہ گزشتہ)

ہمہ اوست۔ دنیا میں وجود باری تعالیٰ کے سوا اور کوئی چیز ہے ہی نہیں اور جو ہے تو حجاب ہے، وہم ہے۔ ویدانت کی اصطلاح میں مایا ہے، ہر چند کہ یہ حجاب بھی محرم راز کے لیے بے حجابی ہی کی طرف جاتا ہے۔ وحدت شہود جس کے اعلیٰ ترین مفسر مجدد ثانی ہیں، کا مفہوم یہ ہے کہ صانع اور مصنوعات میں خالق و مخلوقات میں مغایرت ہے۔ اس تعلق کو وہ مختصراً ہمہ از اوست کے ذریعے ادا کرتے ہیں۔ مراد یہ ہے کہ بے شک ہر چیز اسی کے وجود اور حکم کی مرہون منت ہے۔ لیکن اس کے باوجود اس سے جدا ہے۔

حافظ نے بھی ایسے صوفیوں کی قلعی کھولی ؛ بہر حال اس فساد سے قطع نظر خدا کا حسین و جمیل ہونا اُس کی ذات کا ایک اہم پہلو ہے ۔ جب صوفی اپنے لیے عاشق ، رند اور اسی طرح کے کلمات کا استعمال کرتے ہیں تو وہ خدا کے اسی پہلو کی تعریف و توصیف ملحوظ رکھتے ہیں ؛ وہ اسی اعتبار سے محبوب ہے کہ غایت حسن ہے ، عیب سے مبرّا ، نقص سے منزّہ ۔ حسن مطلق کی پرستش میں صوفیوں نے رندانہ اور مستانہ انداز میں بہت خوب صورت غزلیں کہی ہیں جو فارسی غزلوں کا سرمایہ ہیں ۔ ذات باری تعالیٰ کے اسی پہلو نے طبعاً عشق کو بھی شعر میں ایک مقام بلند بخشا ۔ عاشقانہ شاعری کی تہذیب میں خدا کے اس تصور نے کہ وہ حسن مطلق ہے ، بڑا حصہ لیا ہے ۔ حافظ کے ہاں جہاں مجاز اور حقیقت مل کر شیر و شکر ہوتے ہیں ، اس صنف سخن کا معراج کمال نظر آتا ہے جس میں عشق اور حسن کے کوائف کی تعبیر دو طرح کی جا سکتی ہے ۔ اردو میں بھی یہ کھیل بڑی خوب صورتی سے کھیلا گیا ہے لیکن فارسی میں اس کی رنگینی کا عالم اور ہی ہے ۔ آسی کہتا ہے :

دل گردوں سے لے کر تا دل دوست
گیا نالہ کئی منزل ہمارا

نہیں ہوتا کہ بڑھ کر ہاتھ رکھ دیں
تڑپتا دیکھتے ہیں دل ہمارا

اب چاہیں تو حقیقت کے روے رنگین پر جو باریک ریشمی آنچل پڑا ہے ، وہ اٹھا دیں اور دوست کے پردے میں حسن مطلق کو دیکھ لیں ورنہ بہر حال حسن تو ہے ہی ، چاہے مجازی ہو ۔ اسی طرح فارسی کے اس مصرع میں :

ہرچہ از دوست میرسد نیکوست

آپ چاہیں تو صبر و رضا کا مقام دیکھ لیں اور چاہیں تو
معنیٔ مجازی تک محدود رہیں، اپنی طبیعت کی بات ہے؛ یہ بات
نیاز فتح پوری کو بہت کھٹکتی ہے۔ فارسی کے اس مصرع میں :

دشمن چہ کند چوں مہرباں باشد دوست

یہی کھیل بڑی خوب صورتی سے کھیلا گیا ہے؛ دوست کے معانی
میں جو وسعت ہے، اس کا اندازہ کرنا ناممکن ہے۔

اب رہی تیسری بات کہ خدا خیر مطلق ہے تو اس کا مفہوم
یہ ہے کہ خدا تمام نیکیوں اور سعادتوں کا سرچشمہ ہے، اس سے
صدور شر ہو ہی نہیں سکتا۔ شر ایک منفی چیز ہے، خیر ایک
مثبت حقیقت ہے؛ شر خیر کی نفی سے پیدا ہوتا ہے؛ اصل چیز
دھوپ ہے، روشنی ہے کہ ایک مثبت حقیقت ہے، تاریکی اس کی
نفی سے پیدا ہوتی ہے؛ سچ خیر ہے اور مثبت ہے، کذب و دروغ
اس کی نفی ہے۔ ایمان اصل حقیقت ہے، کفر و الحاد اس کی
عدم موجودگی اور نفی ہے۔ اس اعتبار سے دنیا میں شر کا وجود بالخارج
تو ہے لیکن ایک مثبت حقیقت کی طرح نہیں، یہ اور بحث ہے کہ
خیر و شر کی معرکہ آرائی نفس انسانی کی تہذیب کے لیے کتنی
ضروری ہے۔ صوفیان اخلاق نے آداب کے متعلق جو کچھ
لکھا ہے وہ ذات باری تعالیٰ کے اسی پہلو سے متعلق ہے کہ وہ
خیر مطلق ہے۔ غالب نے جو متصوفانہ پیکر حسن پیش کیا ہے، وہ
ان تینوں پہلوؤں کو محیط ہے؛ وہی حقیقت ہے جو کبھی حسن
کا روپ دھارتی ہے، کبھی نیکی کے پہلو میں جلوہ گر ہوتی ہے۔
انگریزی میں بھی یہ تین پہلو شاعری کا محبوب موضوع ہیں، یعنی
Virtue (خیر)، Truth (حق)، Beauty (حسن)۔

اب میں دکھاتا ہوں کہ فارسی میں غالب نے صداقت مطلقہ کے یہ تینوں پہلو کس طرح ملحوظ رکھے ہیں - وحدت وجود اور وحدت شہود کے متعلق اتنا کہہ دینا کافی ہے کہ غالب اول الذکر کا قائل ہے - جو اشعار میں نقل کر رہا ہوں ، ان سے مراد صرف یہ ہے کہ وہ جو میں نے کہا تھا کہ غالب کے ہاں متصوفانہ پیکر حسن بھی موجود ہے ، اس قول کی تشریح ہو جائے اور معلوم ہو جائے کہ غالب پر گو متصوفانہ واردات اور کیفیات نہیں گزریں لیکن وہ نظریاتی طور پر تصوف کے اہم مباحث اور بنیادی مسائل سے کاملاً آگاہ ہے - بعض مقامات پر تو ایسا معلوم ہوتا ہے گویا اس نے اس مسلک کے اسرار و رموز کا بغور مطالعہ کیا ہے اور شبستری کی ''گلشن راز'' اس کے پیش نظر رہی ہے جس میں کیفیات تصوف اور صفات خداوندی کے علائم و رموز کا ذکر کیا گیا ہے ، مثلاً یہ کہ اصطلاح میں زلف ، خال ، رخ وغیرہم سے کیا مراد ہے ؟

تو پہلے حسن مطلق اور اس کے مختلف پہلوؤں کی تصویر کشی کا رنگ دیکھیے اور یہ بھی دیکھیے کہ حسن مطلق سے غالب کے روابط ناز و نیاز کی کیا کیفیت ہے - اسی سلسلے میں میں کچھ شعر وہ بھی نقل کروں گا جن میں مجاز اور حقیقت ایک دوسرے سے مل کر اس طرح شیر و شکر ہو گئے ہیں کہ دونوں کے درمیان خط امتیاز کھینچنا دشوار نظر آتا ہے - وحدت وجود کے متعلق اشعار میں یہاں انتخاب نہیں کروں گا :

ترا گویند عاشق دشمنی آری چنیں باشد

ز رشک غیر باید مردگر مہر تو کیں باشد

چه رفت از زهره با هاروت خاکم در دهن بادا
تو مریم باشی و کار تو با روح الامیں باشد

کوتہ[1] نظر حکیم کہ گفتے ہر آئینہ
نتواں فزوں ز حوصلہ جبر اختیار کرد

نومیدی[2] از تو کفر و تو راضی نۂ بکفر
نومیدیم دگر بتو امیدوار کرد

بندۂ دیوانہ ام مخطی و ساہی خوشم
حکم ترا مخطیم قہر ترا ساہیم

جذب تو باید قوی کاں ببرد باک نیست
گر نتواند رسید بخت بہ ہمراہیم

غالب نام آورم نام و نشانم مپرس
ہم اسد اللّٰہیم و ہم اسد اللّٰہیم

شوخی خوی ترا قاعدہ دانست خزاں
خوبیٔ روی ترا آئینہ دارست بہار

در غمت غازۂ رخسار ہوشست جنوں
در رہت شانۂ گیسوی غبارست بہار

---

۱ - فانی مرے عمل ہمہ تن جبر ہی سہی
سانچے میں اختیار کے ڈھالے ہوئے تو ہیں

۲ - غالب : شنیدہ ام کہ نہ بینی و ناامید نیم
ندیدن تو شنیدم ، شنیدنم بنگر

هم حریفان ترا طرف بساطست چمن
هم شهیدان ترا شمع مزارست بهار

جعد مشکین ترا غالیه سائیست نسیم
رخ رنگین ترا غازه نگارست بهار

وحشتے میدمد از گرد پر افشانی رنگ
از کمیں گاه که رم خورده شکارست بهار؟

بجهان گرمی هنگامهٔ حسنست ز عشق
شورش اندوز ز غوغای هزارست بهار

چون زبانها لال[۱] و جانها پر زغوغا کردهٔ
بایدت از خویش پرسید آنچه باما کردهٔ

[۲] گر نهٔ مشتاق عرض دستگاه حسن خویش
جان فدایت دیده را بهر چه بینا کردهٔ

[۳] هفت دوزخ در نهاد شرمساری مضمرست
انتقامست این که بامجرم مدارا کردهٔ

صد کشاد[۴] آنرا که هم امروز رخ بنمودهٔ
مژده باد آنرا که محو ذوق فردا کردهٔ

[۵] خوبرویان چون مذاق خوی ترکان داشتند
آفرینش را بر ایشان خوان یغما کردهٔ

خستگان را دل بپرسشهاے پنهان بردهٔ
با درستان گر نوازشهاے پیدا کردهٔ

(حواشی اگلے صفحے پر)

(حواشی صفحہ گزشتہ)

۱ - گنگ ، خاموش ، ساکت - یہاں تصوف کے اس مسلک کی طرف اشارہ ہے کہ جو ارباب نظر کسی مقام بلند تک پہنچ جاتے ہیں، وہ منصور کی منزل سے بھی آگے نکل جاتے ہیں اور انا الحق کہنے کی بجائے کاملاً خاموش ہو جاتے ہیں؛ یہ وہ مقام ہے جو ''ترک دنیا ترک عقبیٰ ، ترک ترک'' کی طرف جاتا ہے -

۲ - غالب کا اردو شعر تو مشہور ہی ہے یعنی :
آرائش جہاں سے فارغ نہیں ہنوز   پیش نظر ہے آئنہ دائم نقاب میں
فانی کہتا ہے :

جلوے محسوس سہی آنکھ کو آزاد تو کر
قید آداب تماشا بھی تو محفل سے اٹھا

۳ - ھفت دوزخ کی تفصیل حسب ذیل ہے : [ھندوؤں کے علم الاصنام میں بھی سورگ اور نرگ (بہشت و دوزخ) کے طبقات مقرر ہیں] (۱) سقر (۲) سعیر ، (۳) لطیہ ، (۴) حطمہ ، (۵) جحیم، (۶) جہنم ، (۷) ھاویہ - صاحب لطائف معنوی نے لکھا ہے کہ ھاویہ دوزخ کا اسفل ترین طبقہ ہے۔ غالب اس سے آگاہ ہے جیسا کہ اس کے مکاتیب شاھد ہیں - اپنے آپ کو ''ھاویہ زاویہ اور سقر مقر'' کہتا ہے -
عرفی کہتا ہے :

کفران نعمت گلہ مندان بے ادب
در کیش ما ز شکر گدایانہ بہتر است

ظاہر ہے کہ عرفی کے اس شعر کا اثر غالب نے قبول کیا -

۴ - کشاد - دراصل تصوف کی عربی اصطلاح بسط کا ترجمہ ہے - بسط کے لغوی معنی ہیں کھلنا اور پھیلنا ، اسی سے ہے بساط فرش جو بچھایا جائے اور بساط شطرنج بھی کہ بچھتی ہے اور مبسوط بھی کہ مفصل ہے اور انبساط بھی کہ آدمی خوشی سے باہر ہو جاتا ہے یعنی پھیل جاتا ہے - صوفیوں کے احوال میں دو چیزیں بہت اہمیت رکھتی ہیں : ایک تو انقباض یعنی گھٹ جانا ، اس کا اصطلاحی مفہوم یہ ہے کہ سالک سے جلوۂ خداوندی گریزاں ہو ، محرومی اور

(بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر)

چشمۂ نوشست از زہر عتابت کام جاں
تلخئ مے در مذاق ما گوارا کردۂ

(گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ)
حسرت کی ایک خاص کیفیت ہے کہ یوں معلوم ہوتا ہے جیسے تجلی کبھی طلوع ہی نہ ہو گی ۔ اس کے مقابلے میں بسط ہے؛ یہ وہ کیفیت ہے جب تجلی سالک کی استعداد اور مقام کے مطابق جلوہ گر ہوتی ہے اور اسے عرفان ذات ہوتا ہے ۔ غالب نے بسط کا نہایت خوبصورت ترجمہ کشاد کیا ہے ۔

۵ ۔ خوب رو ظاہر ہے کہ محبوب کو کہتے ہیں لیکن واضح رہے کہ خوب حقیقت کے تینوں پہلوؤں کو محیط ہے اور یہی بات جان کلام ہے ۔ خوبی نیکی بھی ہے جیسے اس میں کئی خوبیاں ہیں اور خوب سخن درست بھی ہے جیسے خوب کہا اور خوبی حسن بھی ہے ۔ حسرت کہتا ہے :

نہیں عیب کچھ ان میں اور ہو بھی حسرت
تو ہم لوگ ہیں صرف آگہ خوبی

یہی کیفیت کلمہ نیکو کی ہے ، اور نکو کی بھی کہ حقیقت کے تینوں پہلوؤں کو محیط ہے ۔ بات بھی نیکو ہوتی ہے یعنی درست ، محبوب بھی نیکو ہوتا ہے یعنی حسین ، جمع نیکواں ، اور صداقت بھی نیکو ہوتی ہے ، جیسے نکوگفتی یعنی خوب کہا اور درست کہا ۔ اس زبان کی تہذیب اور ثقافت کی کیا تعریف ہو سکے جو کلمات نیک اور خوب میں حقیقت کی تینوں سطحیں مخفی رکھتی ہے اور رمز صداقت کو پہچانتی ہے ۔

۱ ۔ شیریں اور شہد و شراب کے لیے بھی استعمال کرتے ہیں ۔ قدیم فارسی میں انوشہ بمعنی جاوداں آتا ہے ، انوشیرواں یعنی صاحب روح جاوداں اور انوشہ جس سے نوش برآمد ہوا ہے کہ مختلف معنی ہے : خوش اور خوشا ، خرم اور خوش حال ۔ شراب انگوری ۔ بادشاہ جواں اور آفریں و بارک اللہ جیسے عربی میں مرحبا کہتے ہیں ۔ یہاں یہ کلمہ مے کی رعایت سے نہایت بلیغ واقع ہوا ہے اور قطعاً کوئی شک نہیں کہ غالب اس کلمے کے مختلف معانی سے ، دلالتوں سے اور اس کی قدیم شکل سے آگاہ تھا ، برہان : ۱۲۸

[1]ذرۂ را روشناس صد بیاباں گفتۂ
قطرۂ را آشنائے ہفت دریا کردۂ

[2]دجلہ سی جوشد ہمانا دیدہ ہا جویای تست
شعلہ میبالد مگر در سینہ ہا جا کردۂ

[3]جلوہ و نظارہ پنداری کہ از یک گوہر است
خویش را در پردۂ خلقی تماشا کردۂ

[4]چارہ در سنگ و گیاہ و رنج با جاندار بود
پیش ازاں کاین در رسد آنرا مہیا کردۂ

[5]دیدہ میگرید زباں مینالد و دل مے تپد
عقدہ ہا از کار غالب سر بسر وا کردۂ

---

۱ - تصوف کا معمولی مضمون ہے ۔ اردو میں یہ مضمون زیادہ خوب صورتی سے ادا ہوا ہے :

قطرے میں دجلہ دکھائی نہ دے اور جزو میں کل
کھیل لڑکوں کا ہوا دیدۂ بینا نہ ہوا

دلِ ہر قطرہ ہے ساز انا البحر
ہم اس کے ہیں ہمارا پوچھنا کیا

۲ - شعلے کے لیے بالیدن سے استعارہ اخذ کرنا فن کاری کا بڑا بلند مقام ہے ۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ مصدر بالیدن میں معانی کی بہت سی سطحیں موجود ہیں ، مثلاً افزودن ۔ بڑھنا ، نمو کردن اور بزرگ شدن—پھیلنا ، پرورش پانا اور قد و قامت میں بھی بڑھ جانا ۔ اب غور کیجیے کہ شعلے کے لیے بالا کا کلمہ کتنا موزوں ہے۔ برہان : ۲۲۶ -

(باقی حاشیہ اگلے صفحے پر)

(بقیہ حاشیہ صفحہ گزشتہ)

۳ - وحدت وجود کا شعر ہے اور اس کا ہم معنی شعر (کم و بیش) اردو میں موجود ہے :

اصلِ شہود و شاہد و مشہود ایک ہے
حیراں ہوں پھر مشاہدہ ہے کس حساب میں

فرق یہ ہے کہ اس شعر میں اس بات کی صراحت کر دی گئی ہے کہ جلوہ و نظارہ یک گوہر ہیں یعنی ان کی اصل ایک ہے - گوہر وہی کلمہ ہے جو معرب ہوکر جوہر بنتا ہے ، جمع جواہر ؛ فارسی میں صرف فلسفیانہ اصطلاح ہی نہیں ہے کہ اصل ذات کو کہتے ہیں بلکہ خاندان کے لیے بھی یہی کلمہ استعمال ہوتا ہے اور نسب کے لیے بھی ، جیسے عالی گوہر یعنی عالی نسب اور عالی خاندان - تماشا کا مادہ مجرد ثلاثی مشی ہے ، اس میں حرکت کا عنصر لازماً شریک ہوگا - جو لوگ اس کلمے کے اسرار و رموز سے آگاہ ہیں ، وہ اس کے استعمال میں بہت احتیاط برتتے ہیں ، غالب ان میں شامل ہے - اس سلسلے میں آتش کا ایک شعر بھی قیامت کا ہے کہ محبوب کی پتلیوں کی حرکت کا عنصر عجیب رنگ میں دکھایا گیا ہے :

آنکھیں عاشق کو نہ تو اے بت رعنا دکھلا
پتلیوں کا کسی ناداں کو تماشا دکھلا

۴- نہایت خوبصورت اشارہ ہے اس بات کی طرف کہ عوالم کے نشو و نما کی تدریج کیا رہی ہے : جمادات ، نباتات ، پھر حیوانات ، پھر اشرف المخلوقات - انسان جسے ہر چیز کی ضرورت تھی، وہ تب وجود میں آیا جب تینوں عالم موجود تھے ، معلوم تھے اور ارتقا پزیر تھے -

۵ - اشارہ ہے اس بات کی طرف کہ غالب کو آزار میں لذت ملتی ہے ، اس کی تشریح آگے آتی ہے -

[1]زهے باغ و بہار جاں فشاناں
غمت چشم و چراغ راز داناں

[2]غمت را بختیاں زنار بنداں
گلت را عندلیباں بید خواناں

[3]وصالت جاں توانا ساز پیراں
خیالت خاطر آشوب جواناں

غم دوزخ نہیبت را بدامن
گداز زہرۂ آتش زباناں

دل از داغت بساط گل فروشاں
تن از زخمت ردائے باغباناں

سر راہ ترا در خاک روبی
نسیم پرچم[4] گیتی ستاناں

بہ پشتی بانی[5] لطف تو امید
قوی ہم چوں نہاد سخت جاناں

ببالا دستی[6] عفو تو عصیاں
زبوں ہم چوں نشست ناتواناں

دل برد و حق آنست کہ دلبر نتواں گفت
بیداد تواں دید و ستم گر نتواں گفت

۱- تمام غزل استعاروں کے کھیل پر مبنی ہے - جانفشاناں سالک ہیں کہ غم محبت انھیں انبساط سے لبریز کرتا ہے -

(بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر)

در رزم گهش ناچخ[1] و خنجر نتوان برد
در بزم گهش باده و ساغر نتوان گفت
پیوسته دهد باده و ساقی نتوان خواند
همواره تراشد بت و آزر نتوان گفت
آں راز که در سینه نہان است نه وعظ است
بردار تواں گفت و به منبر نتوان گفت

(بقیه حاشیه صفحه گزشته)

۲ - بختی : شتر قوی ، بالضم شتر قوی و بزرگ ، سرخ رنگ ، خصوصاً خراسانی - آنند راج جلد اول : ۳۹۴ - لیکن واضح رہے که برهان میں (۲۳۹) بخته ملتا ہے اور اس پر معین نے نوٹ چڑھایا[4] ہے : خایه کشیده - میں کہه نہیں سکتا که آیا بختی سے اس کلمے کا تعلق ہے که نہیں - زنار بنداں سے مراد یه ہے که اسیر و مقید هیں ، بید یعنی وید جیسے رگ وید - آریائی زبانوں میں ''ب'' اور ''واؤ'' کا تبادله عام ہے -

۳ - خاطر آشوب وه شے جس سے دل پریشان ہو که خاطر دل کے معنی میں بھی آتا ہے اور خیال کے معنی میں بھی - رند کہتا ہے :
زاهد کا دل نه خاطر مے خوار توڑیے
سو بار توبه کیجیے سو بار توڑیے

۴ - پر اسرار الفاظ میں سے ہے - به فتح چ فارسی بروزن مرهم - ایک سیاه چیز که نیزے اور علم سے باندھتے هیں - معین نے برهان میں (۳۴۸) اس کلمے پر بڑا طویل نوٹ دیا ہے ، مختصراً یوں کہا جا سکتا ہے که پرچم پہاڑی گائے کے سیاه بالوں کو کہتے هیں ، مراد یاک سے ہے - منگولوں کا قاعده تھا که خانوں کے خیموں کے آگے گاومیش کوهی یعنی یاک کے بالوں کا گچھا نیزے سے باندھ کر زمین میں گاڑ دیتے تھے یا علم سے لٹکا دیتے تھے - رفته رفته خود پرچم جھنڈے کے معنی میں استعمال ہونے لگا ، اگرچه یه استعمال غلط ہے - معین کا خیال ہے که لغت اصلاً ترکی نہیں بلکه ایرانی ہے -

۵ - معاونت -

۶ - اقتدار — مقام بلند -

۱ - به فتح ج فارسی ، تبر زین ؛ ایک هتھیار که گھوڑے پر زین کے قریب باندھا جاتا ہے ، تبر بڑا ہے -

میں نے عرض کیا تھا کہ غالب حسن مطلق سے جو روابط قائم کرتا ہے ، ان میں ناز و نیاز کی عجب کیفیت ہوتی ہے ؛ یہ کیفیت جسے ایک قسم کی شوخی کہا جا سکتا ہے ، آردو غزلوں میں بھی ملتی ہے مثلاً :

آتا ہے داغِ حسرت دل کا شمار یاد
مجھ سے مرے گنہ کا حساب اے خدا نہ مانگ

زندگی اپنی جو اس شکل سے گذری غالب
ہم بھی کیا یاد کریں گے کہ خدا رکھتے تھے

لیکن فارسی میں جو لطافت ، نفاست اور سلیقہ نظر آتا ہے ، آردو میں اس کا عشر عشیر بھی نہیں ہے ۔ ''مثنوی ابر گوہر بار،، کا ذکر آگے یقیناً تفصیل سے آ رہا ہے ، یہاں یہ کہنا مطلوب ہے کہ بارگاہ خداوندی میں روز حشر غالب رحمت باری تعالیٰ پر بھروسا کر کے کچھ باتیں ذرا شوخ انداز میں کہتا ہے ۔ بات یہاں سے شروع ہوتی ہے :

بروزے کہ مردم شوند انجمن شود تازہ پیوند جاں ہا بتن

اس دن نیک لوگ اپنے اپنے گوہر ہائے شاہوار پیش کریں گے اور طالب جزا ہوں گے ۔ کچھ لوگ جنہیں غالب خستہ جان اور خستہ جگر کہتا ہے، اس وقت عرق ندامت سے غرق چپ چاپ سر جھکائے کھڑے ہوں گے ؛ انھیں میں غالب بھی ہوگا جو خدا کی رحمت پر توقع رکھ کر یہ کہے گا کہ لوگوں نے بے شک اعمال نیک کیے ہیں لیکن مجھ پر تو اتنی مصیبتیں پڑی ہیں کہ خوب و زشت کی تمیز جاتی رہی تھی ؛ یوں معلوم ہوتا تھا جیسے آندھی ایک پرکاہ کو اڑائے پھرتی ہے ۔ جیتے جی دوزخ میں تھا تاہم اگر حساب کتاب ضروری ہے تو مجھے کچھ عرض کرنے کی

اجازت دی جائے۔ اب یہ معروضات سنیے ، پہلے بات کرنے کی اجازت طلب کی ہے :

مرا نیز یارائے گفتار دہ
چوں گویم بران گفتہ زنہار دہ

ہمانا تو دانی کہ کافر نیم
پرستار خورشید و آذر نیم

مگر مے کہ آتش بگورم ازوست
بہ ہنگامہ پرواز مورم ازوست

من اندوہگین و می اندہ ربای
چہ می کردم ؟ اے بندہ پرور خدای

حساب می و رامش و رنگ و بوی
زجمشید و بہرام و پرویز جوی[1]

کہ از بادہ تا چہرہ افروختند
دل دشمن و چشم بد سوختند

---

۱ - کلمہ جمشید بہت قدیم ہے ۔ سنسکرت میں اس کلمے کی شکل یمہ ہے ، اور اوستا میں ییمہ ۔ یہ ایک دیوتا ہے جو سورج دیوتا کا فرزند ہے ۔ (مزدیسنا : ۱۲) فارسی میں شید اور شیت اور شت بزرگی اور عظمت کے لیے استعمال ہوتا ہے ۔ یہی کلمہ خورشید میں ہے ، یعنی خور بزرگ ، اور خور وہی کلمہ ہے جو ہندوستان کی زبان میں سوریہ ہے، یعنی سورج ۔ فردوسی اس کی ایک شکل ہور استعمال کرتا ہے ۔ اس کے معنی کا سلسلہ تین مختلف دلالتوں تک پھیلا ہوا ہے ۔ اگر اس کلمے کے ساتھ خاتم ، نگین ، اسپ ، تخت ، باد ، آصف ، ماہی ، طیور کا ذکر ہو تو حضرت سلیمانؑ مراد ہیں؛ اگر آئینہ، آب، اورآب حیواں کا ذکر ہو تو سکندر

(بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر)

(گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ)
مراد ہے - اگر جام شراب اور جشن نوروز اور عیش و نشاط کا ذکر ہو تو ایرانی داستانوں اور روایات کا جمشید بادشاہ مراد ہے - دیکھیے غالب جمشید کو سلیمان کے معنی میں استعمال کرتا ہے :

سلطنت دست بدست آئی ہے
جام مے خاتم جمشید نہیں

خواجو کہتا ہے :

بر یاد بزم آصف جمشید مرتبت
بر کف گرفتہ لالۂ دل خستہ جام جم

یہاں بھی سلیمان مراد ہے، لیکن جب حافظ کہتا ہے :

آئینہ سکندر جام جم است بنگر
تابر تو عرضہ دارد احوال ملک دارا

تو غالباً سکندر ہی مراد لیتا ہے - اگرچہ معانی کچھ مبہم ہیں -

غالب نے مثنوی میں مے و نشاط کا ذکر کیا ہے تو جمشید بادشاہ مراد ہے - اس جمشید کے پاس وہ جام تھا جسے جام جم کہتے ہیں اور جو کاشف اسرار تھا - جمشید ہی کی رعایت سے جام شراب کو جام کیان بھی کہتے ہیں کہ جمشید روایت میں کیانی بادشاہ تھا - واضح رہے کہ فارسی ادبیات میں جام جم کے سات خط بتائے جاتے ہیں : (۱) خط جور، (۲) خط بغداد، (۳) خط بصرہ، (۴) خط ازرق، (٦) خط درشکر - (٦) خط قاصہ گر - (۷) خط فرودینہ -

جب دشمن کو ہلاک کرنا چاہتے تھے تو لبالب جام دیتے تھے یعنی خط جور تک پیمانہ بھر دیتے تھے - جب تک جام جم کے خطوط یا لکیروں کی داستان معلوم نہ ہو بہت سے اشعار بے مزہ معلوم ہوں گے مثلاً :

مئے لعل کو آب حیواں بنا
خط جام مے کو رگ جاں بنا

جاں فزا ہے بادہ جس کے ہاتھ میں جام آ گیا
سب لکیریں ہاتھ کی گویا رگ جاں ہو گئیں

اور غالب ہی کہتا ہے :

قطرۂ مے بس کہ حیرت سے نفس پرور ہوا
خط جام مے سراسر رشتۂ گوہر ہوا

اس کے بعد یہ کہا ہے کہ میں نے دنیا میں ایسی نامرادی کی زندگی بسر کی ہے کہ اگر فردوس میں بھیج دیا گیا تو بھی تلافیٔ مافات نہ ہوگی اور مجھے آسودگی نصیب نہ ہوگی ، اس کی وجہ یہ ہے کہ:

صبوحی خورم گر شراب طہور کجا زہرۂ صبح و جام بلور
دم شب روی ہای مستانہ کو ہنگامہ غوغاے مستانہ کو
دران پاک میخانۂ بیخروش چہ گنجائی شورش نای و نوش
سیہ مستی ابر و باران کجا خزان چون نباشد بہاران کجا

ان تمام اشعار سے واضح ہو گیا ہوگا کہ غالب حقیقت مطلقہ کو تمام پہلوؤں میں جانتا ہے کہ وہ سراسر خیر بھی ہے ، خوبی بھی ہے اور صداقت بھی ہے - ایک جگہ خدا کو خطاب کرتے ہوئے اس بات سے تعرض کرتا ہے کہ اس کے وجود کی کوئی دلیل بھی ہے کہ نہیں - غالب کی ژرف نگاہی اسی بات سے ثابت ہے کہ وہ کانٹ کی طرح یہ سمجھتا ہے کہ خدا کے وجود کا شعور ہمارے ضمیر میں جاگزیں ہے اور عقل و ادراک سے ماورا ہے - واقعی اثبات وجود باری تعالی پر جتنی دلیلیں اب تک لائی گئی ہیں ، سب باطل ٹھہری ہیں - چناں چہ علامہ اقبالؒ نے اپنے خطبات میں (تشکیل جدید الٰہیات اسلامیہ) جو مشہور تین دلیلیں دی ہیں ، پہلے ان کی تشریح کی ہے ، پھر ان کو باطل ٹھہرایا ہے - بات وہیں آ ٹھہرتی ہے کہ خدا کے وجود کا شعور ہمارے بطون میں خود بخود پیدا ہوتا ہے - یہ بات ملحوظ رکھیے اور غالب کے یہ شعر دیکھیے :

اے بہ مسمار قضا دوختہ چشم ابلیس
بدم گرم رواں سوختہ بال جبریل

باتو ام محرمیٔ خاطر موسیٰ بر طور
باخودم خستگیٔ لشکر فرعون به نیل
بر کمال تو در اندازه کمال تو محیط
بر وجود تو در اندیشه وجود تو دلیل
نه کنی چاره لب خشک مسلمانی را
اے بترسا بچگاں کرده مۓ ناب سبیل
غالب سوخته جاں را چه بگفتار آری
بدیاری که ندانند نظیری ز قتیل

آخری دو شعروں میں جس شوخی سے کام لیا گیا ہے ، وہ غالب سے مخصوص ہے اور یوں اس پوری غزل پر غالب کی انفرادیت کی چھاپ لگی ہے ۔ تیسرے شعر میں غالب نے اثبات ذات باری تعالیٰ کی وہ دلیل دی ہے جس کا جواب آج تک بن نہیں پڑ سکا کہ اندیشے میں یعنی سلسلۂ فکر میں اس کے وجود کا تصور ہی اس کے وجود کی دلیل ہے اور اس کے وجود کا تصور ہمارے ضمیر اور بطون خاطر میں یوں جا گزیں ہے کہ ہم کسی طرح اس سے نجات نہیں پا سکتے ۔ ایک ایسی قدرت کا جو ہر طرح مطلق ہو ، شعور ہوتا ہے اور اعتراف کرنا پڑتا ہے کہ اگرچہ اس وجود کے رموز مکشوف نہیں لیکن اس کے کمال کا اظہار ہر چیز سے ہوتا ہے ؛ یہ اور بات ہے کہ مخلوقات سے خالق کا کیا تعلق ہے، جیسا کہ میں کہہ چکا ہوں ۔ اس کی تفصیل آگے آتی ہے ۔

یہ تو تھا حسن مطلق کا مشاہدہ اور معائنہ ، اب دیکھنا چاہیے کہ حسن مجاز کو غالب کس طرح دیکھتا ہے ۔ پہلے کہا جا چکا ہے کہ حسن بہرحال حسن ہے؛ سیاہ کار ہے تو کیا ہوا ، طرح دار تو ہے۔ بلکہ غالب کے خیال میں تو شوخی طرح داری کے کمال پر

دلالت کرتی ہے ۔ وہ نظیری کا ہم‌نوا ہے :

دلے سوگوار ما را بت شوخ و شنگ باید
مئے تلخ تر مناسب بہ مزاج درد مندان

اس بات کی بھی وضاحت کی جا چکی ہے کہ غالب کے ہاں جو جیتا جاگتا پیکر حسن کا ملتا ہے ، اس کے متعلق غالب کو یہ اصرار نہیں کہ وہ بھی اسے چاہے ، اگرچہ کبھی کبھی اشتباہ ہو جاتا ہے اور بےچارہ دلربائی کو کرم گستری سمجھ بیٹھتا ہے :

کشتۂ دل خویشم کز ستم گراں یکسر
دید دلفریبی ہا گفت مہربانی ہا ست

اب دیکھیے کہ غالب نے فارسی میں محبوبی اور خوبی کے (عالم مجاز میں) کیا کیا رنگ دکھائے ہیں ۔ تقابلی مطالعہ تو ہوتا رہے گا، پہلے یہ دیکھیے کہ غالب کی نظر میں حسن ماورائے اخلاق ہے اور ہر طرح سزاوار پرستش ہے :

بہ شب حکایت قتلم ز غیر مے شنود
ہنوز فتنہ بذوق فسانہ بیدار ست
بیا کہ فصل بہار است و گل بہ صحن چمن
کشادہ روئے تر از شاہدان بازار ست

بتان[۱] شہر ستم پیشہ شہریارانند
کہ در ستم روش آموز روزگارانند

---

۱ - قیاس چاہتا ہے کہ یہ دہلی کے محبوب ہیں جن کے متعلق مصحفی کہتا ہے :

اے مصحفی تو ان سے محبت نہ کیجیو
ظالم غضب کی ہوتی ہیں یہ دلی والیاں

[۱]برند دل باداے که کس گماں نه برد
فغاں ز پرده نشیناں که پرده دارانند
بجنگ تاچه بود خوی دلبراں کایں قوم
در آشتی نمک زخم دلفگارانند
نه زرع و کشت شناسند نی حدیقه و باغ
ز بهر باده هوا خواه باد و بارانند
[۲]ز وعده گشته پشیماں و بهر دفع ملال
امیدوار بمرگ امیدوارانند

---

۱ - دیکھیے داغ :
حسن بے پرده تو هوتا هے فقط هوش ربا
وه قیامت هے جو پردے کی جھلک هوتی هے
خود غالب کہتا هے :
شرم اک اداے ناز هے اپنے هی سے سہی
هیں کتنے بے حجاب که هیں یوں حجاب میں
هے تیوری چڑھی هوئی اندر نقاب کے
هے اک شکن پڑی هوئی طرف نقاب میں
لیکن پردے پرغالب کا یہ اردو شعر قیامت هے :
در پرده انھیں غیر سے هے ربط نہانی
ظاهر کا یه پرده هے که پرده نہیں کرتے

۲ - دیکھیے عرفی :
عرفی به حال نزع رسیدی و بهه شدی
شرمت نیامد از دل امیدوار دوست

[1]ز روی خوی و منش نور دیدهٔ آتش
برنگ و بوے جگر گوشهٔ بہارانند

[2]تو سرمه بین و ورق در نورد و دم درکش
مبیں که سحر نگاهان سیاه کارانند

پہلے عرض کیا جا چکا ہے کہ غالب نے روز حشر خدا سے یہ شکوہ کیا تھا کہ شراب ڈھب سے پینے کو نہ ملی اور زندگی سلیقے سے بسر نہ ہوئی ، پھر کہا تھا کہ اگر تلافی مافات کے طور پر مجھے جنت میں بھیج بھی دیا گیا تو حوروں سے میرا دل کیا بہلے گا کہ میں دنیا کی شوخ و شنگ محبوبوں کا ادا شناس ہوں ۔ ان محبوبوں کی تصویر کشی میں بڑے سلیقے سے کام لیا گیا ہے اور غالب کو ابلاغ مطالب پر جو قدرت حاصل ہے ، اس کا اظہار بھی بہ خوبی ہوتا ہے :

نه بستاں سرائی نه میخانهٔ
نه دستاں سرائی نه جانانهٔ

نه رقص پری پیکراں بر بساط
نه غوغای رامش گراں در رباط

---

۱ - حسن کے لیے، موسیقی کے لیے اور متعلقہ کوائف کے لیے غالب ، تابش ، نور اور آتش سے بہت سی تشبیہیں اور استعارے اخذ کرتا ہے :

ڈھونڈے ہے اس مغنیٔ آتش نفس کو جی
جس کی صدا ہو جلوهٔ برق فنا مجھے

۲ - یہی شعر جان غزل ہے اور حاصل کلام ہے ۔ مراد یہ کہ جن کی آنکھوں میں جادو ہوتا ہے ، وہ تو عرض حسن پر گویا مجبور ہوتے ہیں ، پھر اس کا شکوہ کیسا ۔

[1]اگر حور در دل خیالش که چه
غم هجر و ذوق وصالش که چه
چه منت نهد ناشناسا نگار
چه لذت دهد وصل بے انتظار
گریزد دم بوسه اینش کجا
فریبد بسوگند دینش کجا
برد حکم و نبود لبش تلخ گوی
دهد کام و نبود دلش کامجوی
[2]نظر بازی و ذوق دیدار کو
به فردوس روزن به دیوار کو
نه چشم آرزو مند دلالهٔ
نه دل تشنهٔ ماه پرکالهٔ
[3]ازینها که پیوسته میخواست دل
هنوزم هماں حسرت آلاست دل

(۸)

کہا گیا تھا کہ حسن میں جب تک ایک خاص آن نہ ہو، وہ نامکمل و ناقص ہے۔ رنگ گورا ہوتا ہے، بال لمبے ہوتے ہیں، آنکھیں سحر کار ہوتی ہیں، قامت بلند ہوتا ہے، ناک ستواں

---

۱ - جس میں لاکھوں برس کی حوریں ہوں
ایسی جنت کو کیا کرے کوئی
۲ - لگایا آئنہ یہ کہہ کے اس نے روزن در میں
کہ اپنا منہ تو دیکھیں میری صورت دیکھنے والے
۳ - مثنوی ابر گوہر بار کے مطالب کا خلاصہ غالب کے اس شعر میں سمو دیا گیا ہے:
آتا ہے داغِ حسرتِ دل کا شمار یاد
مجھ سے مرے گنہ کا حساب اے خدا نہ مانگ

ہوتی ہے ، ابرو کشیدہ ہوتے ہیں ، بدن سڈول ہوتا ہے ، ہر چیز اپنی جگہ پہ خوب صورت ہوتی ہے لیکن روز کا مشاہدہ ہے کہ ایسی حالتوں میں بھی مجموعی تاثر حسن کا پیدا نہیں ہوتا ۔ کہا جا سکتا ہے کہ خوب صورتی دیکھی جا سکتی ہے لیکن اصطلاح میں حسن خوب صورتی سے ماوراء ایک کیفیت ہے جو خد و خال سے متعلق بھی ہے اور اس سے بلند تر بھی ہے ۔ حسن کی یہ پر اسرار صفت جسے گریز پا کہا گیا ہے ، بیان میں نہیں آتی اس لیے کبھی چھب ، کبھی سج دھج اور کبھی آن کہہ کر اس کی طرف اشارہ کرتے ہیں ۔ اس سلسلے میں فارسی کے کچھ شعر نقل کیے جا چکے ہیں ، کچھ اب سن لیجیے ۔ حافظ کہتا ہے اور کیا خوب کہتا ہے :

نہ ہر کہ چہرہ بر افروخت دلبری داند
نہ ہر کہ آئنہ سازد سکندری داند

ہزار نکتہٗ باریک تر ز مو ایں جاست
نہ ہر کہ سر بتراشد قلندری داند

غالب حسن کی اس پر اسرار صفت سے خوب آگاہ ہے ۔ یہ بھی جانتا ہے کہ الفاظ اس کے بیان سے قاصر ہیں اور اس بات سے بھی واقف ہے کہ یہ صفت اور یہ کیفیت ایسی گریز پا ہے کہ دام خیال میں آتی ہے اور نکل جاتی ہے ۔ اردو میں وہ کہتا ہے :

تمثال جلوہ عرض کر اے حسن کب تلک
آئینہٗ خیال کو دیکھا کرے کوئی

فارسی میں وہ کہتا ہے :

روی خوش باید و تاب کمر و طرز خرام
نبرد دل زکف ار موئے میانے دارد

نطق تنہا نبود مشق سخن را کافی
سخن اینست که ایں تیر کمانے دارد
ہم از ینجاست که دانا دل شیراز سرود
بندۂ طلعت آں باش که آنے دارد
دم گرمی که بمن داده به ہر کس ندہند
گفته باشد سخنی ہر که زبانے دارد

چوں به پوئی بزمین چرخ زمین تو شود
خوش بہشتی ست که کس راه نشین تو شود
لبم از نام تو آن مایه پرستے که اگر
بوسه بر غنچه زنم غنچه نگین تو شود
[1]چوں به سنجد که نه آنست بکاہد از شرم
ماه یک چند به بالد که جبین تو شود
صد قیامت بگدازند و بہم آمیزند
تا خمیر دل ہنگامه گزین تو شود
[2]جلوه جز در دل آگاه سرایت نکند
من در آتش فتم از ہر که قرین تو شود
[3]چشم و دل باخته ام داد ہنر خواہد داد
آنکه چوں من ہمه داں و ہمه بین تو شود

---

۱ - ہو گیا بدر ہلال اس کا سبب روشن ہے
روز گھستا تھا ترے در پہ جبیں تھوڑی سی
۲ - یہ خاص غالب کا مضمون ہے، یعنی رشک، لیکن یہاں رشک صرف ارباب نظر پر ہے اور یہ روش عام سے ہٹی ہوئی بات ہے۔
۳ - یہی شعر حاصل غزل ہے۔ محبوب کے حسن گریز پا کی یہ صفت بتائی ہے کہ کیا بصیرت اور کیا بصارت، دونوں بوجه احسن کام میں لائی جاتی ہیں تو حسن محبوب کا ادراک اور شعور ہوتا ہے۔

یہ ضروری نہیں کہ جس چیز کو آن کہتے ہیں ، شوخی اس کو لازم ہو لیکن اس میں بھی کوئی شک نہیں کہ شوخی سے آن کا تعلق بھی ضرور ہے۔ محبوبہ کی شوخیٔ طبیعت جسم کی صحت مندی پر دلالت کرتی ہے۔ اگرچہ یہ صحت مندی نزاکت کو مانع نہیں ، نہ نفاست طبع میں حارج ہے۔ جیسا کہ پہلے عرض کیا چکا ہے ، نظیر کی طرح غالب کی محبوبہ شوخ و شنگ ہے کہ دل سوگوار کے لیے یہی سے تلخ غم ربا ہوتی ہے۔ یوں تو محبوبہ کی شوخی کے متعلق جستہ جستہ غالب کے ہاں بہت سے شعر ملیں گے لیکن میں سمجھتا ہوں کہ مندرجہ ذیل اشعار میں شوخی کی جو ادائیں دکھائی گئی ہیں ، وہ اپنی نظیر آپ ہیں :

[1] چہ فتنہ ہا کہ در اندازۂ گمان تو نیست
قیامتست دل دیر مہربان تو نیست

[2] دلم بعہد وفائے فریفت نامہ سپار
خوش است وعدۂ تو گرچہ از زبان تو نیست

[3] شکستہ رنگ تو از عشق خوش تماشائیست
بہار دھر برنگینیٔ خزان تو نیست

---

۱ - رشک کہتا ہے کہ اس کا غیر سے اخلاص حیف
عقل کہتی ہے کہ وہ بے مہر کس کا آشنا

۲ - اس کے مقابلے میں یہ شعر دیکھیے :
بجلی اک کوند گئی آنکھوں کے آگے تو کیا
بات کرتے کہ میں لب تشنۂ تقریر بھی تھا

۳ - رنگ شکستہ صبح بہار نظارہ ہے
یہ وقت ہے شگفتن گل ہائے ناز کا

[1]شباهتیست مر آن را که بر نیامده است
وگرنه موی بباریکی میان تو نیست
[2]دل از خموشی لعلت امیدوار چرا ست
چه گفتهٔ بزبانی که در دهان تو نیست
[3]گمان زیست بود برمنت ز بیدردی
بدست مرگ ولی بدتر از گمان تو نیست
تغافل تو دلیل تجاهل افتادست
تو و خدائے تو ! غالب ز بندگان تو نیست

(۹)

بنارس میں غالب نے جو پری چہرہ نازنین دیکھے ہیں ، ان کی شوخی ، نزاکت ، نفاست طبع اور لطافت تن کی بڑی دل کش تصویر تیسری مثنوی میں نظر آتی ہے جو ''چراغ دہر'' کہلاتی ہے ؛ شیخ علی حزین بھی اس شہر میں آ کر پکار اٹھے تھے :

از بنارس نه روم معبد عام است ایں جا
ہر برہمن پسر لچھمن و رام است ایں جا

یوں بھی بر صغیر ہند پاکستان کی یہ تین چیزیں ہمیشہ سے مشہور رہی ہیں اور داستان ہائے ناز و نیاز کی زیب و زینت یعنی

---

۱ - کمر یار کی نزاکت پر غالب ہی کا شعر ہے :
ما لاغریم گر کمر یار نازک است
فرق است درمیانه که بسیار نازک است
۲ - عجیب و غریب شعر ہے ؛ معلوم نہیں کہ خموشی سے جو کلام پیدا ہوا ہے ، وہ حسن نگاہ کا مرہون منت ہے یا کسی اور ادائے دلبری کا ، جو التفات اور مہربانی پر دلالت کرتی ہے ۔
۳ - یہ مضمون کہ عشق میں مر مر کے جیے جانا موت سے مشکل ہے ، عصر حاضر میں بہت مقبول ہوا ہے ۔

صبح بنارس ، شام اودھ اور شب مالوہ ۔ صبح کے وقت بنارس میں دریا پہ طلوع آفتاب کا منظر ، سیڑھیوں پر پجاریوں اور پجارنوں کا ہجوم، نکہت و جلوہ و رنگ ، نشاط و نغمہ و آہنگ—آج تک سیاح دور دور سے آتے ہیں اور اس جوہری دور میں بھی بنارس کے مناظرفطری کی دل کشی سے لطف اٹھاتے ہیں۔ حال ہی میں ایک سیاح نے بنارس میں صبح کے وقت کنارۂ دریا کے سماں سے متاثر ہو کر لکھا ہے[۱] :

"دریا کے اس پار دور تک پھیلے ہوئے افق کی دھندلی فضا میں ہر صبح آتشیں آفتاب طلوع ہوتا ہے ۔ گوشوں میں جو سائے پناہ گزین تھے، آہستہ آہستہ کرنیں انھیں روشنی کے دائرے میں کھینچ لائی تھیں..... عورتیں اپنی ساڑیوں کے پلو پھیلا کے دریائے زخار میں صدف شہوار کی طرح جیسے گم ہو جاتی ہیں...... یوں معلوم ہوتا ہے جیسے پانی کی سطح سے ذرا نیچے نادرہ کار رلگ برنگ کی مچھلیاں تیر رہی ہوں ۔ ساڑیوں کے پلو مچھلیوں کے پروں کی طرح چمکتے نظر آتے ہیں ۔ ان عورتوں کے لمبے لمبے بال کسی پر اسرار سمندری پودے سے مشابہ معلوم ہوتے ہیں جو زندہ ہو اور شکار کی تلاش میں ہاتھ پاؤں مار رہا ہو۔ نہانے کے بعد جب یہ عورتیں سیڑھیوں پر کھڑی ہوتی ہیں تو کپڑے بدن سے چپک جاتے ہیں ، بدن کے تمام قوس اور تمام خطوط صاف دکھائی دیتے ہیں ، یوں معلوم ہوتا ہے جیسے وہ لباس سے معرا ہوں ۔"

---

۱ - "ہندوستان خواب اور حقیقت" (انگریزی) تالیف Schmid ، مترجمہ (E. Osers) لندن ، ۱۹۶۱ ، صفحہ ۳۹ - ترجمے میں میں نے کوشش کی ہے کہ مصنف کا مفہوم بوجہ احسن ادا ہو جائے۔ کچھ غیر ضروری فقرے ترک کر دیے گئے ہیں کہ مقصد کنار دریا کا منظر سامنے لانا ہے ، فروعی باتوں سے قطع نظر کر لیا گیا ہے ۔

یہ تو نہیں کہا جا سکتا کہ غالب نے گلیوں گلیوں پھر کر بنارس کی سیر کی ہے لیکن اس نے بنارس کی حسینوں کی جو تصویریں کھینچی ہیں ، اس سے یہ بات ثابت ہو جاتی ہے کہ نازنین پجارنوں کو کنار دریا اس نے ضرور دیکھا ہے۔ بنارس ایسے علاقے میں واقع ہے جہاں حسن جسمانی کے نہایت بانکے تیکھے نمونے دکھائی دیتے ہیں۔ بدن کا سڈول پن اور چال ڈھال کی خوب صورتی اس علاقے کی خاص چیزیں ہیں۔ بہرحال اب غالب کے عہد کا بنارس اور وہاں کے نازنین دیکھیے:

تعالی اللہ بنارس چشم بد دور
بہشت خرم و فردوس معمور

[1] بیا اے غافل از کیفیت ناز
نگاهی بر پری زادانش انداز

[2] همه جانهای بے تن کن تماشا
ندارد آب و خاک این جلوه حاشا

خس و خارش گلستانست گوئی
غبارش جوهر جانست گوئی

دریں دیرینه دیرستان نیرنگ
بهارش ایمن است از گردش رنگ

---

۱ - بنارس جو ہندوؤں کے علم الاصنام کا مرکز ہے اور جہاں کی فضا میں دیوی دیوتا گویا محو پرواز ہیں، وہاں کے نازنینوں کو پری زاد کہنا بڑے سلیقے کی بات ہے۔

۲ - جان ہائے بے تن سے مراد نازنینوں کی نزاکت بدنی ہے:
یا تنگ نہ کر ناصح ناداں مجھے اتنا
یا چل کے دکھا دے دہن ایسا کمر ایسی

بود در عرض بال افشانیِ ناز
[1]خزانش صندل پیشانیِ ناز

عبادت خانۂ ناقوسیانست
ہمانا کعبۂ ہندوستانست

بتانش را ہیولیٰ شعلۂ طور
سراپا نور ایزد[2] چشم بد دور

[3]میانہا نازک و دلہا توانا
ز نادانی بکار خویش دانا

[4]تبسم بسکہ در لب ہا طبیعیست
دہن ہا رشک گل ہاے ربیعیست

[5]اداے یک گلستان جلوہ سرشار
خرامی صد قیامت فتنہ دربار

---

۱ - ایک تو خزاں کو صندل کہنا اور پھر اس کے لیے ناز کی پیشانی مہیا کرنا ، ایسا اسلوب بیان ہے کہ تعریف نہیں ہو سکتی -

۲ - ایزد در اصل مسلک زرتشت میں فرشتے کو کہتے ہیں ، جمع ایزداں - لیکن فارسی کی ادبی روایت میں اب یہی جمع یعنی کلمہ ایزداں ، یزداں کی صورت میں مستعمل ہے اور رب نور یا رب خیر کو کہتے ہیں ، مطلقاً رب بھی مراد لیتے ہیں -

۳ - سادگی و پرکاری بے خودی و ہشیاری
حسن کو تغافل میں جرأت آزما پایا

۴ - یاد کیجیے تاثیر کا شعر :
یہ دلیل خوشدلی ہے مرے واسطے نہیں ہے
وہ دہن کہ ہے شگفتہ وہ جبیں کہ ہے کشادہ

۵ - غالب :
ترے سرو قامت سے اک قد آدم
قیامت کے فتنے کو کم دیکھتے ہیں

به لطف از موج گوهر نرم‌رو تر
بناز از خون عاشق گرم‌دو تر
ز انگیز قد انداز خرامے
بپائے گلبنے گسترده دامے
ز رنگین جلوه ها غارتگر هوش[1]
بهار بستر و نوروز آغوش
زتاب جلوهٔ خویش آتش افروز[2]
بتان بت پرست و برهمن سوز
بسامان دو عالم گلستان رنگ
ز تاب رخ چراغان لب گنگ[3]
قیامت قامتان مژگان درازان
ز مژگان بر صف دل نیزه بازان
به تن سرمایهٔ افزایش دل[4]
سراپا مژدهٔ آسایش دل

---

۱ - یہاں اتنا کہہ دینا کافی ہے کہ حسن گریز پا کی کلیت کو یا اس کے تمام روپ سروپ کو جلوہ کہتے ہیں - یہی وجہ ہے کہ اکثر اعلیٰ درجے کے فن کار حسن کی مختلف اداؤں کے پیش نظر کلمہ جلوہ کی بجائے جلوے استعمال کرتے ہیں - مثلا :

جلووں نے تیرے آگ لگا دی بہار میں

جلوے محسوس سہی آنکھ کو آزاد تو کر
قید آداب تماشا بھی تو محفل سے اٹھا

حسن کی اداؤں کے تنوع کے لیے کہا گیا ہے :

جلوہ ترا جس رنگ میں ہے ہوش ربا ہے

۲ - جیسا کہ پہلے کہا جا چکا ہے ، غالب کی پیکر تراشی میں آتش ، آب و تاب ، تپش اور نور کو بڑی اہمیت حاصل ہے -

(بقیہ حواشی اگلے صفحے پر)

(گزشته صفحے کا بقیہ حاشیہ)

۳ - عجیب و غریب تشبیہ ہے - گنگا کے کنارے سے چراغاں کا جو منظر نظر آتا ہے ، اس کا تصور کیجیے اور پھر غور کیجیے کہ یہ سب روشنی اور رنگا رنگ کی جھلمل جھلمل تاب رخسار کی یاد دلاتی ہے - ظہیر فاریابی کہتا ہے :

بتے دارم فرنگی زادہ حسنش کافرستانے
نگارستاں ، بہارستاں ، گلستاں در گلستانے

یہ مصرع بھی یاد کر لیجیے :

گلستاں لالہ زارے گشت از حسن فرنگ او

شبلی نے حسن کے مختلف رنگ گنواتے ہوئے یہ مصرع بھی نقل کیا ہے :

حسن مہتابیٔ دلدار تماشا دارد

لب گنگ سے اور بھی شعر افق ذہن پر ابھرتے ہیں - مثلاً مصحفی :

جمنا میں جب نہا کر کل اس نے بال باندھے
ہم نے بھی اپنے جی میں کیا کیا خیال باندھے

۴ - اس شعر میں کچھ اسی قسم کی کیفیت ہے کہ :

مگس کو باغ میں جانے نہ دینا
کہ ناحق خون پروانے کا ہوگا

اس شعر کے مقدمات یہ ہیں :

(۱) شہد کی مکھی باغ میں رس چوسنے کے لیے جائے گی ،
(۲) رس سے شہد کے چھتے میں موم بنے گا ،
(۳) موم سے شمع تیار ہوگی ،
(۴) پروانہ شمع پر عاشق ہے ،
(۵) پروانہ جل مرے گا -

نتیجہ : باغ میں شہد کی مکھی کو جانے نہ دینا چاہیے -

یہ تو برسبیل تفنن ہے - غالب کے شعر کے مقدمات ، تفنن اور تکلف بر طرف ، یوں ہیں :

(بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر)

(۱۰)

اس سے پہلے کہا جا چکا ہے کہ نرگس کی طرح غالب خود اپنے آپ پر عاشق ہے۔ اس نے اپنے ہی فن کے حسن کا مشاہدہ کیا اور اسی میں مگن رہا۔ تفصیل اس کی یہ ہے کہ غالب کے خیال میں اس دنیا میں فطرت نے توازن اس طرح قائم کیا ہے کہ کچھ لوگوں کو دولت بخشی ہے کہ ضامن ہنگامہ ہائے عیش و نشاط ہے، کچھ لوگوں کو جو فن کار کہلاتے ہیں، فطرت نے خیال آرائی اور سخن سرائی کی سعادت بخشی ہے کہ ان کے لیے موجب انبساط ہے۔ اردو میں بھی غالب جستہ جستہ اس توازن کی طرف اشارہ کرتا ہے اور اس حقیقت کی بھی نشان دہی کرتا ہے کہ اس کی فن کاری کا حسن بدیع النظیر ہے۔ مثلاً وہ کہتا ہے:

(بقیہ حاشیہ صفحہ گزشتہ)

(۱) محبوبوں کا بدن (اگر معیاری ہو تو) کندنی ہوتا ہے،

(۲) کندن یعنی سونے سے کشتہ بنایا جاتا ہے،

(۳) سونے کا کشتہ دل کی بیماریوں میں مفید ہوتا ہے،

(۴) محبوبوں کے کندنی رنگ کو دیکھنا دل کو سونے کا کشتہ کھلانا ہے۔

نتیجہ: یہ کشتہ کھانے سے دل کو تسکین ہوگی۔

میں نے عرض کیا تھا کہ اس شعر میں تفنن اور تکلف ہے۔ لیکن ذرا تفنن سے ہٹ کر سوچیے تو واضح ہوگا کہ بدن کے رنگ کی کتنی اچھی تصویر کشی کی ہے۔

کسی کا شعر ہے:

نور مہتاب کا دیکھا جو غبار تیری تابانیٔ تن یاد آئی

اس کی تابانی تن جیسے ہو کندن روشن
یاد ہے شعلۂ دیدار کی اس رات کا دن

وہ سحر مدعا طلبی کے نہ کام آئے
جس سحر سے سفینہ رواں ہو سراب میں

وہ نالہ دل میں خس کے برابر جگہ نہ پائے
جس نالے سے شگاف پڑے آفتاب میں

بزم شہنشاہ میں اشعار کا دفتر کھلا
رکھیو یا رب! یہ در گنجینۂ گوہر کھلا

میں چمن میں کیا گیا گویا دبستاں کھل گیا
بلبلیں سن کر مرے نالے غزل خواں ہو گئیں

سخن کیا کہہ نہیں سکتے کہ جویا ہوں جواہر کے
جگر کیا ہم نہیں رکھتے کہ کھو دیں جا کے معدن کو

لیکن حق یہ ہے کہ فارسی میں جس طرح غالب نے اپنے خیالات کا اظہار کیا ہے اور جس سلیقے سے اپنے نظریات پیش کیے ہیں، اردو کلام پر اس کی پرچھائیں بھی نہیں پڑی۔ پہلے تو اس بات پر غور کیجیے کہ غالب کو دنیا میں جو توازن نظر آتا ہے، اس کی کیا صورتیں بتائی گئی ہیں۔ وہ اپنے ایک مشہور قصیدے میں کہتا ہے:

ہست از تمیز گر بہ ہما استخواں دہد[1]
آئین دہر نیست کہ کس را زیاں دہد

مردست مرد ہرچہ کند بے خطر کند
رادست راد ہر چہ دہد رائگاں دہد

۱۔ صراحت سے کہا گیا ہے کہ قانون فطرت کے مطابق دنیا میں توازن قائم ہے۔

[1] گلزار را اگر نه ثمر گل بہم نہد
درویش را اگر نہ سحر شام نان دھد

[2] گنج سخن نہد بہ نہانخانۂ ضمیر
وانگہ کاید گنج بدست زیاں دھد

نظارۂ متاع اثر بر دکان نہد
اندیشہ را شمار گہر در نہاں دھد

[3] آنرا کہ بخت دسترس بذل مال نیست
طبع سخن رس و خرد خردہ داں دھد

[4] آنرا کہ طالع کف گنجینہ پاش نیست
نعم البدل ز خامۂ پرویں نشاں دھد

[5] رنگ از گل ست و سایہ زنخل و نوا ز مرغ
ھر جا بہار ھرچہ بود در خور آں دھد

داروز بہر زندگی آمد نہ بہر مرگ
جرم پزشک چیست اگر خستہ جاں دھد

[6] پرویز دیر یاب شہی بود ورنہ بخت
آوارہ را براہ ز شیریں نشاں دھد

[7] فرھاد زود سیر کسے بود ورنہ دھر
کام دل غریب پس از امتحاں دھد

۱، ۲ - مراد یہ ھے کہ فن کار غربت کے عالم میں بھی ھو تو اسے پروا نہیں ھوتی کہ وہ اپنی محفل خیال میں ایسی ایسی دلفریب صورتیں دیکھتا ھے جو ارباب دولت کو نظر نہیں آسکتیں۔

۳، ۴ - یہاں بات بالکل واضح ھوگئی کہ غالب قنوطی قطعاً نہیں ھے، اس کا مسلک رجائیت ھے کہ رجائیت کی پہچان ھی یہ ھے کہ انسان کو کائنات میں ایک خاص توازن دکھائی دیتا ھے جس کی بنا پر وہ زندگی کے آلام سے سمجھوتا کر لیتا ھے۔ یہاں جو بات خاص طور پر

(بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر)

صرف قصائد ھی میں نہیں غزلوں میں بھی غالب اس بات کی صراحت کرتا ھے کہ فن کار کے لیے یہی سعادت بہت ھے کہ اسے تخلیق حسن کی قوت بخشی گئی ۔ وہ اسی میں مگن رھتا ھے ۔ دنیا میں جو غم اسے پہنچتے ھیں وہ فن کار کے وجود باطنی کو متاثر نہیں کر سکتے۔ اس کی وجہ یہ ھے کہ اصلاً فن کار فن کی حسن کاری کے مشاھدے میں اتنا محو ھوتا ھے کہ معمولی حوادث اسے مضطرب نہیں کر سکتے ۔ فن کار اپنی زندگی کس طرح گزارتا ھے؟ اسے دنیا میں توازن کہاں کہاں نظر آتا ھے؟ وہ عام لوگوں سے کس طرح بے نیاز ھوتا ھے اور اپنے آپ میں کس حد تک مگن ھوتا ھے؟ ان باتوں کی طرف جیسے کہ میں پہلے کہہ چکا ھوں، غالب نے اپنے فارسی اشعار میں اشارے کیے ھیں اور کہیں کہیں وضاحت سے بھی اپنے نظریات پیش کیے ھیں ۔ ان اشعار پر غور کیجیے :

مرا دلیست بہ پس کوچہ‌ٔ گرفتاری
کشادہ روئے تر از شاھدان بازاری
بہ تنگیِ دھن دوست خاطرے دارم
کہ دل ربودہ ز دشمن بہ نغز گفتاری

(بقیہ حاشیہ صفحہ گزشتہ)

توجہ طلب ھے، وہ یہ ھے کہ غالب کو توازن خاص اس صورت میں نظر آتا ھے کہ جہاں مال و دولت نہیں ملتا ، وھاں الفاظ کے گنجینہ‌ٔ گوھریں پر فن کار کو تصرف حاصل ھوتا ھے ۔

۵- بہار یہاں فطرت کی علامت ھے جو انھیں مقررہ قوانین کے مطابق کائنات کی ھر چیز کو نعمتوں اور سعادتوں سے بہرہ یاب کرتی ھے ۔

۶- تلمیح ھے ۔ خسرو پرویز کو شیریں کے حصول میں بہت مشکلات پیش آئیں ۔ فرھاد کو آوارگی ھی میں سعادت عشق نصیب ھو گئی ۔

(بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر)

زطوطیان شکرخا مگوی و از من جوی
نشاط زمزمه و لذتِ جگر خواری

ہرچہ فلک نخواستست ہیچ کس از فلک نخواست
ظرف فقیہ می نہ جست بادۂ ما گزک نخواست

جاه[1] ز علم بیخبر علم ز جاه بے نیاز
ہم محک تو زر ندید ہم زر من محک نخواست

بحث[2] و جدل بجائے ماں میکده جوئے کاندراں
کس نفس از جمل نہ زد کس سخن از فدک نخواست

بر روئے حاسداں در دوزخ کشوده رشک
از بہر خویش جنت دربستہ ایم ما

آنکہ بے پرده بصد داغ نمایانم سوخت
دیده پوشید و گماں کرد کہ پنہانم سوخت

نہ بدر جستہ شرار و نہ بجا مانده رماد
سوختم لیک ندانم بچہ عنوانم سوخت

خود[3] را بشاهدی بپرستیم زیں سپس
در راه عشق جادۂ دیگر کنیم طرح

(بقیہ حاشیہ صفحہ گزشتہ)

